بخط استاذ جرجانی حضرت ابو عثمان مغربی کا ایک واقعہ منقول ہے، آپ فرماتے ہیں کہ ایک بار میرا ارادہ ہوا کہ کشتی میں سوار ہو کر مصر جاؤں پھر میرے دل میں یہ خیال گزرا کہ وہاں پہچان لیا جاؤں گا اور مجھے شہرت کا اندیشہ ہوا، پھر ایک کشتی گزری اور مجھے لگا کہ اس میں چلا جاؤں تو میں پانی پر چلتے ہوئے کشتی کے پاس جا پہنچا اور اندر داخل ہوا۔ کشتی میں سوار تمام لوگ اس منظر کو دیکھ رہے تھے پھر بھی کسی نے ان میں سے اسے خرق عادت ہے یا نہیں کچھ نہ کہا، لہذا میں سمجھ گیا کہ ولی مشہور ہونے کے باوجود کبھی مستور ہوتا ہے۔

ایک اور مقام پر آپ نے فرمایا کہ ولی مشہور تو ہوتا ہے مگر مفتون نہیں ہوتا ہے۔

﴿صحبت اور خدمت میں فرق﴾

حضرت ابو منصور مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ آپ حضرت ابو عثمان مغربی کی صحبت میں کتنا رہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ میں ان کی صحبت میں نہیں بلکہ ان کی خدمت میں رہا کہ صحبت دوستوں اور ہم عمروں کے ساتھ ہوتی ہے اور خدمت بزرگوں کے ساتھ ہوتی ہے۔

آپ کے ملفوظات:

(۱) آپ کے ملفوظات میں سے یہ ہے کہ آپ سے مخلوق کی حقیقت کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا کہ مخلوق ایک ایسا خاکی قالب اور پیکر ہے جس پر احکامِ قدرت جاری ہوتے ہیں۔

(۲) اور فرمایا کہ میں نے مشائخ میں کسی کو حضرت ابو یعقوب نہر جوری سے زیادہ نورانی اور حضرت ابو الحسن صائغ سے زیادہ بارعب نہ دیکھا۔ اور ایک مرتبہ ابن صائغ سے "استدلال بالشاہد علی الغائب" (خلق سے حق پر استدلال کرنا) کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ جس کے لئے امثال ہیں اس کی صفات سے اس ہستی کی صفات پر کیسے استدلال کیا جا سکتا ہے جو بے مثال ہے۔

(۳) اور حضرت ابو عبد الرحمٰن سُلمی کہتے ہیں، میں نے حضرت ابو عثمان مغربی کو فرماتے سنا کہ خوف کے صحیح معنیٰ ہیں گناہوں سے ظاہر اور باطن میں بچنا۔

(۴) نیز آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اپنے نفس کو امید پر برانگیختہ کیا وہ ناکارہ ہو گیا اور جس نے اپنے نفس کو خوف پر آمادہ کیا وہ مایوس ہو گیا۔

(۵) اور آپ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا، گویا کوئی کہنے والا مجھ سے کہہ رہا ہے کہ اے ابو عثمان! مفلسی میں خدا سے ڈرا اگرچہ تل کے برابر۔

(۶) اور آپ سے منقول ہے کہ فرمایا: عوام کا اخلاص یہ ہے کہ نفس کسی حال میں محظوظ نہ ہو اور خواص کا اخلاص یہ ہے کہ اعمال ان پر جاری ہوتے ہیں نہ کہ ان کی وجہ سے، لہٰذا طاعتیں ان سے ظاہر ہوتی ہیں اور وہ ان سے صرفِ نظر کر لیتے ہیں، نہ تو ان کی توجہ ان اعمال پر رہتی ہے نہ ان کو شمار میں لاتے ہیں۔

(۷) اور فرمایا کہ راہِ طریقت میں انسان پر جو امور لازم ہیں، ان میں سب سے بہتر یہ ہے کہ نفس کا محاسبہ کرے، ہر حال میں تصور کرے کہ خدا دیکھ رہا ہے اور علم کے ذریعے عمل کی نگرانی کرے۔

(۸) جب توبہ صادق ہوتی ہے تو خدا کی طرف رجوع لانا درست ہوتا ہے۔

(۹) اور فرمایا کہ عارف کے لیے علم کے انوار و تجلیات روشن ہو جاتے ہیں جس سے وہ عالمِ غیب کے عجائب کا مشاہدہ کرتا ہے۔

(۱۰) اور فرمایا کہ بزرگوں کی بارگاہوں اور اولیائے عظام کی صحبت میں ادب انسان کو بلند درجات اور دنیا و آخرت کی بھلائیوں سے ہم کنار کرتا ہے۔

﴿دربارۂ الوہیت خصم کا سوالِ اینیت اور اس کا مسکت جواب﴾

آپ کے خادم محمد بن محبوب کہتے ہیں کہ ایک روز حضرت ابو عثمان مغربی نے مجھ سے فرمایا کہ اے محمد! اگر تم سے کوئی کہے کہ تمہارا معبود کہاں ہے، تو کیا جواب دو گے؟ میں نے عرض کیا کہ میں کہوں گا: جہاں ازل میں تھا۔ آپ نے فرمایا کہ پھر اگر سائل کہے کہ ازل میں کہاں تھا، تو کیا جواب دو گے؟ میں نے عرض کیا کہ میں کہوں گا: جہاں اب ہے یعنی وہ اس وقت تھا کہ کوئی مکان نہ تھا تو آج بھی وہ اسی صفت پر ہے جیسا اس وقت تھا۔ یہ سن کر آپ مجھ سے اتنے راضی ہوئے کہ اپنی چادر مبارک اتار کر مجھے عنایت فرمائی۔

﴿دربارۂ الوہیت اعتقادِ جہت سے رجوع﴾

شیخ عبداللہ یافعی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عارف باللہ شیخ کبیر حضرت ابو عثمان مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی، آپ فرماتے ہیں کہ میں اللہ تعالیٰ کے لیے شمہ بھر جہت کا اعتقاد رکھتا تھا۔ پھر جب میں بغداد آیا تو میرے دل سے یہ دور ہو گیا لہذا میں نے مکہ معظمہ اپنے اصحاب کو لکھا کہ میں از سر نو مسلمان ہوا ہوں۔

(۲) حضرت شیخ ابو مدین مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کی افضلیت﴾

نیز امام یافعی فرماتے ہیں کہ بعض مشائخِ یمن حضور پر نور سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نسبت رکھتے ہیں اور بعض مشائخ شیخِ کبیر عارفِ شہیر حضرت ابو مدین مغربی قُدِّسَ سِرُّہٗ سے نسبت رکھتے ہیں، یہ (شیخ ابو مدین مغربی) شیخِ مغرب ہیں اور اول یعنی حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ شیخِ مشرق ہیں۔ آپ کے مناقب جلیہ کا یہ عالم ہے کہ گلوں کی پتیاں انہیں سمو نہیں سکتی ہیں نہ چمن کی ٹہنیاں انہیں تمام و کمال لکھ سکتی ہیں، اور مراتب رفیعہ کا یہ حال ہے کہ لگتا ہی نہیں کہ سرداران عرفا ان پر مطلع ہوں گے اور واصلین کے طریقے ان کا احاطہ کریں گے۔ اگر قلم آپ کے مراتب و مناقب لکھنے لگیں تو یقینا قاصر ہو جائیں اور انگلیاں انہیں حیطۂ تحریر میں لانا چاہیں تو کوتاہ دست ہو جائیں لیکن یہاں اس کان کے محض ایک نمونہ اور اس بحرِ بے کراں کے صرف ایک قطرہ کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ شیخ جلیل حضرت ابو مدین شعیب دَکّاکی مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے، وہ فرماتے ہیں کہ ایک بار میری حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ میں نے ان سے اپنے ہم عصر مشائخ مغرب و مشرق اور حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ وہ صدیقین کے پیشوا ہیں، عارفین پر حجت ہیں، روحِ معرفت ہیں اور اولیائے کرام میں ان کی شان نہایت عظیم ہے اور میں انہی کے ایما پر مراتبِ اولیا میں تصرف کرتا ہوں۔

﴿شیخ احمد گنج بخش مغربی پر فیضانِ غوثیت﴾

بندۂ بے مایہ احمد اسحاق مغربی عرض پرداز ہے ﴿اللہ تعالیٰ اپنی عنایات سے اس کی مدد فرمائے﴾ میں نے ماہ ربیع الآخر ۸۳۸ھ کی ساتویں شب میں ایک خواب دیکھا کہ ایک بزرگ قبلہ کی سمت سے میرے پاس تشریف لائے، ان کے ایک ہاتھ میں کلاہ اور دوسرے ہاتھ میں عمامہ تھا۔ میں نے عرض کیا کہ کون بزرگ ہیں؟ فرمایا کہ شیخ عبد القادر جیلانی۔ پھر انہوں نے مجھے کلاہ عنایت کی جسے میں نے اپنے سر پر رکھا بعدہ انہوں نے عمامہ کا ایک سرا میرے ہاتھ میں دیا اور دوسرا سرا اپنے دست مبارک میں تھاما تو میں نے عمامہ مکمل اپنے سر پر باندھا پھر میری آنکھ کھل گئی تو میں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔ مگر مجھے اس خواب کے بارے میں تشویش لاحق تھی، ایک روز میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا ایک بزرگ فقیہ میری رہائش گاہ کے قریب دروازہ پر نماز پڑھ رہے ہیں، مجھے لگا کہ وہ گھر میں آئیں گے کہ میری آنکھ کھل گئی تو دروازہ بند تھا۔ میں نے دروازہ کھولا تو واقعی وہ اسی طرح نماز پڑھ رہے تھے، اب مجھے یقین ہو گیا کہ خواب کے لیے تاثیر ہوتی ہے۔

﴿حضرت ابو بکر ابن ہُوارا کی خواب میں خرقہ پوشی﴾

مشائخ کرام سے خواب کے جو واقعات وارد ہیں، ان میں ایک یہ ہے کہ حضرت شیخ ابو بکر بن ہُوارا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی زیارت ہوئی تو عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! میری خرقہ پوشی فرمائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابن ہوارا! میں تمہارا نبی ہوں اور حضرت ابو بکر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تمہارے شیخ ہیں پھر ارشاد فرمایا کہ ابو بکر! اپنے ہم نام ابن ہُوارا کی خرقہ پوشی کرو جیسا کہ تم اس پر مامور ہو۔ یہ سن کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں چادر اور کلاہ پہنائی اور اپنا دست مبارک ان کے سر پر پھیرا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا فرمائے۔ پھر ان کی آنکھ کھل گئی اور ان کے سر پر مسّے تھے مگر اب وہ نظر نہیں آرہے تھے۔

﴿حضرت علی ابن وہب کی خواب میں کلاہ پوشی﴾

از آنجملہ یہ واقعہ بھی ہے کہ شیخ کبیر عارف باللہ حضرت علی ابن وہب سنجاری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ

میں نے خواب میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا، انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ اے علی! تمہیں یہ کلاہ پہنانے کا مجھے حکم ہوا ہے۔ یہ فرما کر انہوں نے اپنی آستین سے کلاہ نکال کر میرے سر پر رکھی پھر میری آنکھ کھل گئی۔

﴿حضرت ابو محمد صالح دَکّاکی اور حضور غوثیت مآب﴾

شیخ جلیل حضرت ابو محمد صالح دَکّاکی مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ مجھ سے سیدی شیخ ابو مدین قُدِّسَ سِرُّہٗ نے فرمایا کہ بغداد کا سفر کرو اور حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں حاضری دو تاکہ تمہیں فقر کی تعلیم دیں۔ یہ سن کر میں نے بغداد کے لیے رختِ سفر باندھا اور جب میں نے ان کا دیدار کیا تو ایک ایسی ذات کو دیکھا جس سے زیادہ پر ہیبت اور بارعب بزرگ میری آنکھوں نے کبھی نہیں دیکھا۔ انہوں نے مجھے خلوت میں تین چلے کرائے پھر آکر فرمایا کہ صالح! اس طرف دیکھو اور قبلہ کی جانب اشارہ فرمایا۔ میں نے عرض کیا: جی! ارشاد فرمایا: کیا دیکھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ کعبہ۔ پھر فرمایا کہ ادھر دیکھو اور مغرب کی طرف اشارہ فرمایا۔ میں نے عرض کیا کہ جی! فرمایا: کیا دیکھتے ہو؟ میں نے عرض کیا: شیخ ابو مدین۔ فرمایا: کہاں جانا چاہتے ہو وہاں یا یہاں؟ میں نے عرض کیا کہ شیخ ابو مدین کے پاس۔ فرمایا: ایک قدم میں جانا ہے؟ یا جیسے آئے تھے؟ میں نے عرض کیا: بلکہ جیسے آیا تھا۔ فرمایا: اس میں زیادہ کمال ہے۔ پھر فرمایا: صالح! اگر تم فقر کے طالب ہو تو جب تک اس کے زینہ پر قدم نہ رکھو کبھی اسے نہیں پاسکتے اور فقر کا زینہ توحید ہے اور مدارِ توحید یہ ہے کہ چشم باطن میں ابھرنے والے تمام حوادث کو محو کر دو۔ میں نے عرض کیا: حضور! اس وصف میں میری دست گیری فرمائیں، تو انہوں نے مجھے ایک نظر دیکھا اور میرے دل سے خواہشات کے جذبات ایسے چھٹ گئے جیسے دن کے جلوہ افروز ہونے سے تاریکی چھٹ جاتی ہے اور ہنوز میں اس نگاہ سے فیضیاب ہوتا ہوں۔

﴿باغ میں بے موسم کے انگور﴾

شیخ ابو مدین شعیب دَکّاکی مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مناقب میں ہے کہ شیخ کبیر مشہور عارف ربانی حضرت ابو محمد صالح دَکّاکی مغربی جو مرشدی فقیہ ابو العباس احمد بن قریش تِلِمسانی کے استاذ اور مرشد ہیں،

فرماتے ہیں کہ چند لوگ مشرق سے شیخ کبیر حضرت ابو مدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں وارد ہوئے اور عرض کیا کہ ہمیں انگور کی خواہش ہے، اس وقت مغرب میں انگور کا موسم نہیں تھا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا: صالح! باغ میں جاؤاور وہاں سے انگور لے کر آؤ۔ میں نے عرض کیا: بندہ نواز! ابھی ابھی میں باغ سے آیا ہوں، اس میں انگور رہے ہی نہیں۔ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! تم ضرور وہاں انگور پاؤ گے۔ یہ سن کر میں باغ میں گیا تو میں نے انگور سے لدی ہوئی بیلیں پائیں گویا کہ وہ انگوروں کی بہتات اور فراوانی کے زمانے میں ہوں اور بخدا کچھ دیر قبل میں وہاں سے آیا تھا تو انگور کا ایک دانہ بھی دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ میں نے بہت ساری بیلیں اٹھالیں اور لیکر حاضر خدمت ہوا تو وہ لوگ کھانے لگے اور میں بھی ان کے ہمراہ انگور کھانے لگا تو محسوس ہوا کہ وہ عجم کے نہیں تھے۔ پھر انہوں نے کہا کہ سچ مچ ہمیں انگور کھانے کی خواہش تھی اور ہمیں معلوم تھا کہ مغرب میں بجز آپ کے اور کوئی ہمیں اس سے سیر نہ کرے گا۔

﴿مچھلی کا منہ میں انگوٹھی لاکر دینا﴾

شیخ جلیل سلیمان بن عبدالوہاب مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ شیخ ابو مدین مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک روز ساحل پر بیٹھے وضو کر رہے تھے اور آپ کی انگشت مبارک میں انگوٹھی تھی، وہ پانی میں گر گئی تو آپ نے عرض کیا کہ پروردگارا! مجھے اپنی انگوٹھی چاہیے، فوراً ایک مچھلی منہ میں انگوٹھی لیے نمودار ہوئی اور آپ نے اسے لے لیا۔

﴿شکستہ توشہ دان کا درست ہو جانا﴾

ایک مرتبہ آپ سیر کر رہے تھے، دست مبارک میں توشہ دان تھا اور اس میں بھیگے سَتُّو تھے کہ توشہ دان آپ کے ہاتھ سے گر کر ٹوٹ گیا اور اس کے کئی ٹکڑے ہو گئے اور سَتُّو زمین پر بکھر گئے، آپ رک گئے اور عرض کیا: پروردگارا! مجھے توشہ دان چاہیے، اتنا کہنا تھا کہ توشہ دان بالکل درست ہو گیا اور اس میں سَتُّو بھی موجود تھے۔

﴿کر بھلا، ہو بھلا﴾

حضرت شیخ ابو مدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ میں کسی پہاڑ میں ایک تنگنائے سے گزر رہا تھا جو پہاڑ سے بالکل سٹا ہوا تھا اور وہ ایک ہی راہ گزر کی گنجائش رکھتا تھا کہ ناگہاں میں نے ایک شیر کو آتے ہوئے دیکھا، نہ اس کے لیے کوئی چارہ تھا نہ میرے لیے کیونکہ اس تنگنائے میں واپسی ممکن نہ تھی، میں نے دل میں کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے یہ نہ فرمایا: ﴿فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَه﴾ یعنی کہ جو ایک ذرہ بھر بھلائی کرے اسے دیکھے گا۔ اور میں اس وقت اسی ارشاد پر عمل کروں، یہ سوچ کر میں نے اپنے ہاتھوں کو پہاڑ کے کنارے پر رکھا اور شکم کو راستہ سے جدا رکھا اور پیر کی انگلیوں کا سر اراستہ کے سرے پر رکھا تو وہ بمشقت میرے اور پہاڑ کے بیچ سے گزر سکا۔ میرے دل نے کہا کہ اس نے تجھے دیکھا نہیں، فوراً اس نے اپنا سر میری طرف کیا اور زور زور سے چنگھاڑنے لگا۔ میں نے کہا! کیوں نہیں! یقیناً تو نے مجھے دیکھا ہے۔ اب بسلامت گزر جا۔

﴿محفل وعظ کا سماں﴾

شیخ جلیل عارف حق آگاہ ابو اسحاق ابراہیم بن شیخ فاضل ابو العباس احمد بن محمد انصاری تِلِمسانی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ میں نے اپنے شیخ حضرت ابو مدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک محفل میں وعظ کرتے ہوئے سنا اور محفل پُر انوار، پُر بہار، پُر وقار، پُر شکوہ اور شرفا و اولیا سے بھری ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ فقیہ ابو القاسم عبد الرحمن بن محمد حضرمی رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ شیخ فاضل وعظ گو ابو العباس احمد بن سلامہ قرشی تِلِمسانی، شیخ ابو اسحاق ابراہیم بن احمد بن علی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں زیارت کی غرض سے حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میرے لیے دعا فرمائیے۔ تو انہوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے نفس کی جائے حرص دکھائے حالانکہ ابو العباس بہت داد و دہش کرنے والے اور فیاض طبیعت تھے۔ ابو العباس وہاں سے لوٹے اور سوچنے لگے کہ اگر شیخ مجھ میں حرص نہ جانتے تو یہ نہ فرماتے پھر وہ بال مونڈانے کے لیے نائی کی دکان پر آ کر بیٹھے، جب نائی بال مونڈ کر فارغ ہوا تو ایک شخص سو دینار لے کر ان کے پاس آیا، ابو العباس نے وہ سب نائی کو دیدیئے اور کہا کہ یہ دیکھو! سو دینار ہیں تو نائی نے کہا کہ یہی وہ مقام حرص ہے جو تم سے

شیخ ابو اسحاق نے فرمایا تھا۔ یہ سن کر ابو العباس کہنے لگے کہ مجھے حرص کے بارے میں بتاؤ۔ نائی نے کہا: صوفیہ کے نزدیک حرص یہ ہے کہ دانگ اور سو دینار میں فرق کیا جائے، اگر تمہارے دل میں حرص نہ ہوتی تو شیخ ابو اسحاق تمہیں اس پر متنبہ نہ کرتے۔ ابو القاسم کہتے ہیں کہ وہ اپنے گھر آئے اور کامل ایک سال تک اس طرح خانہ نشیں رہے کہ نہ کسی سے گفتگو کرتے اور نہ بجز نماز جمعہ کے باہر نکلتے پھر لوگوں نے ان کے دروازے پر جمع ہو کر درخواست کی کہ انہیں وعظ و نصیحت فرمائیں مگر وہ نہ مانے، جب لوگ ان کے درپے ہوئے تو وہ نکلے اور گھر میں بیری کے درخت کے پاس آئے جہاں چڑیاں تھیں۔ جب چڑیوں نے انہیں دیکھا تو اڑ گئیں، یہ دیکھ کر وہ اپنے ارادے سے باز آ گئے اور فرمایا کہ اگر میں تمہیں وعظ و نصیحت کرنے کا اہل ہوتا تو یہ پرند مجھ سے بھاگتے نہیں کیونکہ جس کے دل میں خوف الہی بس جاتا ہے اس سے ہر چیز بے خوف ہو جاتی ہے، پھر وہ اپنے گھر کی طرف لوٹ گئے اور سال بھر خلوت نشین رہے پھر نکلے تو چڑیاں اڑیں نہیں۔ اب انہوں نے لوگوں کو وعظ و نصیحت شروع کی۔ راوی (ابو اسحاق کے والد) کہتے ہیں: ابھی شیخ ابو مدین نے اپنی گفتگو مکمل نہ فرمائی تھی کہ کچھ چڑیاں آئیں اور ارد گرد منڈلا کر پھر آپ کے پاس آ رکیں، یہ دیکھ کر آپ وجد میں آ گئے اور یہ اشعار گنگنانے لگے۔

(۱) اس شخص کا درد و کرب جسے گوناگوں بیماریاں ہیں اور اس کا خوف وہراس جس سے تقاضا کیا جائے اور اس کی دہشت جس کے پاس ناگہاں آیا جائے اور اس کا غم واندوہ جو شکستہ دل ہے۔

(۲) اور اس کا سوز جو مشتاق ہے اور اس کی آہ وفغاں جو بے خود اور شیفتہ ہے اور اس بیمار کی لغزش جس کا کوئی طبیب نہیں۔

(۳) اور اس کی فکر جو گردش کرنے والا ہے اور اس غواص کی دانائی جو نیند کی لذت سے بہرہ ور نہیں ہوتا ہے

(۴) مجھے اس دل پر درد و کرب ہوا جسے حوادث شوق نے اس قدر سرگرداں کر دیا کہ وہ ذلیل ہو کر رہ گیا جیسے کوئی غریب الوطن ہو۔

(۵) وہ گریہ وزاری کرنے لگا پھر ہمیں مغموم کر دیا اور وہ اس محبت کو چھپاتا ہے جو عاشق کے دل میں

جاگزیں اور پنہاں ہو گئی۔

ابو اسحاق کہتے ہیں کہ میرے والد نے کہا کہ مجمع میں طوفان برپا ہو گیا اور اہل محفل میں کہرام مچ گیا اور ان پرندوں میں سے ایک پرندہ اپنے پروں کو پھڑپڑا تا رہا حتی کہ گر کر مر گیا اور حاضرین میں سے بھی ایک شخص نے دم توڑ دیا۔

﴿ابدال و عارفین کا تقابل اور توحید کی حقیقت﴾

شیخ صالح ابی عبد اللہ محمد بن حجاج مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ مرشدی شیخ ابو مدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی محفل میں فرمایا: تمام ابدال عارفین کے قبضے میں ہوتے ہیں کیونکہ بدل کی سلطنت آسمان سے زمین تک ہوتی ہے اور عارف کی حکومت عرش الٰہی سے تحت الثریٰ تک ہوتی ہے۔ اور عارفین کے بالمقابل ابدال کے مناقب ایسے ہیں جیسے خیرہ کن بجلی کا صرف پل بھر چمکنا اور مقامِ معرفت بارگاہِ ربوبیت کا قرب طلب کرنے اور قدسی مجالس کی نزدیکی چاہنے کا نام ہے۔ پھر فرمایا کہ توحید وہ سر ہے جو کونین کو محیط ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ جب رات ہوئی تو مجھے کشف کے ذریعہ دکھایا گیا کہ میں شیخ ابو مدین، شیخ ابو حامد غزالی، شیخ ابو طالب مکی، شیخ بایزید بسطامی، شیخ ابو عبد الرحمن سُلَمی اور صوفیا وابدال کی ایک جماعت کے جلو میں ہوں۔ انہوں نے شیخ ابو مدین سے کہا کہ ہمیں توحید کے متعلق اپنے باطن کی حقیقت سے آگاہ کرو۔ آپ نے فرمایا کہ میرا باطن بحر الٰہی سے حاصل کردہ اسرار کو سربستہ رکھے ہوئے ہے جن کا نااہلوں پر افشا غیر مناسب ہے کیوں کہ اشارہ ان کی کیفیت بیان کرنے سے قاصر ہے، لہٰذا غیرت خداوندی کو یہی منظور ہوا کہ انہیں سربستہ رکھا جائے۔ یہ وہ اسرار ہیں جو موجودات کو محیط ہیں، ان کا وہی ادراک کر سکتا ہے جس نے راہ مولیٰ میں اپنے وطن کو خیر آباد کر دیا ہے یا جو عالم حقیقت میں اپنے باطن کے ذریعہ موجود ہے اور عالم ملکوت کی فضاؤں میں پرواز کرتے ہوئے حیات جاودانی میں کروٹیں لیتا ہے اور اسماو صفات الٰہیہ سے متصف ہو کر اور مشاہدہ ذات میں فنا ہو کر عالم جبروت کے سراپردوں میں سیر کرتا ہے۔ یہاں میرا قرار، میرا وطن، میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور میرا مسکن ہے اور حق تعالیٰ میرے لیے ہر چیز سے کافی ہے چنانچہ اس نے میرے سراپا میں قضاو قدر کے عجائب کو نمایاں فرمایا اور حفظ و

امان اور توفیق کی توجہ مجھ پر فرمائی اور تحقیق کے سربستہ رازوں کو میرے لیے منکشف کر دیا، لہذا میری زندگی توحید سے قائم ہے اور میرے اشارات تفرید کی طرف ہوتے ہیں اور میری روح علم غیب میں راسخ ہے۔ میرا مولا فرماتا ہے: اے شعیب! ہر دن میرے بندوں پر نوبہ نو ہے اور ہمارے یہاں مزید رکھا ہے۔ یہ سن کر سب نے کہا: اے ابو مدین! اللہ تعالیٰ تمہارے انوار اور بڑھائے۔

﴿مناقب ومحاسن﴾

شیخ امام عبد اللہ یافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیخ ابو مدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکابر مشائخ عارفین، سرداران مقربین اور اجلۂ محققین سے تھے۔ پسندیدہ احوال، بلند مقامات، خرق عادت کرامات، انفاس حقہ، بلند عزائم، برکات کثیرہ، فتح عظیم، روشن کشف، عمدہ خوبیوں اور بے پایاں دادودہش کے مالک تھے۔ تمکین میں راسخ قدم، تصرف نافذ فی الوجود میں بلند پایہ، فضل وکمال کے بلند وبالا مقامات تک پیش قدمی کرنے میں ید طولیٰ، شراب وصال کے جام سے بھی شیریں چشمہ، خورشیدِ انوار کی نمود گاہ اوراسرار ورموز کے آبشار کا سرچشمہ تھے۔ جن کے فضائل وکمالات کا چرچا کرتے ہوئے قافلے آفاق عالم میں رواں اور جن کی بزرگی پر سب متفق ویک زباں ہیں اور جن کی مہک اکنافِ عالم میں پھیلی ہوئی ہے۔ اور بھی آپ کے اس قدر مناقب ہیں جن کو بالاستیعاب شمار کرنے سے مداحوں کی تعداد قاصر رہے گی۔

﴿فصاحتِ لسان﴾

شیخ کبیر مشور عارف ربانی ابو عبد اللہ قرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے شیخ ابو مدین سے شرف ملاقات حاصل کیا، شیخ کلام فصیح کے مالک اور عالی ہمت بزرگ تھے۔ میں ان کے یہاں رہا، ان کی مجلسِ وعظ میں حاضر ہوتا اور ان کے ملفوظات سنتا۔

آپ کے ملفوظات:

(۱) حضرت شیخ ابو مدین شعیب مغربی رضی اللہ عنہ کے ملفوظات میں سے یہ ہے کہ مقربین اپنے قرب پر نازاں ہیں اور اہل محبت اپنی محبت میں سزائیں پاتے ہیں۔

(۲) اور جو خلق خدا کو وعظ و نصیحت کرنے کے لیے نکلے قبل اس سے کہ کوئی حقیقت اسے اس طرف داعی ہو تو وہ مبتلائے فتنہ ہو گا۔

(۳) اور جسے تو خدا کے ساتھ کسی حال کا دعویدار دیکھے حالانکہ ظاہراً اس پر کوئی دلیل نہیں ہے تو ایسے شخص سے چوکنّا رہ۔

(۴) اور جب حق کا ظہور ہوتا ہے تو اس کے ساتھ اس کا غیر باقی نہیں رہتا ہے۔

(۵) اور دل کے لیے ایک ہی مرکزِ توجہ ہوتا ہے، لہذا جس طرف وہ اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے اس کے ماسوا سے اس کے لیے روک کر دی جاتی ہے۔

(۶) اور جب خوف دل میں جاگزیں ہوتا ہے تو وہ مراقبہ کا باعث ہوتا ہے۔

(۷) اور جس کے لیے عبودیت متحقق ہوتی ہے وہ اپنے افعال کو بنظر ریا اور اپنے احوال کو بنگاہ دعوی اور اپنے اقوال کو بچشم افترا دیکھتا ہے۔

(۸) اور جس پر حظوظِ نفس کا تھوڑا سا اثر بھی باقی ہے وہ خالص حریت تک نہ پہنچے گا۔

(۹) اور آپ کے ملفوظات میں یہ بھی ہے کہ تو اس پر دھیان رکھ کہ خدا تجھے دیکھ رہا ہے اور اپنے مشاہدے پر دھیان نہ رکھ۔

(۱۰) فقر توحید کی علامت اور تجرید کی دلیل ہے، اور فقر یہ ہے کہ تو اس کے سوا کسی اور کا مشاہدہ نہ کرے، اور فقر نور ہے تاوقتیکہ تو اسے مخفی رکھے، جب تو اسے ظاہر کرے گا تو اس کا نور زائل ہو جائے گا۔

(۱۱) اور جسے دینے سے زیادہ لینا پسند ہو، وہ بوئے فقر نہ پائے گا۔

(۱۲) اور اخلاص یہ ہے کہ مشاہدۂ حق میں مخلوق تجھ سے روپوش ہو جائے۔

(۱۳) اور جس نے کسی سے شناسائی حاصل کی اسے خدائے وحدہ کی معرفت حاصل نہیں ہوئی۔

(۱۴) اور حق تعالیٰ سے نہ کوئی باعتبار علم و قدرت کے جدا ہے، نہ باعتبار ذات و صفات کے متصل ہے۔

(۱۵) اور جسے معرفت کے قابل نہیں سمجھا جاتا ہے، اسے اعمال کی نگرانی میں مشغول رکھا جاتا ہے۔

(۱۶) اور جو بارگاہِ حق سے سنتا ہے وہ اسی کی جانب سے پہنچاتا ہے۔

(۱۷) اور شہید اپنی مرادیں دیکھتا ہے تو شاد شاد ہوتا ہے اور میت اپنے اعمال کو دیکھتا ہے تو مضطرب اور بے قرار ہوتا ہے کہ اِسے قبول ورد کا خوف دلایا جاتا ہے اور اُسے اللہ کی رحمت اور خوشنودی کا مزدہ سنا کر مشرف کیا جاتا ہے۔

(۱۸) اور فرماتے ہیں کہ حق قِدَم وربوبیت کے ذریعہ خلق سے ممتاز ہے جیسا کہ خلق اس سے حدوث وعبدیت سے ممتاز ہے۔

(۱۹) اور فرماتے ہیں کہ اخلاص یہ ہے کہ نفس کے لیے جاننا، فرشتے کے لیے لکھنا، شیطان کے لیے بہکانا اور خواہش نفس کے لیے لبھانا تک مخفی رہے۔ اور فقر فخر ہے، علم غنیمت ہے، خموشی نجات ہے، مایوسی راحت ہے، قناعت دولت ہے، زہد عافیت ہے، حق تعالیٰ کو فراموش کرنا خیانت ہے اور اس سے غفلت دناءت ہے، اس کے ساتھ حضوری جنت ہے اور اس سے غَیبت دوزخ ہے، اس کا قرب لذت ہے اور اس سے دوری حسرت ہے، اس سے الفت زندگی ہے اور اس سے وحشت موت ہے اور گمنامی بندے پر نعمت ہے، اگر وہ یہ جانتا تو ضرور اس کی قدر کرتا۔

(۲۰) اور صحتِ توبہ سے قبل ارادت کی طلب غفلت ہے۔

(۲۱) اور جو کسی واصل کی راہ کاٹے تو وہ خود کاٹ کر رکھ دیا جائے گا، اور جو قربِ الٰہی میں محو رہنے والے کو اس سے مشغول رکھے تو اسے اللہ تعالی کی ناراضگی آلے گی۔

(۲۲) اور کم اعمال واحوال والا یا فرمایا کہ اعمال واحوال میں لاپرواہی برتنے والا قرب الٰہی کی صلاحیت نہیں رکھتا ہے۔

﴿بارگاہ الٰہی میں مناجات﴾

آپ یہ دعا کرتے کہ خدایا! بے شک علم تیرے پاس ہے اور مجھ سے روپوش ہے اور میں کسی چیز کو نہیں جانتا ہوں کہ اسے اپنے لیے اختیار کر سکوں اور میں نے اپنا معاملہ تیرے حوالے کر دیا ہے اور میں نے

اپنے فقر و فاقہ کی وجہ سے تجھ سے امید باندھی ہے تو خدایا! مجھے اس کام کی رہنمائی فرما جو تجھے سب سے زیادہ محبوب، تیری بارگاہ میں سب سے پسندیدہ اور اچھے انجام والا ہے کہ تو جو چاہے کرے اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔

﴿حمدِ الٰہی﴾

آپ کے چند اشعار یہ ہیں:

(۱) اے وہ ذات جو برتر و بالا ہے تو اس پر ظاہر ہیں جو چھپی ہوئی چیزیں ہیں اور جو نمناک مٹی کے نیچے ہے حالاں کہ رات کی تاریکی دراز ہے۔

(۲) تو ہی چارہ ساز ہے جس کے لیے راہیں تنگ ہو گئیں اور تو ہی اس کا رہنما ہے جسے تمام تدبیروں نے سرگرداں کر دیا۔

(۳) بے شک ہم نے امیدیں باندھے تیرا قصد کیا اور ہر ایک رنج والم میں نالہ و فریاد کرتے اور آہ و زاری کرتے ہوئے تجھے پکارتا ہے۔

(۴) اگر تو درگزر فرمائے تو تُو فضل و کرم فرمانے والا ہے اور گرفت فرمائے تو تُو ہی عدل فرمانے والا حاکم ہے۔

﴿مژدۂ جاں فزا﴾

آپ کے خطاب میں سے یہ بھی ہے کہ فرمایا: مجھے میرے رب عزوجل نے اپنے حضور کھڑا کر کے فرمایا کہ شعیب! تمہارے داہنے کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ پروردگارا! تیری عطا، فرمایا کہ تمہارے بائیں کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ پروردگارا! تیری قضا، فرمایا کہ اے شعیب! میں نے تمہارے لیے اُسے دُگنی کر دیا اور اِسے بخش دیا۔ مژدہ ہو اس کے لیے جس نے تمہیں دیکھا یا تمہارے دیکھنے والے کو دیکھا۔

﴿منظوم خراج در شان شیخ ابی مدین﴾

جن اشعار میں آپ کی مدحت کی گئی ہے ان میں مغرب کے بعض علمائے صالحین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا ایک یہ قصیدہ ہے:

(۱) سچ مچ ہمارے لیے ہدایت کے آثار نمودار ہوئے تو اس خورشیدِ دین کی بدولت ہمارا مغرب روشن ہو گیا۔

(۲) اور وہاں کی ہر چیز منور ہو گئی جو لب بام تھی اور نور سعادت نے آفاقِ عالم کو پر کر دیا۔

(۳) یہ وہ مقدس جماعت ہے کہ ان کا دور والا ہمنشیں بھی نامراد نہیں ہوتا ہے، بھلا جو ان کے قرب سے بہرہ ور ہو، کیا وہ ناکام رہے گا؟

(۴) اے ابو مدین! تمہارے دین کے حضور ایک گروہ نے اپنی گردنیں خم کیں تو تم نے ان سے پیار و محبت سے دوستی کی اور نرمی سے انہیں قریب کیا۔

(۵) تیرے لیے اللہ کی حفظ و امان رہے اے وہ آفتاب جس کی ضوفشانی سے دین تاریک اور بے نور ہو جانے کے بعد پھر روشن و تابناک ہو گیا۔

(۶) تم نے ایسے دلوں کو جل تھل کر دیا جو بارہا پیاس سے نڈھال ہو چکے تھے تو تم نے ان پر بارانِ ہدایت کی بوچھار کی۔

(۷) ان میں جو بے جان تھے تم نے ان سب میں جان پیدا کر دی اور جو عروج کے قابل نہ تھے ان سب کو عروج عطا کیا۔

(۸) اور انہیں ہر قسم کی جہالت و تاریکی سے نکالا تو جب بھی تاریک رات چھائی تم برق نما روشن ہوئے۔

(۹) اور انہیں توکل کی پناہ گاہ میں لے گئے تو وہ پراگندہ ہونے لگے پھر زبردست ذات نے مضبوط بندش کے ذریعہ انہیں تھام لیا۔

(۱۰) اے شعیب! تم نے علم کے ذریعہ ہمارے دلوں کو جل تھل کر دیا تو تمہارا اسم گرامی شعب القلوب (یعنی دلوں کی وادی) سے بنا ہے۔

یہ اس قصیدے کے دس اشعار ہیں، انہیں پر میں اکتفا کرتا ہوں۔

﴿مقام ومرتبہ﴾

شیخ کبیر عارف ربانی ابوالحجاج اَقْصُرِی رحمۃ اللہ علیہ سے بسند متصل مروی ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے شیخ ابو محمد عبدالرزاق مغربی کو فرماتے سنا کہ ابوالعباس حضرت خضر علیہ السلام سے میری ملاقات ۵۸۰ھ میں مغرب کے بیابانوں میں ہوئی۔ میں نے ان سے اپنے شیخ حضرت ابو مدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ وہ اس دور میں صدیقین کے پیشوا ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں ان اسرار کی کنجیاں عنایت فرمائیں ہیں جنہیں قدسی حجابات کے ذریعہ سربستہ رکھا گیا ہے۔ اس دور میں ان سے بڑھ کر رسولوں کے اسرار کا جامع کوئی نہیں ہے۔ عبدالرزاق کہتے ہیں کہ اس واقعہ کے کچھ ہی عرصہ کے بعد شیخ ابو مدین کا وصال ہو گیا۔

﴿حضور غوث اعظم کی افضلیت مطلقہ﴾

حضرت خضر علیہ السلام کا ارشاد جملہ معاصرین پر ان کی فضیلت و تفوق کی نشاندہی کرتا ہے اور شک نہیں کہ یہ ارشاد حضور پرنور سیدنا وسندنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے بعد کا ہے کیوں کہ حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ۵۶۰ھ میں ہوا ہے اور آپ اولیائے دوراں سے مطلقاً افضل تھے اور بعض اجلۂ مشائخ رحمہم اللہ نے فرمایا ہے کہ حضرت ابو مدین اپنے وصال سے قبل قطبیت کے منصب پر فائز ہوئے تھے۔

(۳)امیر المؤمنین یعقوب منصور مُوَحِّدی:

﴿یعقوب کی توبہ﴾

مروی ہے کہ شہنشاہِ مغرب حضرت یعقوب رحمۃ اللہ علیہ کو اپنے باطن میں کچھ خوشنما آثار دکھائی دیے اور چند ایسے قلبی واردات محسوس ہونے لگے جو مریدوں کے احوال سے تھے اور وجہ اس کی یہ تھی کہ انہوں نے ناحق ایک شخص کو موت کے گھاٹ اتار دیا پھر انہیں اس پر سخت ندامت ہوئی جو ان کے لیے توبہ کا باعث ہوئی، ایسی توبہ جس سے ان کے قلب میں عمدہ احوال ظاہر ہوئے اور جس کے نتیجہ میں ان کے باطن میں

ایک نامعلوم سی تبدیلی واقع ہوئی۔ انہوں نے ایک دایہ سے ان احوال کا شکوہ کیا تو اس نے کہا کہ یہ مریدوں کے احوال ہیں، بادشاہ نے کہا: بھلا میں اپنے باطن کے ساتھ کیا شغل رکھوں اور کون میری تشخیص کرے گا اور میرا مُدَاوَا ہو گا؟ دایہ نے کہا کہ شیخ ابو مدین جو اولیائے زمانہ کے مقتدا ہیں، یہ سن کر یعقوب نے حضرت ابو مدین کو پیغام بھیجا کہ بادشاہ نے آپ کو فوراً طلب کیا ہے اور آپ کے دامن میں آنا چاہتا ہے۔ لہذا یہ اس بات کا مقتضی ہوا کہ آپ اس کے بلاوے کو منظور فرمائیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہم طاعت سلطانی سے اطاعت الٰہی بجالائیں گے اور میں اس کے پاس نہ پہونچ سکوں گا بلکہ "تِلِمسان" میں میرا وصال ہو جائے گا۔ اور شیخ اس وقت "بِجَایہ" میں تھے ،جب "تِلِمسان" پہنچے تو یعقوب کے پیادوں سے فرمایا کہ اپنے امیر کو میرا اسلام پیش کرنا اور کہنا کہ تمہاری شفایابی شیخ ابو العباس مَرینی کے ہاتھوں پر رکھی گئی ہے اور انہیں کے ہاتھوں تمہیں فائدہ پہونچے گا اور حضرت شیخ ابو مدین رضی اللہ تعالی عنہ کا "تِلِمسان" میں وصال ہو گیا۔ قاصدوں نے بادشاہ کے پاس جا کر شیخ ابو مدین کی وہ تمام باتیں بتائیں جو انہوں نے اس کے لیے وصیت فرمائی تھی۔ بادشاہ نے شیخ ابو العباس مرینی کی فوری طلبی کے لیے ہر طرف ہرکارے روانہ کیے حتی کہ انہوں نے آپ کو پالیا اور آپ کی طلبی کے بارے میں بتایا۔ آپ بارگاہ الٰہی سے بادشاہ کے ساتھ یکجا ہونے کا اذن پاکر دربار شاہی میں تشریف لے گیے اور بادشاہ سے ملے۔ وہ بے حد خوش ہوا پھر اس نے حکم دیا کہ ایک مرغ ذبح کیا جائے اور دوسرے مرغ کا گلا گھونٹ دیا جائے اور دونوں کو علیحدہ علیحدہ پکایا جائے۔ پھر بادشاہ نے دونوں کو شیخ کے آگے رکھا اور عرض کیا کہ کھانا تناول فرمائیں۔ شیخ ابو العباس نے دونوں کو دیکھا اور خادم سے فرمایا کہ مخنوقہ (گلا گھونٹ دی جانے والی مرغی) کو اٹھالو اور فرمایا کہ یہ مردار ہے اور دوسرے کو تناول فرمایا۔ یہ دیکھ کر بادشاہ نے ان کے آگے خود سپردگی کر لی اور ان کی غلامی اختیار کر لی اور ان کے ہاتھوں پر اسے کامیابی ملی اور سلطنت کو خیر آباد کر کے اپنے شہزادے کو سونپ دیا اور شیخ ابو العباس ہی کے ساتھ شغل رکھا حتی کہ اس کا قدم شیخ ابو العباس کی برکت اور شیخ ابو مدین کی نشاندہی کی بدولت ولایت میں راسخ ہو گیا۔ اللہ تعالی ان سب سے راضی ہو اور ہمیں ان سے مستفیض فرمائے۔

﴿یعقوب کی کرامت﴾

یعقوب کا ایک ماجرا یہ ہوا کہ لوگوں کو بارش کی سخت حاجت تھی تو حضرت ابو العباس نے ان سے بیرون شہر نکلنے کے بعد فرمایا کہ نماز پڑھو اور مسلمانوں کے لئے بارش کی دعا کرو۔ انہوں نے عرض کیا کہ بندہ نواز! آپ اس کے زیادہ مستحق اور سزاوار ہیں۔ شیخ نے فرمایا کہ مجھے یہی حکم ہوا ہے پھر انہوں نے نماز پڑھ کر دعا کی، ابھی دعا ختم ہی ہوئی تھی کہ بارش ہونے لگی۔

(۴) حضرت شیخ ابو یعزیٰ امغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿اللہ والے جس کے لیے جو چاہیں کر دیں﴾

شیخ جلیل ابو محمد صالح دکّالی مغربی سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے شیخ حضرت ابو مدین قُدِّسَ سِرُّہٗ کو ان کے مرشدِ گرامی و پیشوائے مکرم حضرت ابو یعزیٰ امغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مناقب میں فرماتے سنا کہ مغرب میں قحط سالی کے ایام میں ہمارا ایک مصاحب شیخ ابو یعزیٰ امغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا کہ میری ایک زمین ہے جس کی کاشت کاری سے میری اور میرے اہل وعیال کی گزر بسر ہوتی ہے مگر اس میں سوکھا پڑ گیا ہے۔ یہ سن کر شیخ اٹھے اور اس کے ساتھ کھیت میں تشریف لائے اور اس میں چلنے لگے اور ایک نکیلی لکڑی لے کر اس سے کھیت کی چوحدی پوچھتے جاتے، وہ کہتا جارہا تھا کہ یہاں اور یہاں تک۔ ہوتے ہوتے آخری کونے پر پہنچے تو خاص اس زمین پر اس قدر بارش ہوئی کہ وہ بالکل جل تھل ہو گئی اور بارش وہاں سے آگے نہ ہوئی اور اس کے سوا آس پاس کی کسی زمین میں زراعت نہ ہوئی۔

﴿درند و پرند کے فریادرس﴾

نامی گرامی عارف ربانی شیخ ابو مدین مشکور قُدِّسَ سِرُّہٗ سے مروی ہے کہ جن دنوں بلادِ مغرب میں قحط پڑا تھا؛ میں شیخ ابو یعزیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صحرا میں اس شان سے تشریف فرما تھے کہ ارد گرد شیر وغیرہ بہت سے درندے اکٹھے تھے اور کوئی کسی کو گزند نہیں پہنچا رہا تھا اور سرہانے بکثرت پرندے تھے کہ ایک درندہ نے آگے بڑھ کر آواز لگائی گویا وہ آپ سے کچھ کہہ رہا ہو تو شیخ اس سے فرماتے ہیں

کہ تیرا رزق فلاں ہے اور فلاں جگہ پر ہے جسے سن کر وہ آپ کے سامنے سے چلا جاتا ہے حتی کہ اسی طرح آخر تک تمام وحوش وطیور آتے رہے۔ جب ان میں سے ایک بھی باقی نہ رہا تب میں نے عرض کیا کہ بندہ نواز! یہ کیا ماجرا ہے؟ فرمایا: شعیب! یہ وحوش وطیور اس قحط سالی میں مجھ سے شدید بھوک کی شکایت کرنے کے لیے اکٹھا ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے کہ وہ میری ہمسائیگی ہی کو محبوب رکھتے ہیں اور بلاد مغرب کو چھوڑ کر کسی سرزمین میں رہنا پسند نہیں کرتے اور اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کے رزق اور اس کے اوقات ومقامات پر مطلع فرمایا ہے تو میں نے ان کو بتایا اور اب وہ اپنے اپنے رزق کے لیے نکل گئے۔

﴿جنگل کے راجا پر راج﴾

فقیہِ عابد شیخ ابو محمد عبداللہ بن محمد افریقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ شیخ ابو یعزیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابتدائے حال میں بیابانوں میں پندرہ سال اس طرح بسر کئے کہ بجز خُبّازیٰ کے دانہ کے کچھ نہ کھاتے اور شیر آپ کی پناہ لیتے اور پرندے آکر آپ کے پاس ٹھہرتے اور جب شیر گائے کا شکار کرتے یا راستہ روک لیتے تو شیخ ابو یعزیٰ آتے اور شیر کا کان پکڑ کر کھینچتے تو وہ فروتن ہو کر آپ کی اطاعت بجالاتے اور آپ فرماتے: اے خدا کے کتو! یہاں سے چلے جاؤ تو وہ چلے جاتے حتیٰ کہ ان میں کوئی پھر وہاں قطعاً نظر نہیں آتا۔ چند لکڑہارے آپ کی خدمت میں شکایت لے کر آئے کہ جس جنگل سے وہ لکڑیاں کاٹتے ہیں وہاں بہت زیادہ شیر ہیں تو آپ نے خادم سے فرمایا کہ جنگل کے کنارے پر جا کر بآواز بلند پکارو کہ اے شیرو! ابو یعزیٰ کا حکم ہے کہ یہاں سے چلے جاؤ، انہوں نے ایسا کیا تو سارے شیر جنگل سے اپنے بچوں سمیت جاتے ہوئے دکھائی دے رہے تھے حتیٰ کہ ان میں سے کوئی وہاں باقی نہ رہا اور پھر کبھی وہاں کوئی شیر دکھائی نہیں دیا۔

آپ کے ملفوظات:

(۱) شیخ ابو یعزیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ملفوظات میں ہے کہ احوال سالکین کے مالک ہوتے ہیں، لہذا ان میں تصرف کرتے ہیں اور واصلین کے مملوک ہوتے ہیں، لہذا واصلین خود ان میں متصرف ہوتے ہیں۔

(۲) اور ہر وہ حقیقت جو بندے کا نام ونشان نہ مٹائے وہ حقیقت نہیں ہے۔

(۴) نیز آپ کے ملفوظات میں ہے کہ ولی ولی نہیں ہو سکتا ہے تاوقتیکہ اس کے لیے قدم؛ مقام؛ حال؛ منازلت اور سر نہ ہو۔ قدم یہ ہے کہ تم راہ حق میں گامزن ہو جاؤ اور مقام سے مراد جس پر تمہیں تمہاری تقدیر قائم رکھے جو علم الٰہی میں سبقت کر چکی ہے اور حال یہ ہے کہ وصول کے فوائد تمہارے طالب ہوں نہ کہ سلوک کے ثمرات اور منازلت یہ ہے کہ تمہیں خالص حضوری سے بغیر حجابات کے بوصف مشاہدہ خاص کیا جائے اور سر سے مراد وہ لطائفِ ازل جو تمہیں کلی استغراق واستہلاک کے طاری ہونے اور تمہارے وجود کے لاشئ ہو جانے کے وقت ودیعت کیے جائیں۔

﴿سلسلۂ ذکرِ شیخ احمد گنج بخش مغربی﴾

سندِ ذکر بواسطۂ شیخ جلیل ابوالعباس احمد بن قریش تِلِمسانی ہمارے شیخ عالم ربانی، فاضل حقانی، گرامی مرتبت بزرگ شیخ حاجی محمد مغربی کیمی تک پہونچی۔ آپ خانۂ کعبہ کے شیدائی تھے اور انہیں چالیس حج کی توفیق ملی اور ایک سو بیس سال تک بقیدِ حیات رہے۔ ان کے دو خادم تھے جو گوناگوں علوم وفنون میں کافی درک رکھتے تھے اور ان کی حیثیت طلبہ کے جھرمٹ میں وہی تھی جو ستاروں کے درمیان مہر وماہ کی ہوتی ہے۔ ایک شیخ امام عمر خُلفی اور دوسرے شیخ امام ابو محمد بیضاوی۔ اللہ ان سب سے راضی ہو اور ہمیں ان سے فیض یاب فرمائے۔ اور ان سے مرشدی وماوائی، عارف حق آگاہ، سالک علی الاطلاق شیخ ابو اسحاق تک پہونچی۔ اللہ تعالیٰ ان کی تربت کو معطر اور شاداب رکھے۔ آپ کے فضائل پردۂ خفا سے نکل کر کافی شہرت پا چکے ہیں اور خصائل اس قدر ہیں جن کا نہ کوئی حساب ہے نہ شمار اور سنو! میں خود اور دوسرے کئی حاضرینِ بارگاہ ان کی برکتوں سے فیض یاب ہوئے جنہوں نے ان کے اوقات وحالات کو بچشم خود دیکھا۔ پھر ان سے اس بے مایہ احمد اسحاق مغربی تک یہ سند پہنچی۔ اللہ تعالیٰ اپنی عنایت سے اس کی مدد فرمائے اور اپنے کرم ورحمت سے اسے خاص فرمائے۔

(۵) شیخ ابو سلیمان مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿گدڑی میں لعل﴾

بعض مشائخ مغرب کے مناقب میں ایک روایت حضرت ابو سلیمان مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول

ہے، فرماتے ہیں کہ میں پہاڑ سے لکڑیاں لاد کر لاتا اور اس کے داموں سے اپنا گزارہ کرتا تھا اور میرا طریقہ تھا کہ اس میں احتیاط و تحری سے کام لیتا، ایک روز مجھے خواب میں مشائخِ بصرہ کی زیارت ہوئی جن میں حضرت امام حسن بصری، حضرت فرقد سبخی اور حضرت مالک بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تھے۔ میں نے ان سے اپنی حالت کے بارے میں دریافت کیا اور عرض کیا کہ آپ حضرات مسلمانوں کے پیشوا ہیں، مجھے کوئی ایسا حلال رزق بتائیں جس میں نہ اللہ تعالیٰ کے یہاں تاوان ہو نہ مخلوق کا احسان ہو، تو وہ میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے طَرَسُوس سے باہر ایک چراگاہ کی طرف لے گئے جس میں خُبّازیٰ تھی اور مجھ سے فرمایا کہ یہ ایسا حلال رزق ہے جس میں پروردگار کے یہاں نہ کوئی تاوان ہے نہ مخلوق کا احسان۔ یہ سن کر میں ایک سرائے میں رکا تین ماہ تک یہ سبزی کچی اور پکی ہوئی کھاتا رہا۔ پھر مجھے ایک خیال آیا تو میں نے کہا کہ یہ سرائے فتنہ ہے اور فوراً ہی وہاں سے باہر آگیا اور مزید تین ماہ یہی کھاتا رہا پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے پاکیزہ دل سے شاد کام فرمایا حتیٰ کہ میں کہنے لگا کہ اگر اہل جنت اس دل کے ساتھ ہوں گے تو واللہ العظیم وہ عمدہ مقام میں ہوں گے اور میں لوگوں کی باتوں سے انس نہیں رکھتا تھا، ایک روز میں کسی حوض کی طرف نکلا اور وہاں بیٹھ گیا کہ اتنے میں ایک نوجوان لَامِسُ کی طرف سے بارادۂ طَرَسُوس آتا ہوا دکھائی دیا اور میرے پاس اسی لکڑی کے دام میں سے جسے میں پہاڑ سے لایا کرتا تھا کچھ اجزا باقی تھے۔ میں نے سوچا کہ میں خُبّازیٰ پر قناعت کر کے یہ حصہ اس فقیر کو دیدوں گا کہ جب وہ طَرَسُوس میں داخل ہو تو اس سے کھانے کی اشیا خرید سکے۔ جب وہ میرے قریب آیا تو میں نے دھجی نکالنے کی غرض سے جیب میں ہاتھ ڈالا کہ یکایک فقیر نے اپنے لبوں کو جنبش دی اور کیا دیکھتا ہوں کہ میرے ارد گرد کی ساری زمین سونا بن گئی جس کی چمک ایسی تھی کہ نگاہیں خیرہ ہوئی جا رہی تھیں اور مجھ پر اس کی ہیبت طاری ہو گئی پھر وہ آگے بڑھ گیا اور میں اس کی ہیبت سے اسے سلام نہ کر سکا پھر اس کے بعد ایک دن میں نے اسے طَرَسُوس سے باہر ایک برج کے نیچے بیٹھے ہوئے دیکھا اور اس کے سامنے پانی سے بھری ہوئی ایک چھاگل تھی، میں نے اسے سلام کیا اور اس سے نصیحت کی درخواست کی تو اس نے اپنا پاؤں پھیلایا اور پانی بہانے لگا پھر کہا کہ زیادہ گفتگو نیکیاں یوں جذب کر لیتی ہے جیسے زمین نے یہ پانی جذب کر لیا۔ اٹھو اب، اتنا تمہارے لیے بس ہے۔

(٦) شیخ ابوجوال مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿عقلمند دیوانہ﴾

ابوجوال مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ میں بیت المقدس میں ایک پارسا شخص کے ہمراہ بیٹھا تھا کہ ناگہاں ایک نوجوان ہماری طرف آپہنچا اور بچے اردگرد سے اسے پتھر مارتے تھے اور اسے مجنون کہتے جارہے تھے۔ وہ مسجد میں داخل ہوا اور یہ پکار رہا تھا کہ خدایا! مجھے اس دار فانی سے راحت عطا فرما۔ میں نے اس سے کہا کہ یہ حکیمانہ کلام ہے، بھلا یہ حکمت و دانائی تمہیں کہاں سے؟ وہ کہنے لگا کہ جو خالص خدا کے لیے خدمت وعبادت کرے تو اللہ تعالیٰ اسے حکمت کی زریں باتوں کا امین بناتا ہے اور اسبابِ عصمت سے اس کی مدد فرماتا ہے اور مجھے جنون ہے نہ لغزش مستانہ بلکہ خوف واضطراب ہے۔

(٧) شیخ جَبَلہ مغربی اور شیخ رُزَیق مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہما:

﴿قرآن کی تاثیر﴾

ابوعبداللہ بن الجلّار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ مغرب میں دو بزرگ تھے، دونوں کے اصحاب و تلامذہ تھے، ان میں سے ایک کا نام جَبَلہ اور دوسرے کا رُزَیق تھا۔ ایک روز رُزَیق اپنے اصحاب کے جلو میں جَبَلہ کی زیارت کے لیے تشریف لائے۔ رُزَیق کے مصاحبین میں سے کسی نے کوئی آیت پڑھی جس پر جَبَلہ کے اصحاب میں سے ایک شخص نے چینخ ماری اور اس کی روح پرواز کرگئی۔ جب صبح ہوئی تو جَبَلہ نے رُزَیق سے کہا کہ کہاں ہے جس نے کل پڑھا تھا؟ اسے کہو کہ کوئی آیت پڑھے۔ جب اس نے پڑھا تو جَبَلہ نے ایک چینخ لگائی جس سے قاری کا انتقال ہوگیا۔ تو جَبَلہ نے کہا کہ ایک کے بدلے ایک اور پہل کرنے والا حجاباتِ ظلمت زیادہ رکھتا ہے۔

(٨) شیخ محمد بن حسن مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿ایک کمسن ولی﴾

محمد بن حسن مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوعبداللہ بن جلّا کو فرماتے سنا کہ

میری والدہ نے ایک روز میرے والد سے مچھلی کی خواہش ظاہر کی، میرے والد مجھے اپنے ساتھ بازار میں لے کر گئے اور مچھلی خرید کی اور کھڑے ہو کر حمال کا انتظار کرنے لگے پھر ان کی نظر سامنے ہی کھڑے ایک بچے پر پڑی تو بچے نے کہا کہ چچا جان! کیا آپ کو قُلی چاہیے؟ میں نے کہا کہ ہاں۔ یہ سن کر اس نے مچھلی اٹھالی اور ہم چلنے لگے پھر ہم نے اذان کی آواز سنی تو بچے نے کہا کہ اذان ہو گئی اور مجھے وضو کر کے نماز پڑھنا ہے، اگر آپ راضی ہوں تو خیر ورنہ مچھلی اٹھا لیجیے۔ اس نے مچھلی کو رکھ دیا اور نماز کے لیے چلا گیا۔ میرے والد نے کہا کہ ہمیں بدرجۂ اولی مچھلی کے بارے میں توکل رکھنا چاہیے۔ پھر ہم مسجد میں گئے اور نماز ادا کی، اور بچہ نے بھی آکر نماز ادا کی۔ جب ہم مسجد سے نکلے تو دیکھا کہ مچھلی وہیں رکھی ہے، بچہ اسے اٹھا کر ہمارے ساتھ گھر کی طرف چل دیا۔ ہم نے اپنی والدہ سے اس بات کا ذکر کیا تو انہوں نے کہا کہ اس سے کہو کہ ہمارے یہاں قیام کرے اور ساتھ میں کھانا کھائے۔ ہم نے اس سے کہا تو اس نے بتایا کہ میں روزے سے ہوں۔ ہم نے کہا کہ شام کو آنا تو بولا کہ میں روزانہ ایک ہی بار مزدوری کرتا ہوں پھر دوبارہ نہیں کرتا ہوں، میں مسجد میں جارہا ہوں اور عشا تک وہیں رہوں گا پھر تمہارے یہاں آؤں گا۔ جب شام ہوئی تو وہ آیا اور ہم اس کے ساتھ شریکِ طعام ہوئے۔ جب ہم کھانا کھا کر فارغ ہوئے تو ہم نے اسے وضو خانہ بتایا اور ہمیں لگا کہ وہ تنہائی چاہتا ہے لہذا ہم نے اسے کمرے میں تنہا چھوڑ دیا۔ جب رات کا کچھ پہر گزرا تو ہمارے قریب کی ایک لڑکی جو اپاہج تھی چلتے ہوئے آئی۔ ہم نے اس سے اس کا حال دریافت کیا تو اس نے بتایا کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی کہ پروردگارا! تجھے ہمارے مہمان کی حرمت کا واسطہ؛ مجھے عافیت عطا فرما۔ اتنا کہنا تھا کہ میں اٹھ کھڑی ہوئی۔ ابن الجلاّ کہتے ہیں کہ ہم اس بچے کی جستجو کے لیے کھڑے ہوئے تو دیکھا کہ دروازے جوں کے توں بند ہیں اور وہ موجود نہ تھا۔ یہ دیکھ کر میرے والد نے کہا کہ اولیائے کرام میں بعض عمر دراز ہوتے ہیں اور بعض کم سن بھی ہوتے ہیں۔

(۹) شیخ ابو تمیم مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿خلوت کے شرائط﴾

حضرت ابو عبد الرحمن سُلَمی فرماتے ہیں، میں نے حضرت ابو تمیم مغربی کو فرماتے سنا کہ جو صحبت پر

خلوت کو ترجیح دے تو چاہیے کہ وہ یادِ الٰہی کے سوا تمام تصورات سے اور رضائے الٰہی کے علاوہ تمام ارادوں سے دل کو خالی کرلے اور اس سے بھی کہ نفس جملہ اسباب میں اپنے حظوظ کے درپے رہے ورنہ خلوت اسے فتنہ یا مصیبت میں مبتلا کردے گی۔

(۱۰) شیخ ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿نرالی شان﴾

حضرت ابراہیم بن شیبان شاگردِ شیخ ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل مغربی کہتے ہیں کہ ہم شیخ ابو عبد اللہ کی صحبت میں رہتے تھے جب کہ ہم نوجوان تھے، شیخ ہمیں لے کر بیابانوں اور لق ودق صحراؤں کا سفر کرتے تھے اور وہ مُحرِم ہی رہتے تھے، جونہی احرام سے باہر ہوتے کہ پھر احرام باندھ لیتے نہ ان کا لباس میلا ہوتا نہ ناخن دراز ہوتے نہ بال لمبے ہوتے۔ بڑی نرالی شان کے بزرگ تھے، سالہا سال تک انسانوں کے ہاتھ کی زراعت نہیں کھائی۔ چند جڑی بوٹیاں لے کر انہی کو کھانا آپ کا معمول تھا۔ آپ کے ہمراہ ایک شیخ رہتے تھے جن کا نام حسن تھا اور ستر سال تک وہ آپ کی صحبت میں رہے۔ جب ہم میں کسی سے کوئی خطا سرزد ہو جاتی جس سے آپ کی حالت غیر ہو جاتی تو ہم انہی کے توسل سے آپ کی بارگاہ میں سفارش کراتے تا آنکہ آپ اصل حالت میں آجاتے۔

آپ کے ملفوظات:

(۱) آپ فرماتے تھے کہ افضل ترین عمل یہ ہے کہ اپنے اوقات کو مراقبات میں اور ان اعمال میں صرف کیا جائے جن میں ظاہر اور باطن کی ہم آہنگی ہو۔

(۲) اور لوگوں میں ذلیل ترین شخص وہ فقیر ہے جو کسی مالدار کی خوشامد کرے یا اس کے لیے تواضع سے پیش آئے اور سب سے معزز وہ دولتمند ہے جو فقرا کے لیے عاجزی سے پیش آئے اور ان کی حرمت کی پاس داری کرے۔

﴿بادشاہ حقیقی کے حضور حیا﴾

آپ سے منقول ہے کہ میں نے ابن ابی الحَوارِی سے اور انہوں نے حضرت ابو سلیمان دارانی سے سنا

کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی بعض کتابوں میں فرمایا: اے میرے بندے! جب تک تو مجھ سے حیا کرے گا میں لوگوں کی یاد سے تیرے عیوب محو کر دوں گا اور زمین کے خطوں کو تیرے گناہ بھلا دوں گا اور لوح محفوظ سے تیری لغزشوں کو مٹا دوں گا اور بروز قیامت تجھ سے خوب سختی کے ساتھ بازپرس نہ کروں گا۔ اور کہا گیا کہ ایک مرد صالح کو بیرونِ مسجد نماز پڑھتے دیکھ کر پوچھا گیا کہ تم مسجد میں نماز کیوں نہیں پڑھتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ مجھے خدائے تعالیٰ سے حیا آتی ہے کہ میں اس کے گھر میں داخل ہوں حالانکہ میں نے اس کی نافرمانی کی ہو۔

(۱۱) شیخ ابراہیم بن شیبان تلمیذِ ابوعبد اللہ مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿مسور اور آزمائش﴾

حضرت ابراہیم بن شیبان رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے چالیس سال تک کسی چھت کے نیچے اور بند مکان میں رات نہیں گزاری اور بسا اوقات مجھے بھر پیٹ مسور کھانے کی خواہش ہوتی مگر کبھی ایسا اتفاق نہ پڑا۔ ایک بار میں ملک شام میں تھا، میرے پاس ایک پیالہ لایا گیا جس میں مسور تھے۔ میں نے اس میں سے کچھ کھالیا اور وہاں سے نکلا کہ چند شیشیاں بطور نمونہ کے آویزاں دیکھیں اور ان شیشیوں میں کوئی چیز تھی، مجھے لگا کہ سرکہ ہے تو کسی نے کہا کہ تم کیا دیکھ رہے ہو؟ یہ شراب کے نمونے ہیں اور یہ رہے مٹکے۔ میں نے دل ہی دل میں کہا کہ ایک فرض میرے ذمہ عائد ہو گیا پھر میں شراب فروش کی دکان میں جاکر مٹکوں کو بہانے لگا اور وہ اس خیال میں تھا کہ میں بحکم شاہی بہار رہا ہوں۔ جب اسے حقیقت معلوم ہوئی تو مجھے ابن طولون کے پاس لے گیا، اس نے مجھے دو سو دُرّے لگائے اور قید خانے میں ڈال دیا، ایک طویل عرصہ تک میں قید خانے میں رہا حتی کہ حضرت ابوعبد اللہ مغربی استاذِ شہر تشریف لائے اور میری سفارش فرمائی۔ جب انہوں نے مجھے دیکھا تو فرمایا کہ تم نے کون سا جرم کیا تھا؟ میں نے عرض کیا کہ بھر پیٹ مسور اور بدلہ میں دو سو کوڑے، یہ سن کر فرمایا کہ تم تو مفت میں چھوٹ گئے۔

آپ کے ملفوظات:

(۱) آپ سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ جو شخص اعمالِ خیر سے جی چرانا اور بیکار رہنا پسند کرے تو اسے

چاہیئے کہ رخصتوں کو لازم کرلے۔

(۲) اور فرمایا کہ فنا اور بقا کا علم مخلصانہ توحید اور بندگی کی صحت پر دائر ہے اور بے ان کے جو کچھ ہے وہ مغالطہ اور بے دینی ہے۔

(۳) خدا کے نافرمان رذیل ہیں۔

(۴) اور فرمایا کہ جب خوف دل میں بس جاتا ہے تو خواہشات خاکستر ہو جاتیں ہیں اور حب دنیا دل سے نکل جاتی ہے۔

(۵) اور ابو بکر محمد بن عبد اللہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابراہیم بن شیبان رحمۃ اللہ علیہ کو فرماتے سنا کہ بزرگی تواضع میں، عزت تقویٰ میں اور آزادی قناعت میں ہے۔

اور اسی مفہوم کا شعر صوفیۂ کرام نے گنگنایا ہے۔

ترجمہ: میں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی تو خواہشات نے مجھے اپنا اسیر بنالیا اور اگر میں قناعت کرتا تو یقینا آزاد ہوتا۔

(۱۲) شیخ منصور بن خلف مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿آغاز کے بجائے انجام پر نظر﴾

حضرت منصور مغربی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ مجھ سے شیخ ابو سہل حشاب کبیر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ فقر اور ذلت، میں نے کہا نہیں بلکہ فقر اور عزت۔ پھر انہوں نے کہا کہ فقر اور پستی، میں نے کہا نہیں بلکہ فقر اور بلندی۔

﴿وسوسہ اور اس کا علاج﴾

آپ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت احمد بن عطا روذباری رحمۃ اللہ علیہ سے سنا کہ مجھے طہارت کے معاملہ میں نہایت غلو تھا اور یہ میرے لیے دشواری کا باعث تھا۔ ایک رات میں دل برداشتہ ہو گیا کہ بکثرت پانی بہایا پھر بھی اطمینان قلب حاصل نہ ہوا۔ پھر میں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ پروردگارا! میں تجھ سے معافی کا

طلب گار ہوں تو میں نے ہاتفِ غیبی کو یہ کہتے سنا کہ عفو علم میں ہے، اتنا سننا تھا کہ میرا وسوسہ زائل ہو گیا۔

﴿حضرت خضر اور ایک نوجوان﴾

آپ نے فرمایا کہ بعض صالحین نے حضرت خضر کو دیکھ کر ان سے کہا کہ آیا آپ نے اپنے سے برتر کسی کو پایا ہے ؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں ! عبد الرزاق مدینہ طیبہ میں حضور ﷺ کی احادیث بیان کر رہے تھے اور لوگ ان کے ارد گرد ہمہ تن گوش سن رہے تھے، میں نے کچھ دور ایک نوجوان کو دیکھا جو سر زانو پر رکھے ہوئے تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ یہ دیکھو؛ عبد الرزاق حدیثیں بیان کر رہے ہیں، تم کیوں نہیں سنتے ہو ؟ نوجوان نے جواب دیا کہ وہ اس سے روایت کرتے ہیں جو ان کی نگاہ سے غائب ہیں اور میں ایک لحہ کے لیے اللہ تعالیٰ سے غائب نہیں ہوں، یہ سن کر میں نے کہا کہ جو تم کہہ رہے ہو اگر ایسا ہی ہے تو بتاؤ کہ میں کون ہوں ؟ اس نے اپنا سر اٹھایا اور کہا کہ برادرم ابو العباس خضر۔ میں نے کہا کہ واقعی اللہ کے کچھ ایسے بندے بھی ہیں جنہیں میں نہیں پہچان سکا۔

(۱۳) شیخ ابو الخیر اقطع رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿عمدہ احوال کے شرائط﴾

حضرت ابو الخیر اقطع رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے ، آپ اصلاً مغربی اور ایک بلند پایہ بزرگ تھے اور صاحب کرامت و فراست تھے۔ فرماتے ہیں کہ علم و عمل میں یکسانیت، ادب ، فرائض کی ادائیگی اور نیکوں کی صحبت کو لازم کیے بغیر کوئی شخص کسی نیک حالت تک نہیں پہنچا۔

(۱۴) شیخ ابو عثمان سعید بن سلّام مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿ذوق سماع﴾

حضرت ابو عثمان سعید بن سلّام مغربی سے منقول ہے جو یگانۂ روزگار بزرگ تھے، ان کے پایہ کا کوئی اس دور میں نہ تھا اور حضرت ابو علی ابن کاتب قُدِّسَ سِرُّہٗ کی صحبت اختیار کی۔ انہوں نے بوقت وصال وصیت فرمائی کہ امام ابو بکر بن فورک رحمۃ اللہ علیہ ان کی نمازِ جنازہ پڑھائیں۔ امام ابو بکر فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابو

عثمان مغربی کے پاس ہی تھا جب ان کا دمِ واپسیں آ گیا، علی نامی ایک خرد قوال قوالی گا رہا تھا۔ جب آپ کی حالت غیر ہونے لگی تو ہم نے علی کو خاموش رہنے کا اشارہ کیا تو آپ نے اپنی آنکھیں کھولیں اور فرمایا کہ علی کچھ گاتا کیوں نہیں ہے؟ یہ دیکھ کر میں نے بعض حاضرین سے کہا کہ شیخ سے پوچھو اور کہو کہ سماع کا ذوق رکھنے والا کس طور پر سماع کرے کہ مجھے اس حالت میں ان سے پوچھنے میں حیا آتی ہے۔ انہوں نے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ اسی طور پر سنے جس طرح اسے سنایا جائے۔

(۱۵) شیخ ابوالحسن مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿نماز کی محافظت اور اہل اللہ کی شان﴾

حضرت ابوعبدالرحمن سُلَمی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے، فرماتے ہیں کہ میں نے ابوالحسن مغربی سے سنا کہ میں نے حضرت خَیرُ النَّسَّاج کی جاں کنی کے وقت جو شخص حاضر تھا اس سے آپ کے بارے میں دریافت کیا۔ اس نے بتایا کہ جب نماز مغرب کا وقت آیا تو ان پر غشی طاری ہو گئی پھر انہوں نے اپنی آنکھیں کھولیں اور گھر کے ایک گوشہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ رک جاؤ، اللہ تعالیٰ تمہیں عافیت عطا فرمائے کہ تم بھی حکم کے باندھے ہو اور میں بھی حکم کا باندھا ہوں، تمہیں جو حکم ملا ہے وہ تم سے فوت نہ ہوگا اور مجھے جو حکم ہوا ہے وہ مجھ سے فوت ہو جائے گا پھر پانی طلب فرمایا اور وضو کر کے نماز ادا فرمائی پھر آپ دراز ہو گئے اور آنکھیں بند کر لیں اور کلمۂ شہادت پڑھتے ہوئے اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ پھر خواب میں انہیں دیکھا گیا تو پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ فرمایا کہ یہ نہ پوچھ، ہاں! مجھے تمہاری دنیا کی کدورتوں سے راحت مل گئی۔

(۱۶) شیخ ابوالنجم مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿تو زندہ ہے واللہ﴾

شیخ ابوالنجم مغربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت رَقِّی سے، انہوں نے حضرت احمد بن منصور سے اور انہوں نے حضرت ابویعقوب سُوسی سے سنا کہ مکہ معظمہ میں ایک مرید آ کر مجھ سے کہنے لگا کہ مرشدی! کل ظہر کے وقت میرا انتقال ہو جائے گا۔ لہذا یہ اشرفیاں لیں، آدھی سے میری قبر کا انتظام کریں اور

آدھی سے مجھے کفن دیں۔ جب دوسرا دن ہوا تو وہ آیا اور اس نے طواف کیا پھر کچھ دور ہٹا اور اس کا انتقال ہو گیا ۔میں نے اسے غسل و کفن دے کر قبر میں اتارا تو اس نے اپنی آنکھیں کھولیں۔ میں نے کہا کہ کیا بعدِ موت بھی زندگی ہے؟ وہ عرض گزار ہوا کہ میں زندہ ہوں اور اللہ کا ہر دوست زندہ ہے۔

(۱۷) شیخ ابو اسحاق مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

﴿وقتِ رحلت کا علم﴾

بندۂ بے مایہ عرض پرداز ہے ﴿اللہ تعالیٰ اپنی عنایت سے اس کی مدد فرمائے اور اپنے کرم اور اپنی رحمت سے اسے خاص فرمائے﴾ کہ ایسا ہی واقعہ مرشدی، ملجائی وماوائی شیخ ابو اسحاق مغربی کے ساتھ پیش آیا ﴿اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت و رضوان کے دامن میں چھپائے﴾ جب ان کا وقتِ رحلت قریب آیا تو مجھ سے سنیچر کی شب میں فرمایا کہ احمد! میرے لیے قبر کھدواؤ، جب صبح ہوئی تو قبر کھدوائی گئی اور شیخ وہیں تشریف فرماتھے کہ حاکمِ کھٹو قاضی فخر الدین حاضر ہوئے اور عرض گزار ہوئے کہ شیخ! مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو شفایاب فرمائے گا۔ فرمایا کہ چپ رہو قاضی صاحب! کیا مجھے جھوٹا سمجھتے ہو؟ پھر انہیں رخصت کیا اور فرمایا کہ ہم تم سے خوش ہیں، تم بھی ہم سے خوش ہو جاؤ پھر ۱۷، شعبان المعظم ۷۸۱ھ؛ بدھ کے دن فرمایا کہ احمد! ظہر تک قبر تیار رکھنا۔ لہذا قبر تیار ہوگئی، جب دوپہر ہوئی تو مجھ سے فرمایا کہ میرے پیچھے بیٹھو تاکہ میں تمہارے سہارے بیٹھ سکوں۔ لہذا میں ان کے پس پشت بیٹھ گیا اور شیخ میرا سہارا لے کر بیٹھے پھر یا حیُّ یا قیّوم پڑھا اور آنکھیں بند کرلیں اور روحِ مبارک قفصِ عنصری سے پرواز کرگئی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۱۸) سِتُّ الملوک مغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

﴿مقدس خاتون﴾

شیخ صفی الدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مغربی خاتون کو دیکھا جس کی عظمت شان کا یہ عالم تھا کہ اولیا اور اکابر اس کی تعظیم کرتے، اسے سِتُّ الملوک کہا جاتا۔ وہ بیت المقدس کی زیارت کے لیے حاضر ہوئیں، اس وقت جلیل القدر بزرگ شیخ علی بن عُلَیس یمانی رحمۃ اللہ علیہ بھی وہیں تھے۔ شیخ علی فرماتے ہیں کہ

میں بیت المقدس میں تھا کہ یک بیک ایک نورانی رسی دیکھتا ہوں جو آسمان سے مسجد اقصی کے ایک گنبد تک تنی ہوئی تھی۔ میں اس گنبد کی جانب چلا تو اس میں یہی عورت یعنی سِتُّ الملوک کو موجود پایا اور جس نور کو میں نے دیکھا تھا وہ اسی سے متصل ہے۔ یہ دیکھ کر میں نے اس مقدس خاتون سے اُخُوّت قائم کرنے کی درخواست کی جسے اس نے منظور کیا۔ رضی اللہ تعالی عنہا

(۱۹)ایک مغربی درویش:

﴿ہزار دانوں کی تسبیح﴾

شیخِ اجل شہاب الدین سہروردی قُدِّسَ سِرُّہٗ فرماتے ہیں کہ میں نے مکہ معظمہ میں ایک مغربی درویش کو دیکھا جس کے تھیلے میں ہزار دانوں والی تسبیح رکھی تھی، انہوں نے بتایا کہ وہ روزانہ اپنے مختلف اذکار و اوراد میں اس تسبیح کو بارہ ہزار مرتبہ پڑھتے ہیں۔

﴿خاتمہ﴾

بندۂ بے مایہ عرض گزار ہے کہ اس رسالہ میں بعض مشائخِ مغرب رضی اللہ تعالی عنہم کے چند مناقب اور ملفوظات بس اس لیے درج کیے گئے کہ جو حضوریٔ قلب سے ان کا مطالعہ کرے یا ہوشِ گوش سے سنے اس کے لیے نافع ہوں کہ صالحین کے ذکر پر رحمتِ الٰہی کا نزول ہوتا ہے نیز ان کے مواعظِ حسنہ سے وہ عبرت پذیر ہو کیوں کہ ان کے نصائح باعثِ برکت ہوتے ہیں اور مغربی مشائخ کے بے شمار فضائل و مناقب ہیں اور بیشتر کتابیں ان کے تذکروں سے مالامال ہیں۔

اور ذکرِ الٰہی سے اس رسالہ کا آغاز ہوا اور اسی پر اس کو ختم کرتا ہوں اور درود نازل ہو ہمارے نبی اور ہمارے حبیب محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر اور ان کی آل پر جو نیکوکار اور عزت والے ہیں اور ان کے اصحاب پر جو کاتبینِ وحی اور عظمت والے ہیں۔ اور خوب خوب سلام ہو بشمول تیری رحمت کے، اے ارحم الراحمین۔

☆☆☆

مختصر سوانح حیات

حضرت شیخ احمد گنج بخش مغربی کھٹوی

ہندوستان میں جو سلاسل مشائخ کرام کی سعی پیہم اور انتھک کوشش سے رائج اور مشہور ہوئے مثلاً سلسلۂ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، شطاریہ، ابوالعلائیہ، وغیرہ انھی میں ایک سلسلۂ مغربیہ بھی ہے اور اسی زریں سلسلے کے ایک تابندہ گوہر سراج الصادقین، قطب الواصلین، حضرت سیدنا مخدوم شیخ احمد کھٹوی گنج بخش مغربی ہیں۔

ولادت اور نام:

آپ کا پیدائشی نام نصیر الدین اور لقب شہاب الدین، جمال الدین وغیرہ اور خطاب گنج بخش مغربی ہے۔ آپ کی ولادت ۷۳۷ھ یا۷۳۸ھ میں دہلی میں ہوئی(۱) اور حکمت الٰہی نے آپ کو "کھٹو" میں پہنچا دیا۔

---

(۱) ابوالفضل نے آئین اکبری میں لکھا ہے: "**در دہلی سال ہفتصد وسی وہفت بزاد**"یعنی آپ دہلی میں ۷۳۷ھ میں پیدا ہوئے۔ (آئین اکبری:۲/ ۲۲۰، مطبوعہ پریس، کلکتہ، ۱۸۶۹ءباہتمام ایشیاٹک سوسائٹی، بنگال) اور مولانا غلام سرور لاہوری نے خزینۃ الاصفیاء میں "شرح جلالی" اور "معارج الولایۃ" کے حوالے سے لکھا ہے: "**ولادت شیخ احمد کھتو در سال ہفتصد وسی وہشت** "یعنی شیخ احمد کی ولادت ۷۳۸ھ میں ہوئی (خزینۃ الاصفیاء: ۲/ ۳۱۹، مخزون ایشیاٹک سوسائٹی، ناشر: منشی نول کشور، لکھنو) اور شیخ احمد کے بیش تر تذکرہ نگاروں کا اس پر اتفاق ہے کہ آپ کی ولادت دہلی میں ہوئی ہے۔ صرف آصفی نے "ظفر الوالہ بمظفر وآلہ" میں اور جہاں گیر نے اپنی "توزک" میں لکھا ہے کہ شیخ احمد کی ولادت "کھٹو" میں ہوئی ہے۔ مؤخر الذکر کتاب کی عبارت اس طرح ہے: "شیخ احمد کھٹو کا مزار میرے راستے میں تھا، اس لیے پہلے وہاں جاکر فاتحہ خوانی کی۔ "کھٹو" صوبہ ناگور کا ایک قصبہ ہے جہاں شیخ احمد پیدا ہوئے تھے۔" (توزک جہاں گیری، ص: ۲۵۱- ۲۵۲؛ مطبوعہ دار الاشاعت سنگ میل، لاہور، ۲۰۱۲ء) اور" ظفر الوالہ" کی عبارت یہ ہے: "إنه قدس سره ولد بكهتو من أعمال ناكور في سنة سبع وثلثين وسبع مائة" (ظفر الوالہ بمظفر وآلہ از عبداللہ بن عمر آصفی، دفتر اول، جلد اول، ص: ۲، مطبوعہ لندن، ۱۹۱۰ء) اور اس کو آصفی نے "شرح رسالۂ مغربیہ" سے نقل کیا ہے۔ چنانچہ عبارت مذکورہ سے پہلے آصفی کے یہ الفاظ ہیں: "نقلت من شرح لأبي حامد إسماعيل بن إبراهيم على رسالة جمعها قطب العارفين مولانا شيخ الإسلام شهاب الدين أحمد صاحب سركهيج... في مولد الشيخ ووفاته وعمره ما صورته... إلخ" یعنی میں قطب العارفین

کھٹو:

راجستھان کے ضلع ناگور میں کھاٹو نام کے دو مقام ہیں جو ایک دوسرے سے ۱۴ کیلو میٹر کے فاصلے پر ہیں۔ دونوں میں امتیاز کرنے کے لیے مشرقی قصبے کو "چھوٹی کھاٹو" اور مغربی قصبے کو "بڑی کھاٹو" کہتے ہیں۔(۱) "کھاٹو" کھٹو کی جدید شکل محرف ہے۔ اس لیے کہ تمام پرانی کتابوں، فرامین اور کتبوں میں یہ نام بہ صورت "کھٹو" ملتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قدیم شکل ہے۔ "بڑی کھاٹو" کسی زمانے میں نہایت اہم مقام رہا ہے۔ اس میں بہت سی مساجد، مزارات اور پرانے آثار موجود ہیں۔ ان میں ایک قدیم مسجد سلطان شمس الدین التمش کے عہد حکومت (۱۲۱۱ء تا ۱۲۳۶ء) کی بنی ہوئی ہے اور اسی زمانے کا ایک کَتبہ بھی موجود ہے۔ سنگ مرمر کے اس کتبہ پر عربی میں "رمضان ۶۲۹ھ" تاریخ کندہ ہے۔ اس تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ابتدا میں سلطان التمش کے عہد میں کسی تالاب پر نصب کیا گیا تھا اور اس علاقہ میں چوں کہ پانی کی بہت قلت تھی اس لیے برسات کا پانی بڑے بڑے تالابوں میں محفوظ کیا جاتا تھا۔

کھٹو کو شہرت وہاں کے پتھر اور حضرت شیخ اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ (متوفی: ۷۸۱ھ) کے سبب ملی ہے جو حضرت شیخ احمد کھٹو کے پیر و مرشد ہیں اور مزید شہرت حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ کی وجہ سے ہے جن کے نام کا جز "کھٹو" ہو گیا ہے آپ کا مزار پر انوار سرکھیج (احمد آباد) میں واقع ہے مگر اپنے پیر خانے کی نسبت سے "کھٹو" کہلاتے ہیں۔

شیخ الاسلام مولانا شیخ احمد سرکھیجی کی ولادت، وصال اور عمر کو ان کی مؤلفہ کتاب کی ایک شرح سے نقل کرتا ہوں جو شیخ ابو حامد اسماعیل بن ابراہیم نے لکھی ہے۔ اور شیخ ابو حامد اسماعیل بن ابراہیم کے الفاظ اس طرح ہیں: "الشيخ الكبير الشهير بالاتفاق أحمد إسحاق المغربي صاحب الرسالة الشريفة وقد نشأ من القصبة المباركة كهتو واشتهر من دار الملك بلدة دهلي... إلخ" (شرح رسالۂ مغربیہ، ص: ۳۵۰) مگر یہ قول صحیح درست نہیں۔ صحیح یہی ہے کہ آپ کی ولادت دہلی میں ہوئی جیسا کہ بیشتر مورخین نے کہا ہے اور یہ آگے خود واضح ہو جائے گا۔

(۱) "ناگور" سے "بڑی کھاٹو" ۶۱ کیلو میٹر ہے اور "چھوٹی کھاٹو" ۷۲ کیلو میٹر ہے۔

شیخ اسحاق مغربی کی بارگاہ تک شیخ احمد کا پہنچنا:

شیخ احمد شیخ اسحاق مغربی تک کیسے پہنچے — اس میں دو مختلف روایتیں سوانح نگاروں نے ذکر کی ہیں:

حضرت شیخ محقق شاہ عبد الحق محدث دہلوی (متوفیٰ: ۱۰۵۲ھ) نے "اخبار الاخیار" میں اس طرح ذکر کیا ہے کہ

"آبائے شیخ از دہلی اند و وے نیز در اوانِ طفولیت در دہلی بود۔ چنیں گویند کہ وقتے در دہلی طوفان بادے شد و وے راہم در طفولیت کہ در میان اطفال بازی می کرد، بجائے دگر انداخت و از وطن مالوف آوارہ ساخت۔ بعد از مدتے بدست بابا اسحاق مغربی کہ درویشے کامل بود و در کھتو کہ از قُریات اجمیر جائے داشت، افتاد۔ ہم از اوان طفولیت در سایۂ تربیت و عنایت بابا اسحاق نشو و نما یافتہ بمرتبۂ کمال رسیدہ و بنعمت اجازت وخلافت وے مشرف شد۔"

یعنی شیخ احمد کے آباو اجداد دہلی کے باشندے تھے اور آپ کا بچپن بھی دہلی ہی میں گزرا تھا۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ ایک بار آپ بچپن میں لڑکوں کے ساتھ کھیل رہے تھے کہ سخت آندھی آئی جو آپ کو بھی کہیں اور لے گئی اور اپنے وطن سے دور کر دیا۔ کچھ عرصہ کے بعد آپ بابا اسحاق مغربی کے ہاتھوں آ لگے جو ایک کامل درویش تھے اور اجمیر شریف کی آبادیوں میں سے "کھٹو" میں سکونت پذیر تھے۔ بچپن ہی سے بابا اسحاق کی توجہ اور تربیت کے زیر سایہ پروان چڑھتے ہوئے آپ مرتبۂ کمال کو پہنچ گئے اور خلافت واجازت کی نعمت سے مشرف ہوئے۔

(اخبار الاخیار–فارسی، ص:۱۵۷، نوریہ رضویہ پبلشنگ، لاہور)

اور مولانا محمد غوثی نے بھی "گلزار ابرار" صفحہ ۱۴۳ پر اسی طرح لکھا ہے۔

اور حضرت مولانا محمد بن ابی القاسم جو حضرت شیخ احمد کھٹو کی صحبت میں مسلسل تیس سال رہے اور آپ کی زندگی بھر سرکھیج کی جامع مسجد کے خطیب رہے، انہوں نے آپ کے حالات زندگی پر "مرقاۃ الوصول الی اللہ والرسول" نامی ایک رسالہ تالیف کیا ہے، اسی طرح آپ کے ایک اور فیض یافتہ شیخ محمود بن سوید ایرجی

جنھوں نے اپنے شیخ کی زندگی ہی میں ان کی اجازت سے "تحفۃ المجالس" کے نام سے ان کے ملفوظات کا ایک مجموعہ تیار کیا—ان دونوں حضرات نے خود آپ کی زبان مبارک سے یہ روایت بیان کی ہے کہ

"حضرت شیخ احمد سے پہلے حضرت بابا اسحاق مغربی نے بابا قوام الدین کو متبنیٰ بنایا تھا مگر عین جوانی کی حالت میں ان کا انتقال ہو گیا جس کا بابا اسحاق مغربی کو بے حد صدمہ پہنچا تو آپ کو الہام ہوا کہ بابا قوام الدین کے عوض ایک بچہ اسی شکل و صورت کا تم کو دیا گیا۔ اسی دن سے آپ اس بچے کی تلاش میں رہے۔ اتفاقاً مولانا صدرالدین نواسۂ مولانا شہاب الدین ہمدانی ایک کام سے "دیندوانہ" جارہے تھے اور حضرت بابا اسحاق مغربی سے ملاقات کے لیے آئے۔ آپ نے فرمایا کہ فلاں شکل و صورت کا کوئی بچہ تمھیں نظر آئے تو اس کو لے کر آنا۔ جب وہ "دیندوانہ" پہنچے تو معلوم ہوا کہ نجیب جولاہے کو اس حلیہ کا ایک لڑکا "دوآبہ"[(۱)] کے قافلہ سے ہاتھ لگا ہے جو نمک لینے کے لیے "دیندوانہ" آیا ہے، وہ سیدھے نجیب جولاہے کے پاس گئے اور اس کے پاس ہو بہو اسی صورت و شکل کا لڑکا تھا جو حضرت اسحاق مغربی نے بتایا تھا۔ لہٰذا انھوں نے نجیب نساج کے پاس سے اس لڑکے کو لے لیا اور تحقیق حال کی غرض سے قافلے کے پاس گئے، تو اہل قافلہ نے کہا کہ ایک دن دہلی میں بڑے زور کی آندھی چلی جو غبار سے آلودہ تھی۔ لونڈی جو اس لڑکے کو گود میں لیے ہوئے تھی، راستہ بھول کر ہمارے قافلے میں آگئی اور ایک شخص نے اس کو تسلی دے کر مطمئن کیا پھر قافلہ وہاں سے کوچ کر کے یہاں آیا اور کنیز بھی ساتھ آئی۔ تحقیق ہو جانے پر مولانا صدرالدین اس بچے کو لے کر حضرت اسحاق مغربی کی خدمت میں آئے۔ آپ نے اسے اپنی فرزندی میں قبول کر کے پرورش کی اور اس کا نام احمد رکھا جو آگے چل کر شیخ احمد کھٹو گنج بخش مغربی سے مشہور ہوئے"۔ ملخصا.

(مرقاۃ الوصول الی اللہ والرسول، ص:۴۶ تا ۴۹، مطبوعہ اردو ساہتیہ اکیڈمی، گاندھی نگر؛ تحفۃ

---

(۱) دوآبہ ایک مقام کا نام ہے گنگا اور جمنا کے درمیان۔ چونکہ وہاں زمین کی آب پاشی ان دونوں ندیوں سے کی جاتی ہے۔ اس لیے اس مقام کو دوآبہ کہتے ہیں۔

المجالس، مجلس:۴۷، ص:۱۱۹تا۱۲۱، مطبوعہ پیر محمد شاہ لائبریری، احمد آباد)

اور صاحب "گلزار ابرار" نے اس موئخر الذکر واقعہ کا آغاز ان الفاظ سے کیا ہے کہ بعضے کہتے ہیں۔ (گلزار ابرار، ص:۱۴۴)

مگر راقم الحروف کے نزدیک دونوں روایتوں میں تضاد نہیں ہے۔ شیخ محقق کی روایت میں اختصار و اجمال اور مرقاۃ الوصول اور تحفۃ المجالس میں یہ واقعہ پوری تفصیل سے درج ہے اور کچھ باتیں جو شیخ محقق کی روایت میں تشنہ تھیں انہیں موئخر الذکر دونوں کتابوں نے واضح کر دیا ہے۔

تربیت:

جس وقت حضرت شیخ احمد حضرت بابا اسحاق کی خدمت میں پہونچے، اس وقت آپ کی صرف چار سال کی عمر تھی۔ یہاں پہنچ کر بہت ہی ناز و نعم سے پرورش پاتے رہے اور حضرت بابا اسحاق مغربی انتہائی سلیقے اور کمال خوبی سے آپ کی تعلیم و تربیت فرماتے رہے۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل واقعہ سے ظاہر ہوتا ہے:-

۷۴۶ھ میں جب کہ ابھی آپ کی عمر مبارک آٹھ یا نو سال کی تھی، مولانا عبداللہ خراسان سے ہندوستان تشریف لائے۔ انہیں کتابوں سے اس قدر شغف تھا کہ سفر میں بھی ایک دو اونٹ کتابیں ساتھ لیے پھرتے تھے۔ جب حضرت بابا اسحاق مغربی کے بارے میں انہیں اطلاع ہوئی تو ان سے ملاقات کے لیے وہ کھٹو آئے۔ چونکہ مولانا عبداللہ بالکل اچانک ہی آئے تھے اس لیے ضیافت کا کچھ اہتمام نہ تھا مجبوراً آپ نے شیخ احمد کی بکری کو ذبح کر دینا چاہا[۱] مگر شیخ احمد کے ملال کا اندیشہ تھا، اس لیے ان سے اجازت مانگی۔ شیخ احمد نے اس کم سنی کی عمر میں جواب دیا کہ مہمان کے لیے بکری کیا چیز ہے؟ خود مجھے بھی ذبح کر دو تو عذر نہ ہو گا۔

---

(۱) **اقول:** یہ بکری خود شیخ احمد کی نہیں تھی بلکہ حضرت اسحاق مغربی نے شیخ احمد کے دودھ پینے کے لیے خریدی تھی، اس لیے حضرت بابا اسحاق نے مجازاً شیخ احمد کی طرف اس بکری کی اضافت فرمائی۔

بچپن میں علمی لیاقت:

اس اخلاقی تربیت کے نمونے کے بعد اب علمی لیاقت کا بھی اندازہ کیجیے کہ مولانا عبداللہ نے جب کھانے سے فراغت پائی تو بابا اسحاق نے بلند آواز سے درویشوں کے دستور کے مطابق کہا کہ اولیا اور انبیا، عابدوں اور زاہدوں کا اس نعمت کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مولانا عبداللہ نے یہ سن کر کہا کہ بابا! پہلے انبیا پھر اولیا کہو کیوں کہ نبی کا درجہ ولی سے زیادہ ہے۔ بابا اسحاق نے شیخ احمد کو طلب کیا اور یہی اعتراض ان کے سامنے پیش کیا۔ تھوڑی دیر غور و فکر کرنے کے بعد آپ نے جواب دیا کہ ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف رجوع سے بہتر ہے۔ مولانا عبداللہ اس جواب سے اتنے خوش ہوئے کہ اٹھ کر آپ کو سینے سے لگالیا۔ یہ روایت "تحفۃ المجالس" کی ہے اور "مرقاۃ الوصول" میں یہ واقعہ اس طرح مذکور ہے کہ آپ نے فرمایا: یہ تخصیص بعد تعمیم ہے۔ چنانچہ "والعاقبۃ للمتقین والصلاۃ علی رسولہ" میں متقی کو رسول پر مقدم کیا کیونکہ متقی میں رسول داخل ہے۔ بالکل اسی طرح اولیا میں انبیا بھی داخل ہیں، اس کے بعد انبیا کا ذکر مکرر ہوا جو محض تعظیم کی غرض سے ہے۔

اس کے بعد یہ حال ہو گیا کہ جب آپ وہاں سے گزرتے تو وہ کھڑے ہو جاتے۔ بابا اسحاق نے فرمایا کہ اس بچہ کے آنے سے آپ بار بار تکلیف نہ کریں، انہوں نے کہا کہ ان کی تعظیم مجھ پر واجب ہے کیوں کہ یہ اس کے اہل ہیں اور ایک دن ان کی شہرت دنیا کے کناروں تک پہونچے گی۔

(تحفۃ المجالس، مجلس:۲، ص:۴ اور مرقاۃ الوصول، ص:۱۲۴)

شیخ احمد کی بابا اسحاق سے محبت:

جب شیخ احمد بارہ سال کے ہوئے تو حضرت شیخ اسحاق مغربی انہیں لے کر بزرگان چشتیہ کے مزارات کی زیارت کے لیے دہلی گئے۔ اتفاق سے شیخ احمد کے بھائی نے انہیں دیکھ کر پہچان لیا اور بابا اسحاق سے کہا کہ یہ تو میرا بھائی ملک نصیر الدین ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کے شانہ میں ایک قسم کا سرخ نشان ہے جس کو لَسَّن کہتے ہیں اور میرے شانہ میں بھی یہ چیز موجود ہے۔ اس نے اپنا شانہ کھول کر دکھایا تو واقعی اس کے شانہ میں بھی

وہ نشان تھا۔ پھر اس نے کہا کہ والد کے شانہ میں بھی یہی نشانی موجود ہے۔ حضرت بابا اسحاق نے فرمایا کہ یہ بچہ تم سے کس طرح جدا ہو گیا؟ تو اس نے بتایا کہ ایک دن بعد عصر دہلی میں بڑے زور کی آندھی چلی، باوجود دن ہونے کے اس قدر تاریکی تھی کہ ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا تھا۔ اس وقت یہ لڑکا بہت چھوٹا تھا اور دایہ جس کی گود میں یہ تھا وہ راستہ بھول کر گلیوں میں بھٹکتی ہوئی نہ جانے کہاں چلی گئی، دوسرے دن بہت تلاش کیا مگر نہ ملی اور ایک طویل عرصہ کے بعد آج یہ لڑکا نظر آیا ہے۔

مگر شیخ احمد نے حضرت بابا اسحاق مغربی سے جدا ہونا قبول نہ کیا اور عرض کیا کہ میرے ماں باپ تو آپ ہی ہیں، آپ کو چھوڑ کر میں اپنے گھر جاؤں تو اس صحبت بزرگانہ سے محروم ہو جاؤں گا۔

ان دنوں حضرت سیدنا مخدوم جلال الدین جہانیاں جہاں گشت قُدِّسَ سِرُّہ (متوفیٰ: ۷۸۵ھ) اوچ شریف سے دہلی میں تشریف فرما تھے اور پوری دہلی میں آپ کی ولایت کا غلغلہ اور شہرہ تھا۔ بادشاہ وقت سلطان فیروز شاہ تغلق (عہدِ حکومت: ۷۵۲ تا ۷۹۰ھ / ۱۳۵۱ تا ۱۳۸۸ء) اور دوسرے امرائے سلطنت آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ حضرت بابا اسحاق نے شیخ احمد سے فرمایا کہ اگر تم چاہو تو تمہیں حضرت مخدوم جہانیاں قُدِّسَ سِرُّہ سے بیعت کرا دوں۔ آپ نے جواب دیا کہ میں آپ کا مرید ہوں، آپ ہی میرے مخدوم ہیں، مجھے کسی جگہ بیعت کی کیا ضرورت۔ شیخ احمد کی بات سن کر حضرت بابا اسحاق مغربی بہت خوش ہوئے اور فرمایا کہ ایک وقت آئے گا کہ ہندوستان کے شہنشاہ تمہارے در پر حاضری دیا کریں گے۔

(مرقاۃ الوصول، ص:۴۹ تا ۵۱، تحفۃ المجالس، مجلس:۴۷، ص:۱۲۱ تا ۱۲۳)

ان واقعات سے جہاں شیخ احمد کی حضرت بابا اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ سے غایت محبت کا پتا چلتا ہے، وہیں یہ سراغ بھی ملتا ہے کہ آپ دہلی کے باشندے تھے اور وہاں کے امیر زادوں سے تھے۔ نیز صوفیۂ کرام کے اس ارشاد کی عملی تصویر بھی دکھائی دیتی ہے کہ "یک گیر محکم گیر" یعنی ایک کا دامن تھامو مگر مضبوطی سے تھامو۔

تعلیم:

شیخ احمد کی ابتدائی تعلیم گھر ہی میں ہوئی۔ چنانچہ میزان، پنج گنج، مصادر وغیرہ عربی زبان کی ابتدائی

کتابیں گھر ہی میں پڑھیں۔ اسی طرح علم کلام میں "عقیدۂ حافظیہ"[۱] کھٹوہی میں ایک عالم سے پڑھ کر پوری کتاب حفظ کر لی۔ واقعہ یہ ہوا کہ حضرت اسحاق مغربی کی ملاقات کے لیے ایک عالم آئے۔ آپ نے ان سے فرمایا کہ اس بچہ کو تعلیم دو۔ انہوں نے عرض کیا کہ یہ تو ابھی بچہ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اس کو مسجد کے ایک گوشہ میں لے جاؤ اور اس کے سامنے ایک مسئلہ بیان کرو اور اس کے حافظہ اور ذہانت کی آزمائش کرو۔ انہوں نے علم کلام کے ایک مسئلہ پر تقریر کی تو شیخ احمد نے ہو بہو اسی ترتیب سے اس مسئلہ کو ان کے سامنے بیان کر دیا۔ یہ دیکھ کر وہ بہت خوش ہوئے اور حضرت بابا اسحاق سے کہا کہ اس بچہ کی ذہانت دیکھ کر میرا ارادہ ہے کہ "عقیدۂ حافظیہ" کے مسائل ایک ایک کرکے اس کو پڑھاؤں پھر انہوں نے ایسا ہی کیا اور شیخ احمد کو وہ کتاب مکمل ازبر ہو گئی۔

پھر باقاعدہ تحصیل علم کے لیے آپ نے دہلی کا سفر کیا اور فیروز آباد میں ملک کمال الدین کے مکان میں چندماہ قیام فرما کر مولانا شمس الدین جیسے افاضل روزگار سے مفصل، شاشی، حسامی اور بزدوی کا درس لیا پھر وہاں سے مسجد "خانجہاں" دہلی میں آئے اور روزانہ مولانا مجد الدین محدث کے درس حدیث میں "کوشک ہزار ستوں" میں حاضر ہوتے اور رات کو بزدوی کا مطالعہ کرتے پھر حواشی دیکھتے تو معلوم ہوتا کہ جو کچھ آپ نے اپنے خداداد ذہن سے سمجھا ہے وہی حواشی میں مذکور ہے۔

غرض کہ آپ نے محنت شاقہ کرکے تمام مروجہ علوم وفنون میں مہارت پیدا کر لی خصوصاً علمِ کلام میں اس حد تک عبور حاصل کیا کہ اس کے مسائل میں مجتہدانہ گفتگو کرتے۔

---

(۱) عقیدۂ حافظیہ یا عمدۃ العقائد علم کلام کے متون معتمدہ میں سے ہے جسے امام ابو البرکات عبد اللہ بن احمد حافظ الدین نسفی (متوفی: ۷۱۰ھ) نے مرتب کیا اور بعد میں انہوں نے اس کی ایک شرح بھی لکھی جو الاعتماد فی الاعتقاد سے موسوم ہے۔ حاجی خلیفہ نے کشف الظنون میں فرمایا: "عمدة العقائد للإمام حافظ الدين عبد الله بن أحمد النسفي، وهو مختصر يحتوي على أهم قواعد علم الكلام يكفي لتصفية العقائد الإيمانية في قلوب الأنام ثم شرحه المصنف المذكور وسماه الاعتماد".(۱۱۶۸/۲)

فضل وکمال:

آپ کے تبحر علمی، وسعت مطالعہ، قوت استحضار، مناظرانہ ردو طرد، دلائل میں پختگی، حاضر جوابی، معاملہ فہمی غرضیکہ آپ کے گوناگوں فضائل وکمالات کے واقعات "مرقاۃالوصول" میں جابجا مذکور ومسطور ہیں۔ سردست اسی گلدستۂ علمی سے دوواقعات قارئین کی دلچسپی کے لیے پیش کرتاہوں۔

(۱) جب امیر تیمور لنگ (عہدِ حکومت: ۱۳۷۰ء تا ۱۴۰۵ء) نے ۸۰۱ھ میں دہلی پر حملہ کیا اور اس کو تباہ وبرباد کر دیا تو اس کو امر بالمعروف کرنے کے لیے شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہٗ سمرقند تک گئے۔ اس وقت آپ کے فضل وکمال کا وہاں خوب شہرہ ہوا، اسی دوران یہ واقعہ پیش آیا کہ شیخ عبد الاول نواسۂ صاحب ہدایہ [1] علامہ

---

(۱) **اقول:** شیخ عبد الاول صاحب ہدایہ کے نواسہ نہیں ہیں بلکہ ان کے پوتوں میں پانچویں پشت پر آتے ہیں۔ الفوائد البَہِیّۃ فی تراجم الحنفیۃ میں ہے: "عبد الأول بن برهان الدين علي بن عماد الدين بن جلال الدين محمد بن زين الدين عبد الرحيم بن عماد الدين صاحب "الهداية" علي بن أبي بكر فقيه متقن محدّث مفسر جامع بين أشتات العلوم، تفقه على السيد جلال الدين الكُرْلاني، وروي عنه الهداية معنعنًا إلى جده الأعلى صاحب "الهداية" وأخذ عنه شمس الدين القريمي وكتب له إجازة سنة ٨١٤ . (ص:۱۱۰) پھر راقم الحروف کو کتب خانہ پیر محمد شاہ، احمد آباد میں "شجرۂ حضرت مخدوم شیخ احمد" کے نام سے ایک عربی مخطوطہ دستیاب ہوا جس میں حضرت شیخ احمد کھٹو نے شجرۂ مغربیہ اور دورانِ اسفار جن جن مشائخ سے ملاقات ہوئی ان سب کو قلمبند فرمایا ہے، اسی میں سفر سمرقند اور وہاں شیخ عبد الاول سے ملاقات کا بھی تذکرہ فرمایا ہے اور انہیں صاحب ہدایہ کے پوتوں میں گنایا ہے۔ حصول برکت کے لیے وہ عبارت پیش کرتاہوں: "ومنها ما كان نحو خراسان عام 801 موافقة لأسارىٰ دار الـمُلك وفِكاكهم من الأتراك الظلمة، فإذا دخلت خطة "هراة" وهي موطن الأعاظم والسَراة صحبت شيخ المشائخ شهاب الدين الخياواني كرمه الله بلطفه الرحماني، وكان هو شيخ خراسان في ذلك الزمان، ثم رحت إلى سمرقند فوجدت أكثر أهلها مغتما بنهب الهند، وكان فيه يومئذ خلفاء شيخ الشيوخ شهاب الحق والشرع والدين، وصحبت الشيخ الإمام الأجل الشيخ عبد الأول والشيخ الإمام المتين الشيخ حسام الدين خصهما الله بالعناية وكانا من أحفاد صاحب الهداية، وأخبراني أنهما في المحل الرابع من

برہان الدین مرغینانی (متوفیٰ:۵۵۳ھ) نے شیخ احمد کی ملاقات والیٔ سمرقندر سلطان محمد بہادر سے کرائی جو امیر تیمور کا پوتا تھا اور اسے بتایا کہ شیخ دہلی کے بہت بڑے محقق اور عالم ہیں۔ سلطان نے آپ کا امتحان لینے کے لیے سمرقند کے تمام علما کو جمع کیا۔ سلطان اور شیخ احمد دونوں تخت نشین تھے۔ ایک عالم آکر آپ کی بائیں جانب کھڑا ہو گیا، اسی وقت فریادی آیا کہ سلطان! فلاں کے گھوڑے نے میرے باغ میں گھس کر بہت نقصان کیا۔ سلطان نے حکم دیا کہ اس کا نقصان گھوڑے کے مالک سے دلایا جائے۔ فوراً آپ نے حدیث سنائی کہ ایک گھڑی کا انصاف ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔[۱] اس عالم نے سوال کیا کہ کس کی عبادت سے؟ آپ نے برجستہ جواب دیا کہ اس کی اپنی عبادت سے۔ یہ سن کر اس نے ترکی زبان میں سلطان محمد سے کہا کہ اس ملک میں کوئی عالم ان کے برابر نہیں، حضرت شیخ بڑے جید عالم ہیں۔

(مرقاۃالوصول، ص:۲۳۱اور ۲۳۲)

حضرت شیخ احمد کا حدیث بیان کرنے سے مقصد یہ تھا کہ علی الاطلاق گھوڑے کے مالک سے کھیت کی نقصانی کو وصول کرنے کا حکم دینا درست نہیں بلکہ اسے طلب کر کے معاملہ کی اصل نوعیت کو معلوم کرنا چاہیے، اگر بینۂ عادلہ (شہادت شرعیہ) سے گھوڑے کے مالک کی تعدی ثابت ہو جائے تو اس پر نقصانی کی مقدار تاوان لیا جائے اور اگر اس کی تعدی ثابت نہ ہو تو وہ کھیت کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

سلسلة النور الساطع لخلفاء شيخ الشيوخ شهاب الحق والشرع والدين السهروردي تغمده بغفرانه بلطفه الأبدي". (شجرۂ مخدوم شیخ احمد، ص:۶ اور ۷)

(۱) اس حدیث کو دیلمی نے کتاب الفردوس میں حضرت عمر سے، امام ابو القاسم اصفہانی نے ترغیب وترہیب میں اور امام ابو نعیم نے فضیلۃ العادلین میں پھر ان سے امام منذری نے اپنی ترغیب حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا، واللفظ للمنذری: "قال رسول الله ﷺ: عدل ساعة خير من عبادة ستين سنة، قيام ليلها وصيام نهارها، وجورها ساعة في حكم أشد وأعظم من معصية ستين سنة"۔ امام سخاوی نے "تخریج احادیث العادلین" میں اس حدیث کو تمام سندوں اور اختلاف الفاظ کے ساتھ مفصل ذکر کیا ہے۔

چنانچہ فقہ حنفی کی مشہور کتاب ردالمحتار معروف بہ "شامی" میں ہے۔

"الأصل أن المتسبب ضامن إذا كان متعديا و إلا لا يضمن".

یعنی قاعدہ یہ ہے کہ متسبب اس وقت ضمان ادا کرے گا جب وہ تعدی کرے ورنہ وہ ضامن نہ ہوگا۔ (ردالمحتار: ۱۰ / ۲۷۲)

اور وہ عالم آپ کے کہنے کا مطلب اور منشا سمجھ گیا اور الٹے آپ ہی کو اپنی بات میں الجھانا چاہا مگر شیخ احمد نے برجستہ ان کا جواب دے کر انہیں ساکت ولاجواب کر دیا۔

(۲) سمرقند کی جامع مسجد میں جمعہ کے دن آپ سیاہ عمامہ باندھ کر نماز جمعہ کے لیے تشریف لے گئے حالاں کہ وہاں مغل سلاطین کی طرف سے سیاہ لباس پہننے پر پابندی تھی کیونکہ وہ لوگ سیاہ کو نامبارک سمجھتے تھے اور شیخ احمد اس سے واقف نہ تھے۔ لہذا ایک شخص نے آپ سے کہا کہ مغل سیاہ کو منحوس سمجھتے ہیں، ابھی سلطان بہادر آئے گا اور سیاہ دستار دیکھ کر اسے ناگوار خاطر گزرے گا۔ میرا عمامہ سفید ہے، آپ اسے باندھ لیں تاکہ اس کے شر سے محفوظ رہیں مگر حضرت شیخ احمد نے اس کی کوئی پروانہ کی۔ اسی درمیان سلطان بہادر آگیا، تمام اہل مسجد کھڑے ہو گئے مگر آپ بدستور اپنی جگہ پر بیٹھے رہے اور حدیث سنائی کہ حضور نے فرمایا: "خدا کے گھر میں میری تعظیم نہ کرو"[1] سلطان بہادر نے آپ کو قریب بلا کر پوچھا کہ کالا عمامہ کیوں باندھا؟ آپ نے فرمایا کہ حدیث پاک میں ہے کہ "سیاہ پہننا سنت ہے"۔ یہ سن کر سلطان خاموش ہو گیا پھر نماز جمعہ کے بعد سارے علما جمع ہو گئے اور اس حدیث کے متعلق آپ سے گفتگو کرنے لگے۔ آپ نے فرمایا کہ تم لوگ اپنے درمیان سے ایک عالم کو منتخب کرو جو مجھ سے بحث کرے۔ سب نے اتفاق رائے سے "شیخ ابو سعید لغوی" کا انتخاب کیا۔

---

(۱) حضرت علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "موضوعات کبیر" میں پھر علامہ عجلونی نے "کشف الخفاء" میں اس حدیث کے تعلق سے فرمایا: "حدیث: «لا تعظموني في المسجد» لا يعرف له أصل "یعنی یہ حدیث جو لوگوں میں مشہور ہے کہ مسجد میں میری تعظیم نہ کرو، اس کی کچھ اصل معلوم نہیں ہوتی ہے۔ (موضوعات کبیر، حدیث نمبر: ۵۸۸ اور کشف الخفاء، حدیث نمبر: ۳۰۴۹)

انہوں نے گفتگو شروع کرتے ہوئے کہا کہ روایت میں آیا ہے کہ استاذ کی تعظیم جائز ہے تو پھر آپ جیسے بزرگوں کی تعظیم کے لیے کیوں نہ اٹھیں۔ آپ نے جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ نے باوجود اپنی عظمت خود اپنے لیے اس سے منع فرمایا تو پھر دوسرے کس شمار میں ہیں؟ ایک شخص نے کہا کہ یہ اٹھنا دفع شر کے لیے ہے۔ آپ نے برجستہ جواب دیا کہ اے نادان! ایسی جگہ کیوں بیٹھے ہو جہاں تم کو شر سے واسطہ پڑے؟[1] پھر ان حضرات نے

---

(۱) جمہور سلف وخلف کا مذہب یہی ہے کہ کسی کی آمد کے وقت تعظیما اٹھنا جائز ہے بلکہ فقہائے احناف اور کچھ دیگر علما کے نزدیک مستحب ہے جب کہ آنے والا اس کا مستحق ہو مثلاً سلطان اسلام (عادل) ہو یا عالم دین ہو یا اس کھڑے ہونے والے کا استاد عالم دین ہو۔ در مختار اور شامی میں ہے: "(يجوز بل يندب القيام تعظيما للقادم كما يجوز القيام ولو للقارئ بين يدي العالم) أي إن كان ممن يستحق التعظيم. قال في القنية: قيام الجالس في المسجد لمن دخل عليه تعظيما وقيام قارئ القرآن لمن يجيء تعظيما لا يكره إذا كان ممن يستحق التعظيم". خلاصۂ عبارت یہ ہے کہ جو شخص مسجد میں بیٹھا ہے یوں ہی جو قرآن شریف پڑھ رہا ہے وہ اگر کسی آنے والے کی تعظیم کے لیے قیام کرے تو یہ نہ صرف جائز بلکہ مستحب ہے جب کہ وہ آنے والا لائق تعظیم ہو۔ (درمختار اور رد المحتار: ۹/ ۵۵۱) حاشیۂ طحطاوی علی مراقی الفلاح اور تقریرات الرافعی میں ہے، واللفظ للأول: "القيام لغيره ليس بمكروه لعينه إنما المكروه محبة القيام من الذي يقام له فإن لم يحب وقاموا له لا يكره لهم يعني جميعا". یعنی غیر اللہ کے لیے قیام کرنا فی نفسہ مکروہ نہیں ہے۔ البتہ جس کے لیے قیام کیا جائے اس کا اپنے لیے قیام کو پسند کرنا مکروہ ہے۔ لہٰذا اگر وہ اپنے قیام کا خواہش مند نہیں اور پھر لوگ اس کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوں تو یہ مکروہ نہیں ہے۔ (حاشیۂ طحطاوی علی مراقی الفلاح: ۳۲۰) اور علامہ طحطاوی حاشیۂ درمختار میں فرماتے ہیں: "قال الشرنبلالي: اختلفوا فيه فمنهم من منع ذلك، ومنهم من أباحه، ومنهم من فصل على ما قاله قاضي خان: قوم يقرءون القرآن أو واحد فدخل عليه واحد من الأشراف، قالوا: إن دخل عليه عالم أو أبوه أو أستاذه جاز أن يقوم لأجله وفيما سوى ذلك لا يجوز.اه. وفي مجمع الفتاوى للأنطاكي: قيام القارئ جائز إذا جاء أعلم منه أو أستاذه الذي علمه القرآن أو المعلم أو أبوه أو أمه ولا يجوز القيام لغيرهم وإن كان الجائي من الأجلة والأشراف". ملخصا. خلاصۂ عبارت یہ ہے کہ علامہ شرنبلالی نے فرمایا کہ قیام تعظیمی میں علما مختلف ہوئے، کچھ ممانعت کے قائل ہیں، کچھ اباحت کا قول کرتے ہیں اور بعض نے تفصیل کی کہ اگر ایک یا چند اشخاص قرآن پڑھتے ہوں اور کوئی معزز شخص آیا، اگر وہ عالم دین یا اس کے والدین میں سے کوئی ہے یا اس کا استاذ علم دین اور معلم یا اس

سے علم میں بڑا ہے تو اس کے لیے قیام کرنا روا ہے ورنہ جائز نہیں۔ (طحطاوی علی الدر:۴/۱۹۳) اور امام خطابی فرماتے ہیں: "إن قیام المرءوس للرئیس الفاضل والإمام العادل والمتعلم للعالم مستحب وإنما یکره لمن کان بغیر هذه الصفات" یعنی رعایا کا حاکمِ والا اور عادل بادشاہ کے لیے اور طالب علم کا عالم کے لیے کھڑا ہونا مستحب ہے۔ البتہ بغیر ان اوصاف کے کسی کے لیے قیام کرنا مکروہ ہے۔ (فتح الباری:۱۱/۵۹، عمدۃ القاری:۱۵/۳۷۶) اور سیدنا امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أما القیام للداخل إذا کان من أهل الفضل والخیر فلیس من هذا بل هو جائز قد جاءت به أحادیث وأطبق علیه السلف والخلف." یعنی آنے والے کے لیے کھڑا ہونا جب کہ وہ صاحب فضل وشرف ہو تو ممنوع نہیں بلکہ یہ جائز ہے جسکے جواز پر کئی احادیث وارد ہیں اور (جمہور) سلف وخلف کا اس پر اجماع ہے۔ (شرح صحیح مسلم:۱/۱۷۷) یونہی اگر کھڑے نہ ہونے سے فتنہ کا اندیشہ ہو تو اس حالت میں بھی کھڑا ہونا جائز ہے۔ "شامی" میں "ابن وہبان" سے ہے:" أقول: في عصرنا ینبغي أن یستحب ذلك أي القیام لما یورث ترکه من الحقد والبغضاء والعداوة لا سیما إذا کان في مکان اعتید فیه القیام." یعنی میں کہتا ہوں کہ اس دور میں قیام مستحب ہونا چاہیے کہ اس کا ترک کینہ اور بغض وعداوت کا باعث ہو گا خصوصا جہاں اس کا رواج ہو۔ (در مختار اور رد المحتار:۹/۵۵۱)

اس لیے شیخ احمد نے جو کیا وہ بھی درست ہے اور علمائے سمرقند نے جو کیا وہ بھی درست ہے کیوں کہ تاتاری سلاطین کے دامن لاکھوں بے قصوروں کے قتل وخوں ریزی سے رنگین تھے اور ان کے ہاتھوں نے ظلم وبربریت کی ایک داستان رقم کی تھی جس کی وجہ سے یہ درندہ صفت لوگ قطعا تعظیم کے قابل نہ تھے لہذا شیخ احمد نے اصل حکم پر عمل کرتے ہوئے سلطان بہادر کی تعظیم کے لیے قیام نہ کیا مگر کھڑا نہ ہونے میں خوں ریزی وفساد کا غالب اندیشہ تھا، اس لیے علمائے سمرقند بوجہ رخصت ودفع شر کے سلطان کے آنے پر کھڑے ہو گئے۔

رہ گیا حضرت شیخ احمد کا یہ فرمانا کہ حضور ﷺ نے اپنے لیے اس سے منع فرمایا تو اس پر عرض ہے کہ کتب احادیث کا مطالعہ کرنے سے ایسی حدیثیں بھی ملتی ہیں جن میں صحابۂ کرام کا حضور ﷺ کے لئے قیام تعظیمی کرنا ثابت ہے بلکہ خود حضور ﷺ کا دوسروں کے اعزاز واکرام میں قیام فرمانا بھی ثابت ہے۔ چنانچہ سیدنا امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے "مشکل الآثار" میں اور امام نسائی اور امام ابو داؤد نے اپنی اپنی سنن میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا: واللفظ للطحاوی:"کنا نقعد مع رسول الله ﷺ بالغدوات، فإذا قام إلی بیته لم نزل قیاما حتی یدخل بیته" یعنی ہم صبح کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھتے، جب حضور ﷺ کاشانۂ اقدس میں جانے کے لیے کھڑے ہوتے تو ہم کھڑے ہو جاتے اور اس وقت تک کھڑے رہتے کہ حضور ﷺ اپنے دولت سرائے اقدس میں داخل ہو جائیں نیز ابو داؤد، ترمذی، صحیح ابن حبان، مستدرک اور الادب المفرد میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے: واللفظ

للآخر "كان رسول الله إذا رأى فاطمة قد أقبلت رحب بها ثم قام إليها فقبلها ثم أخذ بيدها فجاء بها حتى يجلسها في مكانه وكانت إذا أتاها النبي ﷺ رحبت به ثم قامت إليه فقبلته". یعنی جب حضور ﷺ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو آتے ہوئے دیکھتے تو سیدہ کا خیر مقدم کرتے اور کھڑے ہو جاتے پھر ان کا بوسہ لیتے اور ان کا ہاتھ پکڑتے اور قریب لا کر اپنی جگہ بٹھاتے۔ اسی طرح حضرت سیدہ بھی جب حضور کو اپنے گھر تشریف لاتے ہوئے دیکھتیں تو حضور کا استقبال کرتیں اور کھڑی ہو جاتیں پھر حضور کا بوسہ لیتیں۔

ان احادیث سے ثابت ہوا کہ کسی کے احترام اور اعزاز میں قیام کرنا حضور ﷺ اور صحابہ کے فعل سے ثابت ہے۔

اور مؤخر الذکر حدیث کو قیام تعظیمی کے ثبوت میں لانے پر امام ابن الحاج رحمۃ اللہ علیہ کا کتاب المدخل میں سیدنا امام نووی قدس سرہ پر یہ اعتراض کرنا کہ یہ قیام حجرۂ اقدس اور فرش مبارک کی تنگی کی وجہ سے تھا نہ کہ سیدہ کے احترام میں چنانچہ فرمایا: "قيامه عليه الصلاة والسلام وقيامها رضي الله عنها لأن بيوتهم على ما قد علم من ضيقها، وقد كانت أحوالهم على ما قد علم من شظف العيش وقلة الدنيا سيما فاطمة رضي الله عنها، فالحاصل أن الإقلال الذي كان عندهم من الدنيا كانوا يمتنعون بسببه من فراش زائد على ما يضطرون إليه أو شيء زائد على ما يقعدون عليه. فإذا لم يكن عندها إلا وطء واحد، وهي قاعدة عليه ودخل عليها أبوها فكيف يمكن أن يقعد عليه الصلاة والسلام على الأرض، وهي على حائل؟ لا يمكن ذلك أصلا، فاحتاجت إلى القيام من مجلسها حتى يقعد أبوها ﷺ على الحائل، ثم تقعد هي بعد ذلك إما على طرف الحائل أو على الأرض.

وكذلك أيضا إذا دخلت هي رضي الله عنها على أبيها عليه الصلاة والسلام، وهو عليه السلام يفضلها ويعظمها بتفضيل الله تعالى وتعظيمه لها فلا يمكن أن يقعد عليه الصلاة والسلام على حائل، وهي تقعد مباشرة للأرض فيقوم عليه الصلاة والسلام حتى يجلسها على ما كان عليه جالسا لأجل المنزلة العظمى التي لها عند ربها". ملتقطا. (المدخل: ۱/ ۱۷۴، ۱۷۳) تو ان کے اس کفش بردار کی جانب سے ان کی بارگاہ میں بصد ادب یہ عرض ہے کہ ظاہر حدیث اس تاویل کو باطل کرتا ہے کیونکہ حدیث پاک میں صراحتًا مذکور ہے کہ حضور کھڑے ہو کر حضرت سیدہ کے پاس گئے اور ان کے ہاتھوں کا بوسہ لیا پھر ہاتھ پکڑ کر اپنی جگہ لائے۔ یہ واضح طور پر بتا رہا ہے کہ قیام کرنا حضرت سیدہ کے احترام میں تھا ورنہ اگر محض جگہ اور فرش کی تنگی کی وجہ سے ایسا ہوتا تو قیام کرنے اور بوسہ لینے کی ضرورت ہی کیا تھی بلکہ اپنی جگہ سے کچھ ہٹ کر سیدہ کو چادر مبارک کے ایک حصہ پر بٹھا دیتے۔ لہذا حق یہی ہے کہ یہ قیام محض حضرت سیدہ کے احترام میں تھا۔

اور ترمذی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے جو یہ روایت ہے:"لم يكن شخص أحب إليهم من رسول الله ﷺ، وكانوا إذا رأوه لم يقوموا لما يعلمون من كراهيته لذلك"یعنی صحابۂ کرام کے نزدیک حضور ﷺ سے زیادہ کوئی محبوب نہ تھا، باوجود اس کے جب صحابہ حضور ﷺ کو دیکھتے تو کھڑے نہ ہوتے کیوں کہ انہیں معلوم تھا کہ یہ حضور کو ناگوار ہے۔ تو یہ حضور ﷺ کا غایت تواضع ہے کہ بارگاہ الٰہی میں سب سے معظم ومکرم ہوتے ہوئے بھی اپنے لیے یہ پسند نہ فرماتے کہ کوئی کھڑا ہو جیسے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی اس حدیث شریف میں جسے امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں روایت کیا کہ "خرج علينا رسول الله ﷺ، فقال أبو بكر: قوموا نستغيث برسول الله ﷺ من هذا المنافق، فقال رسول الله ﷺ:" لا يقام لي، إنما يقام لله "یعنی حضور ﷺ کاشانۂ اقدس سے ہمارے سامنے برآمد ہوئے تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اٹھو ہم حضور سے اس منافق کی فریاد کریں۔ یہ سن کر حضور ﷺ نے فرمایا کہ میرے لیے قیام نہ کیا جائے، قیام صرف اللہ کے لیے کیا جائے۔ تو جیسے حضور نے اپنے بجائے اللہ تعالی کے لیے قیام کرنے کو اس بنا پر نہیں فرمایا کہ حضور کے لیے قیام کرنا منع ہے بلکہ صرف تواضعاً فرمایا، اسی طرح یہاں بھی بربنائے تواضع حضور کا اپنے لیے قیام کو پسند نہ کرنے کا بیان مقصود ہے۔ بس اسی وجہ سے صحابۂ کرام حضور کے لیے قیام نہ کرتے اور بارہا آپ کی عظمت کا لحاظ رکھتے ہوئے قیام کیا تو اس پر سرکار نے انکار نہ فرمایا چنانچہ حدیث ابو ہریرہ میں اس کا بیان گزرا۔ حضرت علامہ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ المفاتیح میں زیر بحث حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:"أي تواضعا لربه ومخالفة لعادة المتكبرين والمتجبرين، بل اختار الثبات على عادة العرب في ترك التكلف في قيامهم وجلوسهم وأكلهم وشربهم ولبسهم ومشيهم وسائر أفعالهم وأخلاقهم"یعنی حضور نے اپنے رب کے حضور فروتنی ظاہر کرنے کے لیے اور متکبروں اور سرکشوں کے طریقے کی مخالفت میں قیام کو پسند نہ کیا، بلکہ اہل عرب کی عادت کے مطابق نشست وبرخاست، خورد ونوش، پوشش وروش اور تمام عادات واطوار میں سادگی پر قائم رہنا پسند کیا۔ (مرقاۃ المفاتیح:۸/۴۷۵)

ہاں! احادیث میں جس قیام کی مذمت فرمائی گئی وہ یہ ہے کہ آدمی خود اپنے لیے قیام کی خواہش کرے اور چاہے کہ لوگ اس کی تعظیم کے لیے اٹھیں اور نہ اٹھنے میں اپنی بے عزتی اور توہین سمجھے یا اس قیام سے منع کیا گیا ہے جو عجم کے سلاطین میں رائج تھا کہ خود زریں مسندوں پر بیٹھے ہوتے اور ارد گرد لوگ ہاتھ باندھ کر کھڑے رہتے۔ چنانچہ

(۱) ابوداؤد اور ترمذی میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت ہے:"من سره أن يتمثل له الرجال قياما فليتبوء مقعده من النار"یعنی جو یہ پسند کرے کہ لوگ اس کے لیے کھڑے ہوں تو اسے چاہیے کہ جہنم میں اپنا ٹھکانہ بنائے۔ امام بدرالدین عینی

رحمۃ اللہ علیہ "عمدۃ القاری" میں زیر حدیث "قوموا إلی سیدکم" فرماتے ہیں: "فیه إلزام الناس كافة بالقيام إلى سيدهم ولا يعارض هذا حديث معاوية لأن هذا الوعيد إنما توجه للمتكبرين وإلى من يغضب أو يسخط أن لا يقام له وقال القرطبي: إنما المكروه القيام للمرء وهو جالس" یعنی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لوگوں پر ان کے سردار کے لیے قیام لازم کیا جائے اور یہ حدیث معاویہ کے معارض نہیں ہے کیوں کہ حدیث معاویہ میں وعید صرف متکبروں اور ان لوگوں کے لیے وارد ہے جو لوگوں کے کھڑے نہ ہونے پر برافروختہ یا خفا ہو جائیں اور امام قرطبی اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ مکروہ صرف وہ قیام ہے کہ کسی ایسے شخص کے لیے کیا جائے جو بیٹھا ہو۔ (عمدۃ القاری: ۱۰/ ۳۶۸) اور امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں: "أجاب عنه ابن قتيبة بأن معناه من أراد أن يقوم الرجال على رأسه كما يقام بين يدي ملوك الأعاجم، وليس المراد به نهي الرجل عن القيام لأخيه ... وقال الخطابي: معنى حديث «من أحب أن يقام له» أي بأن يلزمهم بالقيام له صفوفا على طريق الكبر والنخوة" یعنی امام ابن قتیبہ فرماتے ہیں کہ یہ وعید اس شخص کے حق میں ہے جو چاہے کہ لوگ اس کے سرہانے یوں کھڑے رہیں جس طرح خسروانِ عجم کے سامنے قیام کیا جاتا ہے، مطلقاً ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کے لیے قیام کرنے سے روکنا مقصود نہیں۔ اور امام خطابی فرماتے ہیں کہ اپنے لیے قیام کو پسند کرنے کا مطلب ہے لوگوں پر صف بستہ قیام کو لازم کرنا از راہِ تکبر۔ (فتح الباری: ۱۱/ ۵۹) اور امام طبری اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں: "هذا الخبر إنما فيه نهي من يقام له عن السرور بذلك لا نهي من يقوم له إكراما له" یعنی اس حدیث میں اس شخص کو جس کے لیے لوگ کھڑے ہوں صرف اس پر مسرور ہونے سے روکنا مقصود ہے، لوگوں کو اس کے لیے تعظیماً قیام کرنے سے روکنا مقصود نہیں۔ (فتح الباری: ۱۱/ ۵۹، عمدۃ القاری: ۱۵/ ۳۷۶) اور سیدنا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قدّس سرّہ فرماتے ہیں: "معظمان دینی کے ہاتھ پاؤں چومنا احادیث کثیرہ سے ثابت ہے، یوہیں انہیں دیکھ کر قیام۔ مگر ہاتھ باندھے کھڑے رہنا نہ چاہیے اور اگر کوئی معظم اس کی خواہش کرے اس کی یہ خواہش حرام ہے۔ حدیث میں ہے: "من سره أن يتمثل له الرجال قياما فليتبوء مقعده من النار". (فتاویٰ رضویہ، ج: نہم، نصف آخر، ص: ۱۸۵)

(۲) ابوداؤد ہی میں حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: "خرج رسول الله ﷺ متكئا على عصا فقمنا له فقال لا تقوموا كما تقوم الأعاجم يعظم بعضها بعضا" یعنی رسول اللہ ﷺ لکڑی کے سہارے تشریف لائے تو ہم کھڑے ہو گئے۔ اس پر حضور نے فرمایا کہ ایسے کھڑے نہ ہو جیسے عجمی ایک دوسرے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے ہیں۔ صحیح مسلم، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، مسند حنبل اور الادب المفرد میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے واللفظ لمسلم: "اشتكى رسول الله ﷺ،

فصلينا وراءه وهو قاعد، وأبو بكر يسمع الناس تكبيره، فالتفت إلينا فرآنا قياما، فأشار إلينا فقعدنا، فصلينا بصلاته قعودا، فلما سلم قال: إن كدتم آنفا لتفعلون فعل فارس والروم، يقومون على ملوكهم وهم قعود، فلا تفعلوا" یعنی حضور ﷺ کے پائے مبارک میں چوٹ آئی تھی تو ہم نے حضور کی اقتدا میں اس طرح نماز پڑھی کہ سرکار بیٹھے ہوئے تھے اور حضرت ابو بکر حضور کی آواز لوگوں کو پہنچا رہے تھے۔ حضور نے ہمیں کنکھیوں سے کھڑا دیکھ کر اشارہ سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ، ہم بیٹھ گئے اور حضور کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی۔ پھر جب حضور ﷺ نے سلام پھیرا تو فرمایا کہ یقیناً تم لوگ ابھی فارسیوں اور رومیوں جیسا کام کیا چاہتے تھے جو اپنے بادشاہوں کے ارد گرد کھڑے رہتے ہیں اور وہ بیٹھے ہوتے ہیں، تم یہ نہ کرو۔ سیدنا امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں:" فيه النهي عن قيام الغلمان والتباع على رأس متبوعهم الجالس لغير حاجة" یعنی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ غلاموں اور ماتحتوں کو بلا ضرورت اپنے پیشوا کے سرہانے اس طرح کھڑا ہونا کہ وہ بیٹھا ہوا ہو، یہ ممنوع ہے۔ (شرح صحیح مسلم:۱/۱۷۷)

اقول: یہاں سے واضح ہوا کہ حدیث ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ میں صحابۂ کرام کو حضور نے جس قیام سے منع فرمایا وہ اسی قیام کی طرف اشارہ ہے جس کا بیان اس حدیث میں گزرا۔ مطلب یہ ہوا کہ ٹھیک ہے جو تم نے میرے آنے پر تعظیماً قیام کیا مگر ایسا قیام نہ کرنا جو عجمیوں میں رائج ہے اور اس کا بیان حدیث جابر بن عبد اللہ سے ہو گیا بلکہ اگر حضرت انس کی حدیث سابق میں قیام نہ کرنے سے عجمیوں کی طرح قیام نہ کرنا مراد لیا جائے تو حدیث انس کا ایک عمدہ محمل متعین ہو جائے گا اور دیگر احادیث جو مثبت قیام تعظیمی ہیں ان میں اور اس حدیث میں نفیس تطبیق ہو جائے گی یعنی جب صحابہ حضور کو دیکھتے تو کھڑے ہو جاتے مگر عجمیوں کی طرح نہیں کہ حضور کے جلوس فرمانے کے بعد بھی ارد گرد کھڑے رہیں بلکہ سرکار کے تشریف رکھنے کے بعد صحابہ بھی بیٹھ جاتے کیوں کہ عجمیوں جیسا قیام کرنا حضور کو ناگوار خاطر تھا۔ اور اس کی تایید خود حضرت انس بن مالک کی ایک اور حدیث سے ہوتی ہے جسے امام طبرانی نے معجم اوسط میں روایت کیا کہ حضور نے فرمایا: "إنما هلك من كان قبلكم بأنهم عظموا ملوكهم بأن قاموا وقعدوا" یعنی تم سے پہلے لوگ اپنے بادشاہوں کی تعظیم کرنے کی وجہ سے ہی ہلاک ہوئے کہ وہ کھڑے رہتے اور یہ بیٹھے رہتے۔

آخر میں اس بحث کو فقیہ اعظم ہند، صدر الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد امجد علی صاحب قُدِّسَ سِرُّہ کی عبارت پر ختم کرتا ہوں، فرماتے ہیں کہ "عجمیوں کا کھڑے ہونے میں جو طریقہ ہے وہ قبیح و مذموم ہے، اس طرح کھڑے ہونے کی ممانعت ہے، وہ یہ ہے کہ امر ابیٹھے ہوئے ہوتے ہیں اور کچھ لوگ بروجہ تعظیم ان کے قریب کھڑے رہتے ہیں۔ دوسری صورت عدم جواز کی وہ ہے کہ وہ خود پسند کرتا ہو کہ میرے لیے لوگ کھڑے ہوا کریں اور کوئی کھڑا نہ ہو تو برا مانے جیسا کہ ہندوستان میں اب بھی بہت جگہ رواج ہے کہ امیروں، رئیسوں، زمین داروں کے لیے ان کی رعایا کھڑی ہوتی ہے، نہ کھڑی ہو تو زدوکوب تک نوبت آتی ہے۔ ایسے ہی متکبرین و متجبرین کے

کہا کہ جو روایت آپ نے بیان کی کہاں ہے ؟ آپ نے فرمایا کہ "کنز الد قائق " میں ہے۔ لہذا وہ کتاب منگوائی گئی اور علما اس روایت کو کتاب الحظر و الاباحت میں تلاش کرنے لگے مگر اس میں نہ پا کر کہنے لگے کہ آپ نے غیر شرعی بات کہی نیز حضور ﷺ نے ہمیشہ استعمال نہیں کیا، آپ تو ہمیشہ پہنتے ہیں۔ آپ نے برجستہ جواب دیا کہ حضور ﷺ نے کبھی کبھی سر کا حلق فرمایا ہے، تم لوگ ہمیشہ کیوں سر منڈاتے ہو؟ ان علما سے اس کا کوئی جواب نہ بن پڑا پھر آپ نے "کنز" کو لے کر مسائل شتیٰ میں اس روایت کو نکال کر دکھایا۔[1] یہ دیکھ کر سارے علما انگشت بدنداں ہو گئے اور آپ کے قدموں پر گر پڑے۔

ایک طالب علم نے شیخ عبد الاول کے پاس جا کر تمام باتیں کہہ سنائیں، اتفاق سے جامع مسجد کے خطیب بھی اس وقت آ پہونچے۔ شیخ عبد الاول نے ان سے دریافت کیا کہ تم اس بحث کے وقت حاضر تھے ؟ انہوں نے

متعلق معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث میں وعید آئی ہے اور اگر ان کی طرف سے یہ نہ ہو بلکہ یہ کھڑا ہونے والا اس کو مستحق تعظیم سمجھ کر ثواب کے لیے کھڑا ہوتا ہے یا تواضع کے طور پر کھڑا ہوتا ہے تو یہ ناجائز نہیں بلکہ مستحب ہے۔" (بہار شریعت: ح۱۶، ص ۴۰۷، المدینۃ العلمیۃ)۔

پھر راقم الحروف فتاوی امجدیہ کا مطالعہ کر رہا تھا، دوران مطالعہ ایک فتوی پر نظر رک گئی جو قیام تعظیمی کے بارے میں تھا اور حضرت صدر الشریعہ قُدِّسَ سِرُّہ نے بہت ہی مبسوط اور جامع فتوی تحریر فرمایا ہے جس میں آپ نے قیام تعظیمی کی نفی میں حضرت انس بن مالک کی حدیث کے محتملات میں سے ایک احتمال وہ بھی ذکر فرمایا ہے جو راقم الحروف نے ابھی چند سطر پیشتر لکھا۔ وللہ الحمد، دیکھیے؛ فتاوی امجدیہ: ۴/ ۸۴ تا۸۹۔ واللہ تعالی اعلم

(۱) کنز الد قائق کی عبارت اس طرح ہے:"یُسَنُّ لبس السواد "یعنی سیاہ لباس پہنا مسنون (بسنت زائدہ) ہے۔ اس کے تحت بحر الرائق میں ہے:"لأن محمدا رحمه الله ذكر في السير الكبير في باب الغنائم حديثا يدل على أن لبس السواد مستحب" یعنی امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے "سیر کبیر" کے "باب الغنائم" میں ایک حدیث ذکر فرمائی ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ سیاہ لباس پہنا مستحب ہے۔ (بحر الرائق: ۹/ ۳۶۱-۳۶۲) اور صاحب بحر الرائق نے "سیر کبیر" کی جس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے، وہ یہ حدیث ہے:"دخل رسول الله ﷺ مكة يوم الفتح وعليه عمامة سوداء". یعنی رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ معظمہ میں اس حال میں داخل ہوئے کہ سر اقدس پر سیاہ عمامہ سجا ہوا تھا۔ (شرح سیر کبیر لسرخسی: ۱/ ۹۲)

کہا کہ میں شروع سے آخر تک حاضر تھا۔ علمائے سمر قند میں سے کوئی ایسا نہ نکلا جو حضرت شیخ احمد کو خاموش کر سکے۔ شیخ عبد الاول نے کہا کہ افسوس! ہمارے ملک میں اب یہ مشہور ہو جائے گا کہ ایک دہلوی عالم سے سمر قند کے سارے علما دب گئے۔

(مرقاۃ الوصول، ص:۲۳۳ تا ۲۳۵)

ریاضت و مجاہدہ:

حضرت شیخ اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہٗ کے وصال کے بعد آپ نے ریاضت و مجاہدات شروع کیے اور چالیس روز کے اندر صرف چند کھجوریں کھانے پر کفایت کرتے پھر جب آپ مسجد خانجہاں دہلی میں وارد ہوئے تو وہاں آپ نے بے انتہا ریاضت کی اور تمام علائق دنیوی سے ذات وحدت کی طرف یکسو ہو کر شب و روز عبادت میں مصروف رہنے لگے۔ جس کا اثر یہ ہوا کہ خلقِ خدا میں آپ کا شہرہ ہو گیا اور سلطان دہلی فیروز شاہ تغلق (عہدِ حکومت: ۷۵۲ تا ۷۸۹ھ / ۱۳۵۱ تا ۱۳۸۸ء) بھی آپ کی ملاقات کے لیے خانجہاں کی مسجد میں آیا اور دعائے خیر کا طالب ہو کر واپس ہو گیا۔

چناں چہ مولانا غلام سرور لاہوری "خزینۃ الاصفیاء" میں آپ کے مجاہدے کے بارے میں رقمطراز ہیں:

"شیخ احمد از زیارت روز سیوم وے فارغ شدہ، بتاریخ بستم ماہ شعبان سنہ ہفتصد و ہفتاد و شش در اربعین نشست، و بست و یک خرما و یک مشک آب برائے طہارت ہمراہ خویش در حجرہ برد، و دروازۂ حجرہ مسدود ساخت۔ چوں بروز عید از حجرہ بر آمد، معلوم کردند کہ در چہل روز چار خرما تناول کردہ بود۔ بعد ازاں از کھتو مسافر گشت و در دہلی رسید و در مسجد جہاں خان بگوشۂ اِنْزِوا بنشست۔"

یعنی شیخ احمد حضرت شیخ اسحاق مغربی کے تیجے سے فارغ ہو کر ۲۰، شعبان المعظم ۷۷۶ھ کو چلہ میں بیٹھ گئے اور اکیس کھجوریں اور ایک مشک پانی طہارت کے لیے اپنے ساتھ حجرے میں لے گئے اور اندر سے حجرہ بند کر لیا۔ جب عید کے روز حجرہ سے بر آمد ہوئے تو لوگوں نے معلوم کیا کہ چالس دن میں صرف چار کھجوریں

کھائیں تھیں۔ پھر آپ کھٹو سے سفر کرتے ہوئے دہلی پہنچے اور خانجہاں کی مسجد میں گوشہ تنہائی میں بیٹھ گئے۔

(خزینۃ الاصفیاء: ۲/ ۳۱۷، مخزون ایشیاٹک سوسائٹی، ناشر: منشی نولکشور، لکھنؤ)

اور بقول شیخ محقق آپ نے چالیس دن میں چالیس کھجوریں کھائیں تھیں۔

چنانچہ "اخبار الاخیار" میں مرقوم ہے کہ

"بعد از فوت بابا اسحاق چلہ بر آورد۔ در مدت چہل روز، چہل خرما بکار برد و سیر ملک بالا بر قدم ترک وتجرید نیز کردہ"۔

ترجمہ: یعنی بابا اسحاق مغربی کے وصال کے بعد آپ نے چلہ کشی کی اور اس چلہ میں آپ نے چالیس کھجوریں کھائیں نیز ترک و تجرید (مخلوق سے ترک تعلقات کرنا اور ماسوائے اللہ سے اپنے دل کو خالی کرنا) کی روش پر گامزن ہو کر عالم بالا کی سیر کی۔

اور خانجہاں کی مسجد میں ریاضت شاقہ کا ذکر اس طرح کرتے ہیں:

"در مسجد خان جہاں ریاضت شاقہ می کشید و افطار بپرَ کالہ کُنجارہ می کرد"۔

یعنی مسجد خانجہاں میں انتہائی سخت ریاضت و مجاہدے کرتے اور کھلی کے ایک جز سے روزہ افطار کرتے۔ (اخبار الاخیار، ص: ۱۵۲)

اور مزید شیخ احمد کے ریاضت و مجاہدات کا ذکر انہی کی زبانی فرماتے ہیں:

"ایں درویش دوازدہ سال پائے برہنہ بے رفیق و بے ابریق سفر کردہ است۔ در ہر شہرے و در ہر قصبہ کہ می رسید، شب راہم در مسجد می ماند۔ و ایں درویش را از آفتِ احتلام، خدائے تعالیٰ بفضل و کرم خود نگاہ داشتہ است۔ و ایں درویش باوضوئے نماز عشا، نماز فجر می گزارد و بیشتر در سفر روزہ می داشت و ریاضت می کرد، ومحنتہائے سفر چنداں کشیدہ کہ در بیان نیاید۔ و اگر چہ در سفر مشقت و تعب بسیار است، فاما فرحتِ حضور باطن وطربِ دل بے شمار است۔ و ایں درویش کہ پائے برہنہ و پیادہ سفر کرد، بر حکم حدیث نبوی ﷺ کرد کہ فرمودہ است: وامشوا حفاة عراة سترون الله جهرة۔

یعنی اس فقیر نے بارہ سال تک بے سروسامان اور برہنہ پا سفر کیا ہے اور جس شہر یا قصبہ میں پہونچا رات کو مسجد میں ٹھہر جاتا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے اس فقیر کو احتلام سے محفوظ رکھا ہے۔ اور یہ فقیر عشا کے وضو سے فجر کی نماز پڑھتا۔ اکثر سفر میں روزے رکھتا اور سفر میں اس قدر ریاضت و مجاہدے کیے کہ بیان میں نہیں آسکتے۔ گو کہ سفر میں بہت ہی مشقتیں اور کلفتیں ہوتیں مگر حضوریٔ باطن کی بے پناہ خوشی ہوتی اور دل کو بے حد سرور حاصل ہوتا۔ اور اس درویش نے جو برہنہ پا اور پیادہ سفر کیا وہ بحکم حدیث کیا ہے کہ حضور نے فرمایا: تم برہنہ پا اور برہنہ تن سفر کرو؛ عنقریب اللہ تعالیٰ کو بے حجاب دیکھ لوگے"۔[1] (اخبار الاخیار، ص:۱۵۴)

---

(۱) یہ حدیث رتن ہندی کی مرویات سے ہے چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانی نے "الاصابۃ"، علامہ محمد بن طاہر پٹنی نے "تذکرۃ الموضوعات" اور علامہ نور الدین کنانی نے "تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ" میں ذکر فرمایا کہ رتن نے کہا: "كنت في زفاف فاطمة وجماعة من الصحابة، وكان ثم من يغني شيئا فطابت قلوبنا ورقصنا، فلما كان الغد سئلَنا رسولُ اللهﷺعن ليلتنا، فأخبرناه، فدعا لنا ولم ينكر علينا فِعْلَنا وقال:اخشوشنوا وامشوا حفاة تروا الله جهرة" یعنی میں اور صحابہ کی ایک جماعت حضرت فاطمہ کے زفاف میں شریک تھے اور وہاں کچھ لوگ نغمہ سنجی کر رہے تھے جو ہمارے دلوں کو خوشگوار لگا اور ہم رقص کرنے لگے۔ دوسرے دن حضور نے ہمیں رات کا واقعہ دریافت کیا، ہم نے حضور کو بتایا۔ تو حضور نے ہمیں دعائیں دیں اور ہمارے اس فعل پر انکار نہ کیا اور فرمایا کہ کھادی لباس پہنو، ننگے پیر چلو، تم اللہ کو بے حجاب دیکھوگے۔ (اصابہ: ۲/۱۹۷، تذکرۃ الموضوعات: ۱۰۴، تنزیہ الشریعۃ: ۲/۳۹)

مگر اجلۂ محدثین نے رتن ہندی کی مرویات پر اعتماد نہیں فرمایا کیوں کہ اس نے چھٹی صدی ہجری کے اواخر میں دعویٔ صحابیت کیا اور کہا کہ وہ ہندوستان میں معجزۂ شق القمر کو دیکھ کر حضور کی زیارت کے لیے سفر کرتے ہوئے مکہ آیا اور حضور پر ایمان لایا اور ایک روایت میں ہے کہ مدینہ طیبہ آیا اور غزوۂ خندق میں حضور کے ساتھ شریک تھا اور حضور ﷺ نے اس کی درازیٔ عمر کے لیے دعا فرمائی۔ اور اس نے صرف اسی پر بس نہیں کیا بلکہ بے شمار احادیث حضور ﷺ کی طرف منسوب کر کے لوگوں میں بیان کرنے لگا اور خاص و عام میں اس کا اور اس کی حدیثوں کا بہت زیادہ شہرہ ہو گیا۔ لہذا ائمۂ حدیث نے اس کے دعویٔ صحابیت کا شد و مد سے رد کیا اور فرمایا کہ اس کی مرویات بے اصل ہیں کیوں کہ اس کے دعوے کا بطلان حدیث صحیح سے ثابت ہے۔ چنانچہ بخاری و مسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ حضور ﷺ نے اپنی زندگی کے آخری عرصے میں ایک رات ہمیں عشا کی نماز پڑھائی، جب سلام پھیرا تو ہم سے فرمایا:

"أرأيتكم ليلتكم هذه، فإن على رأس مائة سنة منها لا يبقى على وجه الأرض ممن هو اليوم عليها أحد"یعنی آج کی رات کو اچھی طرح یاد رکھ لو کیوں کہ آج سے سو سال گزرنے پر روئے زمین میں کوئی شخص باقی نہ رہے گا جو آج زندہ ہے اور مسلم نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے اتنا اور زائد کیا کہ حضور ﷺ نے اپنے وصال سے ایک ماہ پیشتر یہ فرمایا۔ جب اس حدیث صحیح سے ثابت کہ حضور کے اس ارشاد سے ایک صدی گزرنے تک سارے صحابہ فوت ہو جائیں گے اور باتفاقِ محدثین تمام صحابۂ کرام میں سب سے آخر حضرت ابو الطفیل عامر بن واثلہ رضی اللہ عنہ کا باختلافِ روایات ۱۰۰ھ یا ۱۰۲ھ یا ۱۰۷ھ یا ۱۱۰ھ میں انتقال ہوا۔ زرقانی علی المواہب میں ہے: (قد ضبط الأئمة من الحفاظ) للحديث (آخر من مات من الصحابة على الإطلاق) في جميع الأرض لا باعتبار النواحي والبلدان (بلا خلاف) بين أهل الحديث (أبو الطفيل عامر بن واثلة الليثي كما جزم به مسلم) ومصعب الزبيري وابن منده وأخرج مسلم عنه: رأيت رسول الله ﷺ وما على وجه الأرض رجل رآه غيري (وكان موته سنة ۱۰۰ على الصحيح) وقيل: سنة ۱۰۲ (وقيل: سنة ۱۰۷، وقيل: سنة ۱۱۰) قال جرير بن حازم: كنت بمكة سنة ۱۱۰ فرأيت جنازة فسئلت عنها فقيل له: أبو الطفيل (وهو الذي صححه الذهبي) في الوفيات والحافظ في التهذيب.اهـ. یعنی ائمۂ حفاظِ حدیث ضبط تحریر میں لا چکے کہ بے لحاظ دیار وامصار مطلقاً پوری روئے زمین میں سب سے آخر میں انتقال کرنے والے صحابی باتفاق محدثین ابو طفیل عامر بن واثلہ لیثی ہیں۔ چنانچہ اسی پر امام مسلم، مصعب زبیری اور ابن مندہ نے جزم کیا ہے اور امام مسلم نے ان سے روایت کیا، فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے اور اس وقت روئے زمین پر بجز میرے کوئی ایسا نہیں ہے جس نے حضور کو دیکھا ہو۔ ان کا وصال بر قول صحیح ۱۰۰ھ میں ہوا۔ اور ایک قول یہ ہے کہ ۱۰۲ھ میں ہوا اور ایک قول یہ ہے کہ ۱۰۷ھ میں ہوا اور کہا گیا کہ ۱۱۰ھ میں ہوا۔ جریر بن حازم کہتے ہیں کہ میں ۱۱۰ھ میں مکہ معظمہ تھا، میں نے ایک جنازہ دیکھا، پوچھا تو کہا گیا کہ یہ ابو طفیل ہیں اور امام ذہبی نے الوفیات اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے تہذیب میں اسی قول کی تصحیح فرمائی ہے۔ (زرقانی علی المواہب: ۷/ ۳۰)

توجو شخص چھ صدیاں گزر جانے پر ظاہر ہو اور دعویٔ صحابیت کرے اور حضور ﷺ سے براہِ راست حدیث روایت کرے، بھلا اس کی یہ بات اور روایات کیوں کر قابل اعتماد ہو سکتی ہیں؟ چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "لسان المیزان" میں امام شمس الدین ذہبی کے رسالہ "کسر وثن رتن" کے حوالے سے فرماتے ہیں: اعلموا أن همم الناس ودواعيهم متوفرة على نوادر الأخبار، فأين كان هذا الهندي في هذه الستمائة سنة؟ أما كان مَن قرب مِن بلده يتسامع به ويرحل اليه؟ أين كان لما فتح محمود بن سبكتكين الهند في المائة الرابعة؟ وقد صنفوا سيرته وفتوحه ولم يتعرض أحد من أهل

ذلك العصر لذكر هذا الهندي، ثم اتسعت الفتوح في الهند ولم يسمع له بذكر في الرابعة ولا في بعدها. ثم تطاولت الأعمار بمرور الليالي والنهار الى عام ستمائة ولم ينطق بذكره رسالة، ولا عرج على أحواله تاريخ، ولا نقل وجوده جوّال ولا رحّال ولا تاجر سفّار. اهـ. یعنی تمہاری دانست میں رہے کہ نادر باتوں کی طرف لوگوں کی توجہات اور ان کی آمادگی زیادہ رہتی ہے تو بھلا یہ ہندی ان چھ صدیوں میں کہاں گم تھا؟ کیا اس کے شہر کے قریب کوئی ایسا نہ تھا جسے کانوں کان اس کی خبر لگتی اور اس تک رخت سفر باندھتا؟ پھر جب سلطان محمود غزنوی نے چوتھی صدی میں ہندوستان کو فتح کیا تب وہ کہاں تھا؟ حالاں کہ مؤرخین نے محمود بن سبکتگین کی سیرت اور فتوحات پر تصنیفات لکھی ہیں مگر اس دور میں کسی نے بھی اس ہندی کے تذکرہ سے تعرض نہ کیا، پھر ہندوستان میں فتوحات کا دائرہ کافی وسیع ہوا اور اس کا کوئی تذکرہ سننے میں نہ آیا؛ چوتھی صدی میں نہ بعد کی صدیوں میں، حتی کہ چھ سو سال کی اس نے طویل عمر پائی اور نہ کوئی رسالہ اس کے ذکر پر ناطق نہ کوئی تاریخ اس کے احوال کی طرف مائل نہ کوئی سیاح نہ جہاں نَوَرْد نہ کثیر الاسفار تاجر اس کے وجود کا ناقل۔ (لسان المیزان: ۳/۸۵) اور "اصابہ" میں اتنا اور زائد ہے: "فمثل هذا لا يكفي في قبول دعواه خبر واحد". یعنی کہ اس قسم کا جو شخص ہے اس کی بات ماننے کے لیے خبر واحد ناکافی ہے۔ (اصابہ: ۲/۱۹۷) اور اسی کتاب میں ثبوت صحابیت کی بحث میں فرماتے ہیں: "ذلك بأشياء: أولها أن يثبت بطريق التواتر أنه صحابي ثم بالاستفاضة والشهرة ثم بأن يروى عن آحاد من الصحابة أن فلانا له صحبة مثلا، وكذا عن آحاد التابعين ثم بأن يقول هو إذا كان ثابت العدالة والمعاصرة: أنا صحابي، ويعتبر المعاصرة بمضي مائة سنة وعشر سنين من هجرة النبي ﷺ لقوله ﷺ في آخر عمره لأصحابه: «أرأيتكم ليلتكم هذه، فإن على رأس مائة سنة منها لا يبقى على وجه الأرض ممن هو اليوم عليها أحد» رواه البخاري، ومسلم من حديث ابن عمر، وزاد مسلم من حديث جابر أن ذلك كان قبل موته ﷺ ولهذه النكتة لم يصدق الأئمة أحدا ادعى الصحبة بعد الغاية المذكورة، وقد ادعاها جماعة فكذبوا، وكان آخرهم رتن الهندي لأن الظاهر كذبهم في دعواهم على ما قررته". (بتلخیصٍ و تغییرٍ یسیر) یعنی کسی شخص کی صحابیت کا ثبوت چند طریقوں سے ہوتا ہے، اول یہ کہ اس کی صحابیت تواتر سے ثابت ہو، دوم یہ کہ اس کا صحابی ہونا مشہور و معروف ہو، سوم یہ کہ کسی صحابی سے مروی ہو کہ فلاں کو شرف صحبت حاصل ہے، چہارم یہ کہ کسی تابعی سے یہ بات منقول ہو، پنجم یہ کہ وہ خود اپنے بارے میں کہے کہ میں صحابی ہوں جب کہ وہ عادل اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا معاصر ہو اور معاصرت کا اعتبار ۱۱۰ھ کے گزرنے تک کیا جائے گا کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آخر عمر میں فرمایا— پھر علامہ ابن حجر نے وہی بخاری و مسلم کی حدیث مذکور بیان فرمائی اور اس کے بعد فرمایا کہ اسی نکتہ کے پیش نظر ائمۂ حدیث نے کسی ایسے شخص کی تصدیق نہیں کی جس نے مذکورہ حد کے

بعد دعویٰ صحابیت کیا اور البتہ ایک گروہ نے یہ دعوی کیا تو ان کی تکذیب کی گئی جن میں سے آخری شخص رتن ہندی تھا کہ ظاہر ان کے اس دعوی کی تکذیب کر رہا ہے۔ (اصابہ: ۱/۲۱) اور ایک دوسرے مقام پر فرمایا: "والذي يظهر أنه كان طال عمره، فادعى ما ادعى، فتمادى على ذلك حتى اشتهر، ولو كان صادقا لاشتهر في المائة الثانية أو الثالثة أو الرابعة أو الخامسة، ولكن لم ينقل عنه شيء إلا في أواخر السادسة ثم في أوائل السابعة قبيل وفاته". یعنی ظاہر یہ ہے کہ اس نے طویل عمر پائی، لہذا اسے جو دعوی کرنا تھا کیا، پھر اسی پر مصر رہا حتی کہ مشہور ہو گیا۔ اگر واقعی وہ سچا تھا تو دوسری، تیسری، چوتھی یا پانچویں صدی میں مشہور ہوتا مگر سوائے چھٹی صدی کے اواخر اور ساتویں صدی کے اوائل کے اس کی وفات سے کچھ پیشتر اس کا کوئی تذکرہ منقول نہیں ہے۔ (اصابہ: ۲/۲۰۴) اور امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ما ذكر من أمر بابا رتن ونحوه فإن ذلك لا يروج على من له أدنى مسكة من العقل" یعنی بابا رتن وغیرہ کی جو باتیں بیان کی گئی ہیں وہ اس کے نزدیک نہیں چل پائیں گی جو معمولی خرد رکھتا ہے۔ (المواہب اللدنیۃ: ۳/۳۲)

تاہم بہت سے صوفیۂ کرام علیہم الرحمۃ والرضوان نے رتن ہندی پر اعتماد کیا اور اس کی مرویات اپنی کتابوں میں نقل کیں۔ جیسے (۱) شیخ ہمام الدین سہر کندی (۲) شیخ موسی بن مجلی بن بندار دنیسری (۳) شیخ حسن بن محمد حسینی خراسانی (۴) شیخ کمال الدین شیرازی (۵) شیخ اسماعیل بارتی (۶) شیخ صالح داؤد بن اسعد بن حامد قفّال منخروری (۷) شریف مؤفق الدین علی بن محمد خراسانی ہروی حسینی (۸) شیخ ابو بکر مقدسی (۹) ابو مروان عبد الملک بن بشر مغربی (۱۰) ابو الفضل عثمان بن ابی بکر بن سعید اربلی (۱۱) زید بن میکائیل بن اسرافیل (۱۲) شیخ رضی الدین علی لالا وغیرہ۔ انہیں میں سے حضرت شیخ احمد گنج بخش مغربی علیہ الرحمۃ بھی ہیں۔ اس سلسلہ میں ملک العلماء بحر العلوم حضرت علامہ عبد العلی بن نظام الدین قدس سرہ کی کتاب "فواتح الرحموت" سے ایک اقتباس ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں جس سے اس گرہ کی عقدہ کشائی میں رہنمائی ملے گی۔

فرماتے ہیں:

"(إخبار العدل عن نفسه بأنه صحابي إذا كان معاصرا) لرسول الله ﷺ أي علم معاصرته من غير إخباره(لاكالرتن) الهندي الذي ظهر بعد ست مائة سنة وادعى الصحبة، فقال في القاموس: إنه كذاب ليس صحابيا وقبله الشيخ ركن الدين علاء الدولة السمناني وقال: قد لقي الشيخ رضي الدين علي اللالا؛ الرتن الهندي صاحب رسول الله ﷺ وأعطاه مشطا من أمشاط رسول الله ﷺ وحبس ذلك المشط تبركا وقال: وصل إلي خرقة من الشيخ الرتن. ولا يخفى عليك أن الشيخين وإن كانا تقيين ولیین صاحبي كرامات لكن

لم يكن لهم معرفة بأحوال الرجال وغيرهم من رجال هذا المقال ولم يقولا بالكشف مع أن الجرح مقدم على التعديل (يفيد ظنا بصدقه) لكونه خبر عدل غير مكذوب (لكن) ظنا (ضعيفا) من ظن أخبار آخر (للريبة بادعاء الرتبة) العالية لنفسه والإنسان مجبول على طلبه فيكذب لأجله". ملخصا.

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ عادل شخص اپنے بارے میں خبر دے کہ وہ صحابی ہے اور اس نے رسول اللہ ﷺ کا زمانہ پایا ہو یعنی اس شخص کا عہد رسالت پانا ہمیں اس کے بتائے بغیر پہلے ہی سے معلوم ہو، تو اس سے ہمیں یہ گمان گزرے گا کہ یہ شخص اپنے دعوے میں صادق ہے کہ ہمیں ایسے شخص نے بتایا ہے جو عادل اور کذب سے دور ہے۔ تاہم یہ گمان نسبتاً ضعیف ہو گا کیوں کہ اس میں یہ احتمال ہے کہ اس نے اپنے لیے بلند مرتبہ کی خاطر یہ دعوی کیا ہو اور مقام ومرتبہ کی خواہش انسان کی سرشت میں ہے، لہذا اس نے اسی لیے جھوٹ بولا ہو۔ اور اس حکم میں وہ لوگ شامل نہ ہوں گے جن کی معاصرت تاریخ سے ثابت نہیں ہے بلکہ صرف ان کے بتانے پر موقوف ہے جیسے رتن ہندی جو چھے صدیاں گزر جانے کے بعد ظاہر ہوا اور دعویٰ صحابیت کیا۔ قاموس میں ہے کہ وہ یقینا کذاب ہے، صحابی نہیں ہے۔ مگر شیخ رکن الدین علاء الدولہ سمنانی نے اس کی بات قبول فرمائی اور کہا کہ شیخ رضی الدین علی لالا نے اس سے ملاقات کی اور اس نے شیخ علی لالا کو حضور ﷺ کا ایک شانہ دیا اور شیخ علی لالا نے اسے تبرکاً رکھا اور کہا کہ مجھے شیخ رتن سے ایک خرقہ بھی ملا ہے — مخفی نہ رہے کہ یہ دونوں مشائخ اگرچہ متقی، اللہ کے ولی اور صاحب کرامات تھے مگر انہیں اس فن کے ثقہ وغیر ثقہ راویوں کے احوال کی پرکھ نہیں تھی اور انہوں نے یہ کشف سے بھی نہیں فرمایا بلکہ نقل وحکایت کے طور پر کہا۔ علاوہ ازیں جب کسی شخص کی جرح وتعدیل میں اختلاف ہو تو جرح کو تعدیل پر تقدیم حاصل ہو گی۔ (فواتح الرحموت: ۲/۱۹۹)

نیز اسی کتاب کا ایک اور اقتباس ملاحظہ فرمائیں:

"(كثيرا ما يوجد عدول من غير الأئمة من عادتهم أنهم لا يروون إلا عن عدل) فإرسالهم أيضا يقتضي تعديل من رووا عنهم، فيكون حجة كإرسال الأئمة فلا فرق. (أقول) لا نسلم وجود العدول بالصفة المذكورة في غير الأئمة بل العدول من غيرهم لا يبالون عمن أخذوا ورووا، ألا ترى أن الشيخ علاء الدولة السمناني كيف اعتمد على الرتن الهندي، وأي رجل يكون مثله في العدالة؟ و(لو سلم فذلك بحسب زعمهم وكثيرا ما يخطئون) فيظنون غير العدل عدلا، فلا حجة في توثيقهم". ملخصا.

یعنی غیر ائمہ میں بکثرت ایسے عادل پائے جاتے ہیں جن کی عادت عادل ہی سے روایت کی ہوتی ہے تو ان کا ارسال بھی مروی عنہ کی تعدیل کا مقتضی ہو گا، لہذا ائمہ کی طرح ان کا ارسال بھی حجت ہو گا اور دونوں میں کوئی فرق نہ ہو گا — میں کہتا ہوں کہ غیر ائمہ میں عادل رواۃ کا اس وصف پر موجود ہونا تسلیم نہیں بلکہ حقیقت حال یہ ہے کہ یہ حضرات اس کا لحاظ نہیں کرتے کہ کس سے روایت لیتے

ہیں، دیکھا نہیں کہ شیخ علاء الدولہ سمنانی قدس سرہ نے رتن ہندی پر کیسا اعتماد کر لیا حالاں کہ عدالت میں کون ان کے پایہ کا ہوگا؟ اگر مان بھی لیا جائے تو یہ ان کے اپنے گمان کی رو سے ہے اور بارہا ان سے چوک ہوئی ہے کہ غیر عادل کو عادل سمجھ لیتے ہیں، لہذا ان کی توثیق حجت نہیں ہے۔ (فواتح الرحموت: ۲/ ۲۱۷)

مسئلۂ دائرہ کی مزید تفہیم کے لیے سطور ذیل میں امام اہل سنت سیدنا اعلی حضرت امام احمد رضا قدس سرہ کے مجموعہائے فتاوی سے ایک اقتباس ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں جو کافی اہمیت کا حامل ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ

" اگر بالفرض حضرت ممدوح سے اس کا ثبوت صحیح بروجہ معتمد ہو کہ حضرت نے یہ مخاطبہ کہیں ذکر فرمایا تو اب نظر اس میں ہوگی کہ آیا بر سبیل نقل و حکایت ہے یا بربنائے کشف والہام۔ بر تقدیر اول جب کہ مدار روایت پر رہا تو مسئلہ علوم ظاہرہ کے دائرہ میں آگیا، صحت سند درکار ہوگی اور کسی ولی معتمد کا کوئی نا معتمد حکایت کسی سے نقل فرمانا اس کی روایت کو صحیح و واجب الاعتماد نہ کردے گا۔"وهذا ما اعتذروا به عن الإمام محمد الغزالي قدس سره العالي في إيراده الأحاديث الواهية في الإحياء مع جلالة قدره في العلوم الظاهرة والباطنة"۔﴿یعنی یہی عذر اہل علم نے امام محمد غزالی قدس سرہ کی طرف سے پیش کیا جو انہوں نے باوجود علوم ظاہری و باطنی میں اپنی جلالت قدر کے اپنی کتاب "احیاء علوم الدین" میں واہی حدیثیں ذکر کی ہیں - مزمل﴾ (فتاوی رضویہ: ۳/ ۷۲۱)

اس اصول کی روشنی میں اگر ہم قضیۂ رتن کا جائزہ لیں تو ظاہر یہی ہے کہ رتن ہندی کی صحبت کو تسلیم کرنا اس سے سن کر چلا آرہا ہے تو یہ نقل و روایت کے طور پر ہوا اور علوم ظاہری کے زمرے میں داخل ہو گیا، لہذا سند سے بحث کی جائے گی جیسا کہ احادیث میں ہوتا ہے کہ راوی فن رجال سے ناواقف ہوں اور صحیح کو سقیم سے فرق کرنے کی حذاقت نہ رکھتے ہوں تو بارہا ان سے چوک ہو جاتی ہے اور ضعیف کو صحیح سمجھ لیتے ہیں اور اس کی روایت بھی کرنے لگتے ہیں حالاں کہ فی الواقع وہ حدیث ضعیف بلکہ منکر بلکہ موضوع بھی ہوتی ہے اور اس کی مثال میں احیاء العلوم شریف کو پیش کیا جاتا ہے جو سیدنا امام غزالی علیہ الرحمۃ کی تصنیف لطیف ہے اور علم و فضل میں امام غزالی کے علوِّمقام کا ایک زمانہ معترف ہے، اس کے باوجود احیاء العلوم کی احادیث پر کافی جرح کی گئی ہے، وجہ یہی تھی کہ انہیں فن رجال میں حذاقت حاصل نہ تھی۔ امام مسلم مقدمۂ صحیح میں حضرت یحیی بن سعید قطان سے روایت کرتے ہیں کہ "لم نر الصالحين في شيء أكذب منهم في الحديث "یعنی صالحین سے حدیث میں جو چوک ہوتی ہے وہ ہم نے کسی چیز میں نہیں پایا۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:"لكونهم لا يعانون صناعة أهل الحديث فيقع الخطأ في رواياتهم ولا يعرفونه".

یعنی کہ وہ اس فن کے مشاق نہیں ہوتے ہیں اس لیے ان کی روایات میں غلطی در آتی ہے اور انہی اس کی شناخت نہیں ہو پاتی ہے۔ (مسلم شریف:۱/ ۱۲-۱۳) تو جس طرح صالحین کے ضعاف، مناکیر یا موضوعات کی روایت سے وہ مستند و معتمد نہ ہو جائیں گی خواہ وہ دیگر علوم میں کیسے ہی بلند پایہ ہوں ایسے ہی اگر کچھ صوفیۂ کرام نے رتن ہندی کی صحبت کا قول اس سے سن کر اس پر اعتماد کیا اور اس کو نقل کیا اور بعد میں وہ نقل در نقل ہو تا رہا تو اس سے وہ نا معتمد قول معتمد نہ ہو جائے گا کہ اس باب میں عدالت کے ساتھ احوال رجال کی معرفت تامہ بھی ضروری ہے۔

علاوہ بریں اصول احناف میں سے ہے کہ جب کسی راوی کی جرح اور تعدیل میں اختلاف واقع ہو اور ناقدین نے اس پر جس عیب کی وجہ سے جرح کی، معدلین نے اس سے اس عیب کی نفی نہیں کی یا کی مگر جزم ویقن کے ساتھ نہیں تو ایسی صورت میں جارحین کی جرح کو معدلین کی تعدیل پر ترجیح حاصل ہو گی اور راوی مجروح و مخدوش قرار دیا جائے گا۔ چنانچہ فواتح الرحموت میں ہے: "(إذا تعارض الجرح والتعديل فالتقديم للجرح مطلقا) سواء كان الجارحون أكثر أو المعدلون (إذا عين الجارح سببا لم ينفه المعدل أو نفاه) لكن (لا بيقين)". ملتقطا. (فواتح الرحموت:۲/ ۱۹۱-۱۹۲) اس میزان پر بھی اگر بابارتن کو تولا جائے تو اس کا پلڑا بے وزن ہی رہے گا کہ ائمۂ حدیث نے اس کے دعویٔ صحابیت کی احادیث صحیحہ سے تردید و تکذیب فرمائی اور اس جرح کا جواب اس کے مؤیدین سے یا تو نہ ہو سکا یا ہوا تو احتمالی اور لیت ولعل کے درمیان۔ غرض کہ اس کے ادعائے صحابیت کو تسلیم کرنے کی کوئی معتمد وجہ نہیں ہے۔

یہ تھی فواتح الرحموت اور فتاوی رضویہ کی عبارت متذکرہ بالا کی قدرے تفصیل جو راقم الحروف نے حتی المقدور سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

لیکن ان سب کے باوجود حضرت بحر العلوم نے بابارتن کے تعلق سے آخر میں فرمایا: "لكن ينبغي أن لا يذكر الرتن بالشر لاحتمال الصحبة حذرًا عن الوقوع في الكبيرة ـ روي في النفحات أن الشيخ ركن الدين علاء الدولة كتب بخطه الشريف أنهم كانوا يقولون: إن تلك الأمشاط كانت أمانة رسول اللهﷺ للشيخ رضي الدين علي اللالا، وهذا أي كون الأمشاط أمانة إن لن يكن بقول الرتن فهو بالكشف، فإذن صحبته ثابتة لا مجال للمرية فيه". یعنی پھر بھی رتن کا تذکرہ برائی کے ساتھ نہیں کرنا چاہیے کہ گناہ کبیرہ میں پڑ جانے کا اندیشہ ہے کیوں کہ اس کی صحابیت محتمل ہے۔ نفحات میں مروی ہے کہ شیخ رکن الدین علاء الدولۃ سمنانی قدس سرہ نے اپنی مبارک تحریر میں لکھا کہ مشائخ کہتے تھے کہ یہ شانے حضور ﷺ کی جانب سے شیخ رضی الدین علی لالا کے لیے امانت تھے ـــ اگر اس کا مدار قول رتن نہیں تو یہ کشف سے ثابت ہو گا،

جب تو اس کی صحابیت قطعاً ثابت ہے۔ (فواتح الرحموت: ۲/ ۱۹۹)

اس کی تفصیل سے قبل ایک اصولی تمہید کو بیان کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے تاکہ اس کی روشنی میں آئندہ گفتگو بآسانی سمجھی جاسکے۔ اور وہ یہ کہ کچھ احتمالات وہ ہوتے ہیں جو کسی دلیل صحیح سے ناشی ہوتے ہیں، شرعاً وہ قابل لحاظ ہوتے ہیں اور ان احتمالات کی وجہ سے شئ کا قطع ویقین حاصل نہیں ہوتا ہے بلکہ وہ شئ کو یقین سے ظن کی منزل میں اتار دیتے ہیں اور کچھ احتمالات وہ ہوتے ہیں جو بلا دلیل ہوتے ہیں، ایسے احتمالات شرعاً اور عرفاً کسی طرح قابل لحاظ نہیں ہوتے ہیں، نہ شئ کا قطع ویقین ان سے متاثر ہوتا ہے بلکہ یہ احتمالات محض ان کے فی نفسہ ممکن ہونے کی حد تک ہوتے ہیں کہ عقل اگر ان کا تصور کرے تو یہ فی نفسہ ممکن ہوتے ہیں اور عرفاً ایسے احتمالات کو ملحوظ خاطر رکھنے والا بے وقوف سمجھا جاتا ہے۔ جیسے کہ زید جس کو ہم دیکھ رہے ہیں اس کے بارے میں یہ احتمال کہ ممکن یہ کوئی جن ہو جو زید کی شکل میں آگیا ہو۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "الحكم بشيء إما أن يحتمل خلافه احتمالا صحيحا ناشئا عن دليل غير ساقط حتى يكون للقلب إليه ركون أو لا۔ الأول: الظن باصطلاح الفقه، والثاني: العلم، ويشمل ما إذا لم يكن ثَمَّة تصورٌ مّا للخلاف أصلا، وهو اليقين بالمعنى الأخص أو كان تصوره بمجرد إمكانه في حد نفسه من دون أن يكون ههنا مثار له من دليل ما أصلا، وهو اليقين بالمعنى الأعم أو كان عن دليل ساقط مضمحل لا يركن إليه القلب، وهو غالب الظن. ففي بناء الأحكام إذا أطلقوا الاحتمال فإنما يريدون الاحتمال الصحيح وهو الناشئ عن دليل غير ساقط". ملتقطا. یعنی کسی چیز پر حکم کرنا یا تو اپنے خلاف کا ایسا احتمال رکھے گا جو صحیح ہو اور کسی دلیل معتبر سے ناشی ہو حتی کہ دل کو اس کی طرف جھکاؤ ہو یا ایسا نہ ہو گا—اول ظن کہلاتا ہے اور دوم علم۔ اور یہ تین صورتوں کو شامل ہے (۱) خلاف کا تصور بالکل نہ ہو گا، اسے یقین بالمعنی الاخص کہتے ہیں۔ (۲) خلاف کا تصور محض اس کے فی نفسہ ممکن ہونے کی حد تک ہو، بے اس کے کہ وہاں کسی قسم کی کوئی دلیل ہو، اسے یقین بالمعنی الاعم کہتے ہیں۔ (۳) خلاف کا تصور کسی ایسی دلیل سے ہو گا جو کمزور اور پایۂ اعتبار سے ساقط ہے جس کی طرف دل کو جھکاؤ نہیں، اسے ظن غالب کہتے ہیں۔ اور بنائے احکام میں جب کبھی احتمال بولتے ہیں تو اس سے احتمال صحیح مراد لیتے ہیں جو کسی معتبر دلیل سے ناشی ہوتا ہے۔ (فتاوی رضویہ: ۱/ ۱۱۲، رسالہ: الاحکام والعلل) اور فواتح الرحموت میں ہے: "القطعي قد يطلق ويراد به ما لا يحتمل الخلاف أصلا ولا يجوزه العقل ولو مرجوحا ضعيفا، وقد يراد به ما لا يحتمل الخلاف احتمالا ناشئا عن دليل، وإن احتمل احتمالًا مّا. ويشترك كلا المعنيين في أنه لا يخطر بالبال الخلاف أصلا ولا يحتمله عند أهل اللسان، ويفترقان في أنه لو تصور الخلاف لما جوزه العقل في الأول، وجوزه في الثاني تجويزا عقليا ويعده أهل المحاورة كلا احتمالٍ ولا يعتبر في المحاورة أصلا بل ينسب أهلُها مُبْدِيَه إلى

السخافة". اھ۔ یعنی کبھی قطعی بول کر اس سے مراد یہ لیا جاتا ہے کہ اپنے خلاف کا خواہ وہ مرجوح اور کمزور ہی سہی سرے سے احتمال نہ رکھے نہ عقل اس کو جائز سمجھے اور کبھی اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دلیل سے پیدا شدہ خلاف کا احتمال نہ رکھے اگر چہ اور کوئی احتمال رکھتا ہو۔ یہ دونوں معانی ایک بات میں متفق ہیں کہ دل میں خلاف کا خطرہ گزرتا تک نہیں اور اہل زبان کے نزدیک دونوں میں کوئی بھی اپنے خلاف کا احتمال نہیں رکھتا ہے اور ایک بات میں مختلف ہیں کہ اگر خلاف کا تصور کیا جائے تو عقل پہلے معنی میں اسے بالکل ممکن نہ سمجھے گی اور دوسرے معنی میں ممکن سمجھے گی امکان عقلی کے طور پر مگر اہل زبان اسے کالعدم گنتے ہیں اور گفت و شنید میں اس کا بالکلیہ لحاظ نہیں کرتے ہیں بلکہ ایسا احتمال ظاہر کرنے والے کو خفیف العقل سمجھتے ہیں۔ (فواتح الرحموت: ۱/ ۲۵۲)

ان تمہیدی کلمات کے بعد اب "فواتح" کی عبارت متذکرہ بالا پر نظر ڈالیں، اس کا ماحصل یہ ہے کہ بابا رتن کا صحابی نہ ہونا قطعی اور یقینی نہیں ہے بلکہ مظنون ہے اور دلیل میں علامہ عبد الرحمن جامی کی کتاب "نفحات الانس" کی ایک عبارت پیش فرمائی جو انہوں نے شیخ رضی الدین علی لالا کے تذکرہ میں لکھی ہے، میں یہاں اس کتاب سے وہ عبارت نقل کرتا ہوں، فرماتے ہیں:

"شیخ رکن الدین علاء الدولۃ گفتہ کہ صحب الشيخ رضي الدين على لالا صاحب رسول الله ﷺ أبا الرضا رتن بن نصر، فأعطاه مشطا من أمشاط رسول الله ﷺ. وشیخ رکن الدین علاء الدولۃ آں شانہ را در خرقہ پیچیدہ و خرقہ را در کاغذے، وبخط مبارک خود بر آں کاغذ نوشتہ: هذا المشط من أمشاط رسول الله ﷺ وصل إلى هذا الضعيف من صاحب رسول الله ﷺ. وہم نوشتہ است کہ چنیں گویند کہ آں امانت برائے شیخ رضی الدین علی لالا بودہ است از رسول اللہ ﷺ". ملتقطا. (نفحات الانس، ص: ۵۰۱-۵۰۲)

صاحب فواتح کہتے ہیں کہ اس اقتباس میں "چنیں گویند" کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ انہوں نے بابا رتن سے سن کر ایسا کہا ہو، جب تو یہ قابل اعتماد نہیں ہے اور یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ انہوں نے کشف سے فرمایا ہو یعنی انہیں کشف میں دکھایا گیا ہو کہ حضور ﷺ نے بابا رتن کو اپنا مبارک شانہ شیخ رضی الدین علی لالا تک پہنچانے کے لیے عطا کیا۔ جب تو بابا رتن کی صحابیت کشف سے ثابت اور اولیائے کبار کا کشف بالیقین حق ہوتا ہے مگر چوں کہ کشف صرف صاحب کشف کے حق میں حجت ہوتا ہے؛ اوروں کے حق میں نہیں، لہذا ہمارے نزدیک یہ مولیٰ اور ان کے محبوبوں میں راز و نیاز کا مسئلہ ہوا جس میں ہم دخل نہ دیں گے۔

حاصل یہ کہ اگر یہ فرمانا کشف ہے تو بابا رتن کی صحابیت بھی یقینی ہوگی اگر چہ اس صورت میں وہ راز و نیاز کے قبیل سے ہوگی مگر چوں کہ کشف سے فرمانا بالیقین ثابت نہیں تو بابا رتن کی صحابیت بھی محتمل ہوگی۔ پس جب کہ اس فرمانے میں کشف سے اس کی صحبت کا احتمال ہے اگر چہ احتمال ضعیف ہی تو احتیاط اسی میں ہے کہ ہم اس معاملہ میں زیادہ دخل نہ دیں اور اپنا دامن بچا کر رکھیں۔

علاوہ ازیں "مرقاۃ الوصول" میں مولانا محمد بن ابی القاسم لکھتے ہیں:

"شیخ احمد نے مجاہدہ کر کے اپنے آپ کو اس قدر جلایا ہے کہ کوئی دوسرا شخص اس معاملے میں ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور خود شیخ احمد نے بارہا فرمایا کہ میرا نفس اب اس قدر ریاضت پسند ہو گیا ہے کہ وہ جب سخت بھوکا ہو جاتا ہے اور میں تھوڑی سی ڈلی (سپاری) بھی اگر منہ میں رکھ لوں تو وہ صلح کر لیتا ہے"۔ (مرقاۃ الوصول، ص:۱۸۱)

اسی کتاب میں ایک دوسری جگہ لکھا ہے کہ

"آپ نے حضرت بابا اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ کی زندگی ہی میں دائمی روزہ اختیار کر لیا تھا اور ۸۰۳ھ تک دہلی، خراسان اور سفر حجاز تک کبھی فوت نہ ہوا۔" (مرقاۃ الوصول، ص:۱۵۷)

فتاوی رضویہ میں ہے: "اگر بفرض غلط یہ بھی تحقیق ہو جائے کہ حضرت مخدوم نے بر بنائے کشف والہام یہ مخاطبہ ذکر فرمایا تو بحمد اللہ ہم غلامانِ بارگاہِ اولیا ان میں نہیں کہ کشف و الہام کو باطل یا نامعتبر ٹھرائیں، احتمال خطا کشف مبتدین و اوساط میں ہوتا ہے، اکابر واصلین نفعنا اللہ تعالیٰ ببر کا تہم فی الدنیا والآخرۃ والدین کا کشف متین والہام مبین حق و صحیح ہوتا ہے۔ اب یہ مخاطبہ ان مقامات راز و نیاز سے ہو گا جو مولیٰ و عبد و محبوب و محب میں ہوتے ہیں جن میں دوسرے کو دخل دینا حرام"۔ اھ۔ بالالتقاط۔ (فتاوی رضویہ: ۳/۲۱۷) اور فواتح الرحموت میں ہے: "إن تأملت في مقامات الأولياء ومواجيدهم وأذواقهم...علمت أن ما يلهمون به لا يتطرق إليه احتمال وشبهة بل هو حق حق حق مطابق لما في نفس الأمر"۔ اھ۔ یعنی اگر تم اولیا کے مقامات اور ان کے وجد و ذوق میں غور کرو تو جان لو گے کہ انہیں جو الہام ہوتا ہے اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے بلکہ وہ حق حق حق ہے اور واقع کے مطابق ہے. (فواتح الرحموت: ۲/۴۱۱) اسی میں ہے: "(إلهامه) ﷺ (حجة قطعية عليه وعلى غيره) كالقرآن (وأما إلهام غيره من الأولياء الكرام فقيل: حجة عليه فقط) دون غيره (ونسب إلى عامة العلماء)". ملخصا. یعنی حضور ﷺ کا الہام قرآن کی مانند حجت قطعی ہے حضور کے حق میں بھی اور امت کے حق میں بھی۔ مگر اولیائے کرام کا الہام خود ان کے حق میں حجت ہے اوروں کے حق میں نہیں، یہی عامۂ علما کا مذہب ہے۔ (ایضا: ۲/۴۱۰) هذا ما ظهر لي في توضيح المقام، فإن أصبت فمن الله وإن أخطأت فمني ومن الشيطان.

حضرت بابا اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ کا وصال راجح قول کی بنا پر ۷۸۱ھ میں ہوا ہے اور اس وقت شیخ احمد کھٹو کی عمر مبارک ۳۸ سال کی تھی اور ۷۸۱ھ سے ۸۰۳ھ تک ۲۲ سال ہوتے ہیں، تو اگر حضرت بابا اسحاق مغربی کے سن وفات ہی کو لے لیا جائے تب بھی کم از کم اتنا تو ضرور ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے ۳۸ سال کی عمر سے ۶۰ سال کی عمر تک سفر و حضر میں مسلسل روزے رکھے اور اوپر گزر چکا کہ افطاری میں صرف کھلی کا ایک ٹکڑا کھا کر روزہ افطار کرتے بلکہ چلہ کشی کی حالت میں چالیس چالیس روز میں صرف چند کھجور کھاتے اور یہی حال ۲۲ سال تک جاری رہا۔ اس سے سخت تر ریاضت و نفس کشی کی اور کیا مثال ہو سکتی ہے۔

سفر حج:

حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ حرمین طیبین کی زیارت سے بھی مشرف ہوئے۔ حج سے فراغت کے بعد جب آپ مدینہ منورہ حاضر ہوئے اور گنبد خضرا پر نظر پڑی تو آپ پر والہانہ کیفیت طاری ہوئی اور اونٹ سے اتر گئے اور یا رسول اللہ، یا نبی الحرمین الشریفین، یا سید الثقلین پکارتے ہوئے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور بلند آواز میں ادب کے ساتھ "السلام علیکم یا رسول اللہ" کہا۔ تھوڑی دیر کے بعد مجاوروں کے سردار کی نظر آپ پر پڑی باوجودیکہ مجمع بہت تھا، انہوں نے کھجوروں کی ایک گٹھری آپ کی طرف بڑھائی اور فرمایا کہ اے شیخ احمد! یہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ سے تمہارے لیے مہمانی ہے۔ (مرقاۃ الوصول، ص:۲۱۹)

اسی واقعہ کو تحفۃ المجالس مجلس-۶ میں قدرے تفصیل کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے مگر میں نے اختصار کے پیش نظر "مرقاۃ الوصول" کی روایت پر اکتفا کیا ہے۔

اس سفر میں نبیٔ اکرم ﷺ نے آپ پر بہت ساری نوازشیں فرمائیں اور مقامات رفیعہ و مدارج عالیہ سے آپ کو سرفراز فرمایا۔

چنانچہ آپ کے ملفوظات میں ہے کہ ایک رات مدینہ طیبہ میں، میں نے اور میرے تینوں رفقا نے ایک ہی خواب دیکھا کہ حضور ﷺ ایک روشن اور پاکیزہ جگہ صدر نشین ہیں اور حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے بعد حضرت علی کرم اللہ تعالی وجہہ کھڑے ہیں۔ ایک عورت آراستہ و پیراستہ، زیوروں

سے لدی حضور ﷺ کے سامنے کھڑی ہے، حضور ﷺ نے آپ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ شیخ احمد! اس عورت کو قبول کرو۔ میں نے عرض کیا کہ میرے مرشد بابا اسحاق نے قبول نہیں کیا۔ حضور ﷺ نے اپنے دست اقدس سے اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ تمہارے بابا ہیں۔ جب میں نے اس طرف نظر کی تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے بابا اسحاق کو کھڑا دیکھا اور وہ انگشت بدنداں ہو کر کہہ رہے ہیں کہ شیخ احمد جو حضور فرما رہے ہیں، اسے قبول کرو۔ میں نے عورت کو قبول کر لیا۔ معًا میرے دل میں خیال آیا کہ یہ عورت دراصل دنیا ہے، اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کے صدقے میں مجھ پر دنیا کے دروازے کھول دیے ہیں۔

(تحفۃ المجالس، مجلس:۶، ص:۱۲-۱۳)

پھر جب روانگی کے وقت آپ اپنے رفقا کے ساتھ الوداعی سلام کے لیے روضۂ اقدس پر حاضر ہوئے تو دیکھا کہ روضۂ انور کا مجاور دس گز سیاہ دستار اپنے ہاتھ میں لیے کھڑا ہے اور آپ سے اس نے کہا کہ یہ دستار سر پر باندھ لو۔ آپ نے فرمایا کہ میرے مرشد حضرت بابا اسحاق نے عمامہ کبھی نہیں باندھا۔ اس نے کہا کہ یہ اتنا قیمتی کپڑا ہے کہ میں ایک قیراط[1] میں ایک ٹکڑا دوسروں کو دیتا ہوں اور تم کو دس گز کپڑا دے رہا ہوں۔ تم سوچو تو سہی کہ یہ کتنے قیراط کا ہوگا۔ میں نے خواب میں حضور ﷺ کا دیدار کیا ہے۔ حضور نے تمہاری طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ اسے دس گز سیاہ کپڑا دو اور میری طرف سے یہ حکم دو کہ سر پر عمامہ باندھ کر مخلوق کو نیکی کی دعوت دے۔ آپ نے یہ سن کر عمامہ لے لیا اور خدا کا شکر ادا کیا پھر اسے سر پر باندھ لیا۔

(تحفۃ المجالس، مجلس:۶، ص:۱۴)

یہی وہ عمامہ ہے جس کو سر پر سجا کر آپ جامع سمرقند میں نماز جمعہ کے لیے گئے تھے اور علمائے سمرقند سے مباحثہ ہوا تھا۔ یہاں سے ظاہر ہوا کہ آپ جو سیاہ رنگ کا عمامہ ہمیشہ باندھا کرتے تھے، اس میں یہی عطائے نبوی اور حکم نبوی مضمر تھا۔

---

(۱) قیراط: درہم کے بارہویں کے حصہ بھر یعنی چار گیہوں کے برابر۔

بیعت و خلافت:

حضرت شیخ احمد کھٹوی قُدِّسَ سِرُّہ کو بیعت و خلافت حضرت بابا اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ سے حاصل تھی اور ان کے وصال کے بعد آپ ہی اپنے پیر و مرشد کے خلیفہ و جانشین ہوئے اور بزرگوں سے جو تبرکات اس منصب عظیم کے حقدار کے لیے خلف عن سلف چلے آرہے تھے، سب آپ کے حصے میں آئے۔ اس کے علاوہ آپ نے حضرت سیدنا مخدوم جہانیاں جہاں گشت قُدِّسَ سِرُّہ سے بھی روحانی فیوض و برکات اور باطنی کمالات حاصل کیے اور حضرت مخدوم جہانیاں نے آپ کو خلافت سے نوازا اور بشارت دی کہ

"**در ملکِ گجرات نصیب شما است۔**" یعنی سلطنت گجرات تمہارے حصے میں ہے۔

(صد حکایات فارسی - قلمی، حکایت: ۲۲، ص: ۳۳)

اسی طرح حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز علیہ الرحمۃ والرضوان کے خصوصی فیضان سے آپ مالا مال تھے۔

چنانچہ آپ نے خود اپنے مؤلفہ "رسالۂ مغربیہ" میں حضرت سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی عنایت و نوازش کا واقعہ اس طرح لکھا ہے کہ

"إني رأيت رؤيا وقعت في ليلة سابعة من ربيع الآخر خلت سنة ثمان وثلاثين وثمان مائة أن شيخا جاءني من قبل القبلة وفي إحدى يديه طاقية وعلى الأخرىٰ عمامة، فقلت: من أنت؟ قال: أنا الشيخ عبد القادر الجيلاني. فأعطاني الطاقية، فوضعتها على رأسي ثم أعطى إحدى جانبي العمامة بيدي وأخذ جانبها الآخر بيده، فكورت العمامة كلها واستيقظت،فحمدت الله تعالىٰ."

یعنی میں نے ۸۳۸ھ میں ماہ ربیع الآخر کی ساتویں شب کو ایک خواب دیکھا کہ ایک بزرگ قبلہ کی جانب سے میرے پاس تشریف لائے۔ ان کے ایک ہاتھ میں کلاہ اور دوسرے ہاتھ میں عمامہ تھا۔ میں نے عرض کیا کہ

حضور کون ہیں ؟ بزرگ نے فرمایا کہ میں شیخ عبد القادر جیلانی ہوں۔ پھر حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے مجھے وہ کلاہ عنایت کی جسے میں نے اپنے سر پر رکھا اور عمامہ کا ایک کنارہ میرے ہاتھ دیا اور دوسرا کنارہ حضور نے اپنے ہاتھ میں رکھا۔ پھر میں نے عمامہ کو مکمل اپنے سر پر باندھا۔ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی تو میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

(الرسالۃ الاحمدیۃ- قلمی، ص:۱۱)

مذکورہ خواب میں اس طرف اشارہ ہے کہ آپ کو بارگاہِ غوثیت سے مقام قطبیت عطا کیا جانے والا ہے اور آپ حضور پر نور سیدنا غوث اعظم قطب الاقطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیابت میں اس مقام عظیم پر فائز ہونے والے ہیں۔

چناں چہ مندرجہ ذیل واقعہ سے اس کی تایید ہوتی ہے کہ

" شیخ یحییٰ خلیفہ شیخ عمر جیلی (جیلانی) ۸۴۷ھ میں مہائم آئے تھے۔ ان کا بیان ہے کہ جب میں ہندوستان آنے لگا تو شیخ عمر جیلی نے مجھ سے فرمایا کہ گجرات میں ایک قصبہ سرکھیج ہے، وہاں قدوۃ السالکین حضرت شیخ احمد رہتے ہیں، ان کو میرا اسلام پہنچانا اور کہنا کہ چار سال پندرہ ماہ ہوئے کہ آپ کو خدائے تعالیٰ کی بارگاہ سے قطبیت کا درجہ عنایت ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ پورے عالم کو آپ کی برکتوں سے نفع پہنچائے۔ (مرقاۃ الوصول، ص:۲۰۳،۲۰۴)

یعنی ۸۳۸ھ میں آپ نے جو خواب دیکھا تھا، اس کی تعبیر اور واقعیت پانچ سالوں کے بعد ۸۴۳ھ میں رونما ہوئی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

اور سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمہ کی نوازشات وعنایات کا تذکرہ کرتے ہوئے شیخ ابوحامد اسماعیل بن ابراہیم "رسالۂ مغربیہ" کی شرح میں لکھتے ہیں:

"كان لشيخنا- مد الله ظلاله- وصلت النعمة من مشائخ المغرب و المشرق. وحكي أن رجلا صالحا رأى في المنام في ابتداء حال شيخنا - سلمه الله تعالى- أن شيخ

المشائخ معين الدين شيخ شيخ فريد الحق و الدين الأجودهني قائم في بيت شيخنا وعلى يديه بساط يريد أن يفرش على وجه الأرض في بيته، فدخل الرجل وشد وسطه وأراد أن يعينه وبسط البساط، فقال الشيخ: مرتب يعني لا حاجة إلى إعانة أحد فهو مرتب فاستيقظ الرجل و ذكر لأهله، فقالت: إلى أين تصل مرتبة الشيخ أحمد- سلمه الله تعالى- ".

یعنی ہمارے شیخ احمد مد ظلہ کو مشرق و مغرب کے مشائخ سے نعمت ملی تھی۔ منقول ہے کہ ایک مرد صالح نے شیخ احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کے ابتدائے حال میں خواب دیکھا کہ بابا فرید الحق والدین اجودھنی قُدِّسَ سِرُّہ کے دادا پیر شیخ المشائخ حضرت خواجہ معین الدین قُدِّسَ سِرُّہ ہمارے شیخ کے حجرے میں قیام فرماہیں اور حضرت سلطان الہند کے دست مبارک میں ایک فرش ہے جسے آپ زمین پر بچھانا چاہتے ہیں۔ وہ شخص کمر بستہ ہو کر کمرے میں داخل ہوئے اور چاہا کہ چٹائی بچھانے میں حضرت غریب نواز کی مدد کرے۔ تو آپ نے فرمایا کہ سلیقہ سے رکھی ہے یعنی کسی کے سہارے کی ضرورت نہیں کہ چٹائی سلیقہ سے رکھی ہوئی ہے۔ اسی وقت ان کی آنکھ کھل گئی اور انہوں نے اپنی اہلیہ سے تذکرہ کیا تو اس نے کہا کہ شیخ احمد سلمہ اللہ کا مرتبہ کہاں تک جا پہنچا ہے۔

(شرح رسالۂ مغربیہ - قلمی، ص: ۱۵۴)

اور جنہوں نے مذکورہ بالا خواب دیکھا وہ قاضی فخر الدین حاکم کھٹو تھے جیسا کہ "مرقاۃ الوصول" میں قدرے تغیر کے ساتھ یہ خواب مذکور ہے اور اس میں بالتصریح قاضی فخر الدین کا نام مذکور ہے۔ (مرقاۃ الوصول، ص: ۱۴۴)

مقام و مرتبہ:

حضرت شیخ احمد کھٹوی قُدِّسَ سِرُّہ کا بارگاہِ خداوندی میں مقام و مرتبہ بہت ہی بلند تھا اور بارگاہِ رسالت کے آپ بے حد محبوب اور مقرب تھے۔ اسی وجہ سے مشائخ عصر آپ کا بے حد احترام کرتے تھے اور آپ کی

خدمت میں بڑی تعظیم و تکریم کے ساتھ پیش آتے۔

سطورِ ذیل میں اس حوالہ سے دوواقعات پیش کیے جاتے ہیں:-

(۱) قطب بنگال شیخ نور پنڈوی (متوفیٰ:۸۱۳ھ) کا ایک مرید تین سیر مصری اور ایک نافۂ مشک لے کر آپ کی خدمت میں خانجہاں کی مسجد (دہلی) میں آیا۔ ان دنوں آپ اس مسجد میں سخت ریاضت و مجاہدات کر رہے تھے۔ وہ عرض گزار ہوا کہ میں شیخ نور پنڈوی کا مرید ہوں اور بسلسلۂ تجارت دہلی آتا رہتا ہوں۔ اب کی مرتبہ جب پنڈوہ واپس ہوا اور قدم بوسی کے لیے شیخ نور کے پاس حاضر ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ دہلی میں کن کن مشائخ سے ملاقات کی؟ میں نے سب کے نام گنائے۔ تو شیخ نے پوچھا کہ حضرت شیخ احمد کھٹوی سے بھی ملاقات کی؟ میں خاموش رہا۔ پھر فرمایا کہ اگر ان سے نہ ملے تو تمہارا دہلی جانا بے کار ہے۔ جب میں نے یہ سنا تو بے قرار ہو گیا اور سامان سفر مہیا کر کے دوبارہ دہلی آیا اور اپنے مرشد کے حکم پر آپ کی قدم بوسی کی سعادت حاصل کی۔ حالاں کہ نہ شیخ نور نے آپ کو کبھی دیکھا تھا نہ کبھی آپ نے ان کو دیکھا تھا۔

(تحفۃ المجالس، مجلس:۱، ص:۲-۳)

(۲) آپ کی ایک مریدہ بہت ہی پارسا و نیک خاتون تھیں، اس نے آپ کو بعد وصال خواب میں دیکھا تو عرض کیا کہ آپ کے ساتھ کیا سلوک ہوا؟ آپ نے فرمایا کہ مجھے حضرت سلطان المشائخ نظام الدین والاولیا قُدِّسَ سِرُّہ (متوفیٰ:۷۲۵ھ) کے مرشد حضرت شیخ العالم بابا فریدالحق والدین اجودھنی گنج شکر قُدِّسَ سِرُّہ (متوفیٰ:۶۶۶ھ) کا مرتبہ دیا گیا۔ (مرقاۃ الوصول، ص:۱۵۱)

حملۂ تیمور:

حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ کا اہل ہند، خصوصاً اہل دہلی پر ایک بہت ہی عظیم احسان ہے جس نے آپ کے نام کو تاریخ ہند میں زندہ و تابندہ کر دیا۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ جب امیر تیمور گورگانی[1] ۸۰۱ھ /

---

(۱) امیر تیمور گورگانی بن تراغائی جس کو تیمور لنگ بھی کہتے ہیں۔ ترکی زبان میں تیمور کے معنی لوہا اور گورگانی کے معنی داماد شاہی ہے۔

۱۳۹۸ء میں سیلاب بلاخیز بن کر ہندوستان کے شہروں کو روندتا اور تخت و تاراج کرتا ہوا دہلی پہونچا، اس وقت آپ دہلی ہی میں خانجہاں کی مسجد میں مقیم تھے اور کچھ بزرگوں کو حملۂ تیموری سے پیش تر ہی دہلی کی تباہی کے بارے میں اشارہ کر دیا گیا تھا، حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ انہی بزرگوں میں سے تھے اور آپ نے اپنے متعلقین اور عقیدت مندوں کو پیش آمدہ افتاد سے آگاہ بھی کر دیا تھا اور بیشتر حضرات منتقل ہو گئے تھے مگر آپ حکم ربانی سے دہلی میں رہے۔

چنانچہ "تحفۃ المجالس" میں ہے کہ ایک رات مجھے دکھایا گیا کہ دہلی پر قہرِ الٰہی نازل ہونے والا ہے۔ صبح کو حسب دستور جب شیخ صدو آئے تو میں نے ان کو مشورہ دیا کہ تیار ہو جاؤ اور اپنے اہل و عیال کو لے کر جون پور کی طرف نکل جاؤ۔ صدو نے پوچھا کہ آپ خود کس طرح رہیں گے؟ میں نے کہا کہ دہلی کی عام مخلوق کے ساتھ بسر کروں گا پھر صدو کو الوداع کیا اور وہ جونپور کی طرف روانہ ہو گئے۔ (تحفۃ المجالس، مجلس:۳، ص:۶)

اور "آب کوثر" میں ہے کہ تیمور کے حملہ سے کچھ عرصہ پہلے حضرت سید گیسو دراز قُدِّسَ سِرُّہ (متوفی:۸۲۵ھ) نے رویائے صادقہ میں مغلوں کی آمد اور دہلی کی بد نظمی سے واقفیت پائی اور انہوں نے بہت سے لوگوں کو خبر دار کر دیا۔ چنانچہ مولانا خواجگی ان سے یہ اطلاع پانے پر تیموری حملہ سے پیش تر ہی کالپی چلے

جب وہ ماوراء النہر پر قابض ہوا اور وہاں کی شہزادی سے نکاح کیا تو اس نے اپنا لقب "گور گانی" رکھا۔ وہ ایک ترک قبیلہ "برلاس" سے تعلق رکھتا تھا۔ تیمور کا نسب ماں کی طرف سے چنگیز خان سے جاملتا ہے۔ وہ سمرقند کے قریب ایک گاؤں "خواجہ اَیلغار" میں ۲۵، شعبان ۷۳۶ھ کو پیدا ہوا جو ماوراء النہر کے شہر "کیش" کی عملداری میں واقع ہے، اسے "شہر سبز" بھی کہتے ہیں۔ اس نے اپنی زندگی میں ۴۲ ممالک فتح کیے۔ اس میں ایک خصوصیت یہ تھی کہ وہ بیک وقت دونوں ہاتھوں سے کام لے سکتا تھا، وہ ایک ہاتھ میں تلوار اٹھاتا تھا اور دوسرے ہاتھ میں کلہاڑا۔ اس نے مسلسل ۳۶ سال تک فتوحات اور لشکر کشی کا سلسلہ جاری رکھا۔ مگر ان سب کے باوجود وہ انتہائی ظالم، سخت گیر اور سفاک تھا، لاکھوں لاکھ بے قصور لوگوں کا قتل عام کرایا، انتقام کی شدت میں وہ شہر کے شہر ڈھا دیتا اور آگ لگا دیتا تھا۔ آخر عمر میں چین کو فتح کرنے کے ارادے سے روانہ ہوا مگر زندگی نے وفا نہ کی اور ۱۷، شعبان ۸۰۷ھ کو مقام اُترار میں مر گیا۔ بعض مؤرخین نے مقام انزار لکھا اور بعض نے انذار لکھا۔ اس نے اپنی یادداشتوں کا ایک مجموعہ مرتب کیا ہے جس کا نام "تُوزُک تیموری" ہے۔

گئے۔ شیخ احمد کھٹو کو بھی اسی طرح کا اشارہ ہوا اور انہوں نے اپنے مریدوں اور معتقدوں کو جونپور بھجوا دیا۔ لیکن خود دہلی میں مقیم رہے تا کہ خلق خدا کا ساتھ دیں۔ "مارا موافقت خلق باید کرد"۔ (آب کوثر، ص:۴۴۵)

اس وقت دہلی پر سلطان محمود شاہ تغلق (عہدِ سلطنت: ۷۹۶ تا ۸۱۵ھ / ۹۴-۱۳۹۳ تا ۱۴۱۳ء) کی حکومت تھی۔ محمود شاہ بھی اپنے اندر تیموری حملہ کی تاب نہ پا کر گجرات چلا گیا اور تختِ دہلی امیر تیمور کے لیے بالکل خالی ہو گیا اور پھر اس تاتاری حاکم نے دہلی میں ظلم و ستم کی ایسی داستان رقم کی جس کی مثال کسی بادشاہ کے دور میں نہیں ملتی ہے۔ لاکھوں کی تعداد میں قتل عام کرایا، ہزاروں لوگوں کو قید کیا، گھروں کو کھود کھود کر خزانے نکالے۔ غرضیکہ دہلی کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ ایسے نازک حال میں حضرت شیخ احمد کھٹو قدّس سرّہٗ ہی کی وہ ذات تھی جس نے امیر تیمور سے ملاقات کی اور اس کو امر بالمعروف کرنے کے لیے سمرقند تک گئے، وہاں کے علما سے بحث و مباحثہ کر کے سب پر غالب آئے اور امیر تیمور بھی آپ کے فضائل و کمالات دیکھ کر آپ کا بے حد معتقد ہو گیا اور بالآخر آپ کی سفارش پر اس نے تمام قیدیوں کو رہا کر دیا۔

چنانچہ "منتخب التواریخ" میں ہے:

"دریں اثنا، سپاہی چند را مردمِ شہر کشتند۔ روزِ چہارم حکم بندِ عام فرمود و ہمہ را بجانب ماوراء النہر برد تا عاقبت "شیخ احمد کھتو" کہ روضۂ او در سر خیز گجرات قریب بہ احمد آباد مشہور است، ہمراہ آن لشکر رفتہ وصاحبقرانے رادیدہ، حالت درویشی و فضیلت علم خود را ظاہر ساخت و باعلما و فضلائے عسکرِ ماوراء النہر بحثہا کردہ الزام داد و شفاعت اسیران نمود و صاحبقرانے رانسبت باو اعتقاد تمام پیدا شد و ملتمس اورا قبول کردہ ہمہ بندیان راخلاص داد۔"

یعنی اسی دوران اہل شہر نے چند سپاہیوں کو قتل کر دیا۔ چوتھے دن تیمور نے عام گرفتاری کا حکم دے دیا اور سب کو ماوراء النہر کی جانب لے گیا حتیٰ کہ آخر کار شیخ احمد کھٹو رحمۃ اللہ علیہ جن کا مزار سر کھیج (گجرات) میں احمد آباد کے قریب مشہور و معروف ہے، اس لشکر کے ہمراہ گئے اور امیر تیمور سے ملاقات کی اور اپنی درویشی اور علم و فضل کے خوب جوہر دکھائے اور ماوراء النہر کے علما و فضلا سے بحث و مباحثہ کر کے لاجواب کر دیا

اور قیدیوں کی سفارش کی۔ امیر تیمور کو چونکہ آپ سے کامل عقیدت پیدا ہو گئی تھی اس لیے آپ کی درخواست قبول کر کے تمام قیدیوں کو رہائی دے دی۔ (منتخب التواریخ-فارسی:۱/۱۸۶)

اور "آب کوثر" میں ہے:

"جب دہلی میں شہریوں نے اس کے چند سپاہی قتل کر دیئے اور تیمور نے حکم دیا کہ شہریوں کو قید کر کے ماوراء النہر لے جایا جائے تو حضرت شیخ احمد کھتو رحمۃ اللہ علیہ کی سفارش پر اس نے انہیں رہا کر دیا"۔ (آب کوثر، ص:۴۴۴)

بقول مولانا عبد القادر بدایونی: "بلا شبہ شیخ کا اہل ہند پر بڑا احسان ہے"۔ (منتخب التواریخ-اردو:۱۷۱)

گجرات میں قیام:

سمر قند میں تقریباً سات ماہ قیام کرنے کے بعد آپ ہندوستان کی طرف لوٹے اور راہ میں بلخ، چشت، ہرات، قندھار اور ملتان کی سیر و سیاحت کرتے ہوئے جیسل میر پہنچے پھر وہاں سے دہلی ہوتے ہوئے ماہ رجب ۸۰۲ھ میں پٹن (گجرات) تشریف لائے جو اس زمانہ میں گجرات کا پایۂ تخت تھا۔ اور وہاں سے "سرکھیج" آئے جو احمد آباد سے مغربی جانب ایک بڑا قصبہ ہے اور فی الحال حدود شہر کی بے پناہ توسیع کے باعث اس کا ایک حصہ بن چکا ہے اور تا دم حیات یہیں مقیم رہے اور خلقِ خدا کو فیضیاب فرماتے رہے۔ ان دنوں حکومتِ گجرات سلطنت دہلی کی طرف سے ظفر خان کے سپرد تھی۔

"اخبار الاخیار" میں آپ کی گجرات تشریف آوری کا حال اس طرح درج ہے کہ:

"ظفر خان کہ از جانب سلطان فیروز حاکمِ شہر نہر والہ بود و آخر بسلطان مظفر ملقب شدہ بادشاہ گجرات شد، بمشاہدۂ آثار برکات و بعلاقۂ آشنائی کہ در دہلی بخدمت شیخ داشت، تکلیف اقامت آں دیار نمود و بر توطنِ آں مزاحم شد۔ پس در قصبۂ سرکھیج اختیار اقامت نمود و ابوابِ فتوح و برکاتِ ظاہر و باطن بروے مفتوح گشت و خلق آں دیار بانوارِ عقیدت و محبتِ وے مملو شدند۔"

یعنی ظفر خان جو فیروز شاہ تغلق کی جانب سے نہر والہ (پٹن) کا حاکم تھا[1] اور بالآخر مظفر شاہ کا لقب اختیار کر کے گجرات کا بادشاہ ہوا اس نے آپ کے ورود مسعود کی برکتوں کے اثرات دیکھ کر آپ سے ان دوستانہ تعلقات کی بنیاد پر جبکہ آپ دہلی میں مقیم تھے، مجبور کیا کہ گجرات میں مستقل سکونت اختیار کر لیں۔ لہذا، آپ قصبہ سر کھیج میں سکونت پزیر ہوئے۔ فتوح اور ظاہری و باطنی برکتوں کے دروازے آپ پر کشادہ ہو گئے اور اس علاقہ کے لوگ آپ کی محبت و عقیدت کے انوار سے معمور ہو گئے۔ (اخبار الاخیار، ص:۱۵۷)

اور گجرات میں آپ کو قبول عام اور شہرۂ دوام حاصل ہوا۔

---

(۱) **اقول:** یہ وہ ظفر خان نہیں جو فیروز شاہ تغلق کی جانب سے گجرات کا حاکم تھا بلکہ یہ ظفر خان وہ ہے جسے فیروز شاہ کے بعد محمد شاہ تغلق نے گجرات کا حاکم بنا کر بھیجا تھا —— اس اجمال کی مختصر تفصیل یہ ہے کہ ۷۵۸ھ میں ظفر خان فارسی سنار گاؤں سے آکر فیروز شاہ کا نائب وزیر ہوا۔ ۷۷۲ھ میں فیروز شاہ نے ٹھٹھہ کے قلعہ کا محاصرہ کیا مگر بارش کی کثرت کی وجہ سے محاصرہ اٹھا کر وہاں سے گجرات گیا اور گجرات کا حاکم اس وقت نظام الملک تھا۔ بارش کا موسم اس نے وہیں گزارا۔ موسم باراں ختم ہوتے ہی دوبارہ ٹھٹھہ کی طرف متوجہ ہوا اور نظام الملک کو نائب وزیر بنا کر دہلی روانہ کیا اور گجرات کی حکومت ظفر خان کے حوالہ کی۔ پھر ۷۷۳ھ میں ظفر خان کا انتقال ہو گیا تو اس کے فرزند اکبر دریا خان کو ظفر خان کا لقب دے کر گجرات کی صوبہ داری سپرد کی۔ ۷۷۸ھ میں شمس الدین دامغانی کو سلطنت گجرات دی گئی پھر اس کے بعد فرحت الملک عرف ملک مفرح کو گجرات کی عملداری تفویض کی گئی۔ ۷۸۹ھ میں فیروز شاہ کا شہزادہ محمد خاں عرف ناصر الدین محمد شاہ دہلی کا فرماں روا ہوا اور اس نے ملک یعقوب کو سکندر خان کا خطاب دے کر گجرات کا حاکم مقرر کیا مگر ملک مفرح نے سکندر خان کو قتل کر دیا اور بغاوت پر آمادہ ہو گیا، تب ۷۹۳ھ میں محمد شاہ نے ظفر خان بن وجیہ الملک کو سلطنت گجرات پر مامور کیا۔ پھر جب ۸۱۰ھ میں تغلقی سلطنت کا بالکل خاتمہ ہو گیا تو امرا و اعیان سلطنت کے اصرار پر ظفر خان نے گجرات کی خود مختار سلطنت کا اعلان کیا اور مظفر شاہ کا لقب اختیار کیا۔ اس کا باپ پہلے غیر مسلم تھا اور اس کا نام سدھارن تھا اور قصبہ تھانیسر کے کسی گاؤں کا باشندہ تھا۔ اس کی بہن سے فیروز شاہ نے شادی کر لی اور پھر سدھارن سلطان کے ہمراہ دہلی آیا۔ وہ سلطان کا مشروب دار تھا، جلد ہی مشرف باسلام ہو گیا اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت قدس سرہ کا مرید ہو گیا۔ سلطان نے اسے وجیہ الملک کا خطاب دیا۔ ظفر خان ۲۵، محرم الحرام ۷۴۳ھ بروز یک شنبہ دہلی میں پیدا ہوا اور فیروز شاہ کے گروہ امرا میں داخل ہوا اور فیروز شاہ اور اس کے بعد شاہان تغلق کا معتمد علیہ رہا۔ اس نے حضرت مخدوم جلال الدین جہانیاں جہاں گشت کی غلامی قبول کی اور حضرت مخدوم کا بڑا نیاز مند اور عقیدت مند تھا۔ حضرت مخدوم نے اس کی خدمت سے متاثر ہو کر اسے اور اس کی اولاد کو گجرات کی حکومت انعام میں بخشی تھی۔

"مرقاۃ الوصول" میں حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ کا پٹن سے سرکھیج تک سفر بڑی تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔ بنظر اختصار قصداً اس کو یہاں نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ شائقین حضرات اسی کتاب کی طرف رجوع کریں۔

سلاطین گجرات کی عقیدت:

مظفر شاہ (عہدِ حکومت: ۸۱۰ تا ۸۱۳ھ) آپ کے ساتھ بہت عزت اور احترام سے پیش آتا تھا۔ اس کے بعد اس کا پوتا احمد شاہ (عہدِ حکومت: ۸۱۳ تا ۸۴۵ھ) بھی آپ سے بے حد عقیدت رکھتے تھے باوجودیکہ سلطان احمد حضرت شیخ رکن الدین کانِ شکر قُدِّسَ سِرُّہ [۱] کے مرید تھے اور یہی در حقیقت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ کے عروج و اقبال کا زمانہ ہے حتیٰ کہ احمد آباد کا سنگ بنیاد بھی سلطان احمد نے آپ کے مشورہ اور اذن سے ۸۱۳ھ میں رکھا۔

"مرآت سکندری" میں ہے:

"سلطان احمد حضرت قطب المشائخ شیخ رکن الدین کانِ شکر نبیرۂ حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر کا مرید تھا۔ لیکن شیخ احمد سے نسبت اعتقاد زیادہ تھی۔ چنانچہ ایک رات استنجے کا ڈھیلا حضرت شیخ کے ہاتھ میں دیا، چوں کہ رات کا اندھیرا تھا، فرمایا: صلاح الدین (شیخ کے خادم) ہے؟ کہا: نہیں بلکہ احمد شاہ۔ شیخ نے فرمایا: "شاہ نیک بخت "یعنی نیک بخت بادشاہ ہو"۔ (مرآۃ سکندری، ص:۵۶)

اسی کتاب میں ایک دوسری جگہ ہے:

---

(۱) آپ کا نام مودود، کنیت ابو المظفر، رکن الدین خطاب اور کان شکر لقب ہے۔ نسباً فاروقی ہیں اور حضرت قطب المشائخ بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلۂ نسب سے منسلک ہیں۔ رکن الدین مودود بن علم الدین محمد بن علاء الدین یوسف بن بدر الدین سلیمان بن شیخ فرید الدین مسعود قُدِّسَتْ اَسْرَارُھُمْ اور شیخ محمد زاہد چشتی کے خلیفہ ہیں۔ ولادت ۷۰۵ھ میں ہوئی اور وصال ۲۲، شوال المکرم ۸۱۱ھ میں ہوا، یہ روایت اذکارِ ابرار کی ہے اور مرآت احمدی کے ترجمہ میں ہے کہ ۲، شوال ۸۴۲ھ میں وصال ہوا۔ آپ کا مزارِ مبارک نہروالہ قدیم پاٹن میں ہے۔

"اسی مبارک انجام سال (۸۱۳ھ) میں کہ اس کی تاریخ "باخیر" سے نکلتی ہے، اساول کے قریب محققوں کے چانداور صدیقوں کے چراغ شیخ احمد گنج بخش کے اذن واجازت سے احمد آباد کے عظیم شہر کی تعمیر و آبادی شروع کی"۔ (مرآۃ سکندری، ص:۲۸)

اور حضرت سلطان احمد کو حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ سے جو گہری عقیدت ووابستگی تھی، اس کے کئی واقعات "مرقاۃ الوصول" میں مذکور ہیں۔ اور احمد شاہ کے بعد ان کا شہزادہ محمد شاہ (عہدِ حکومت: ۸۴۵ تا ۸۵۵ھ) بھی آپ سے حد درجہ عقیدت رکھتا تھا بلکہ تخت سلطنت پر بیٹھنے کے بعد آپ کا مرید بھی بن گیا تھا اور گاہے بگاہے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر فیض یاب ہوا کرتا تھا۔

مولانا محمد بن ابی القاسم "مرقاۃ الوصول" میں رقم طراز ہیں:

"جب سلطان احمد کا وصال ہوا اور سلطان محمد کو حضرت شیخ احمد نے اپنے ہاتھ سے تخت پر بٹھایا تو چند دنوں کے بعد وہ سر کھیج آکر مرید ہو گیا اور شیخ نے اسے کلاہ بھی مرحمت کی"۔

(مرقاۃ الوصول، ص:۸۸)

بادشاہوں کے تعلقات اور وابستگی کے باعث امرا، وزرا اور رعایا آپ کے گرویدہ اور دریوزہ ہو گئے تھے۔ غرضیکہ حضرت شیخ احمد کھٹو قُدِّسَ سِرُّہ کے تعلقات سلاطینِ گجرات خصوصًا سلطان احمد کے ساتھ بڑے خوشگوار رہے اور یہ تمام بادشاہان آپ کے معتقد و مطیع تھے۔

درحقیقت یہ اس جملہ کا اثر تھا جو حضرت شیخ اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ نے آپ کے حق میں فرمایا تھا کہ احمد! تو خاطر جمع رکھ، سلاطین تیری باتوں کے محتاج ہوں گے اور اس بشارت کی تعبیر تھی جو حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت قُدِّسَ سِرُّہ نے آپ کو سنائی تھی کہ "در ملک گجرات نصیبِ شمااست" جاؤ! کہ گجرات کی حقیقی بادشاہت تمہاری قسمت ہے۔

جود و سخا:

آپ کی طبیعت میں سخاوت و فیاضی کا عنصر بہت غالب تھا۔ اوائلِ عمر ہی سے آپ کے کشادہ دست کو

دیکھتے ہوئے ایک دفعہ حضرت شیخ اسحاق نے فرمایا کہ شیخ احمد بہت سخاوت کرتا ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ ہاتھ نیچا رکھنے کی نوبت آئے۔ آپ نے عرض کیا کہ بزرگوں کی دعاؤں سے ہمیشہ میرا ہاتھ اونچا رہے گا، کبھی نیچا نہ ہوگا۔ یہ سن کر آپ کے مرشد نے فرمایا کہ بابا احمد! میں نے فقط تم کو آزمایا۔ میں خدائے تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ ہمیشہ تمہارا ہاتھ بلند رہے اور مخلوق کا ہاتھ تمہارے نیچے رہے۔ (تحفۃ المجالس، مجلس:۲۱، ص:۳۷)

اور چونکہ بارگاہ نبوی سے دنیا کے خزانے آپ پر کھول دیے گئے تھے جیسا کہ سفر حج کے واقعہ میں گزرا۔ لہذا خراسان و عرب، ہند و سندھ ہر طرف سے آپ کی خدمت میں فتوح اور نذرانے روزانہ پیش ہوتے جنہیں آپ متعلقین و ملازمین، علما و سادات اور فقرا و مساکین پر تقسیم کر دیتے، علاوہ ازیں آس پاس کی بیوہ اور گوشہ نشین عورتوں کی فہرست تیار کر کے زر و نقد سے ان کی مالی امداد فرماتے۔ نیز آپ کا دستر خوان انتہائی وسیع تھا جس سے دولت مند، غریب، سلاطین و امرا سبھی سیر ہوتے اور جو کوئی آپ کی خانقاہ میں حاضر ہوتا کبھی خالی ہاتھ واپس نہ ہوتا بلکہ اسے کچھ نہ کچھ ضرور عنایت فرماتے۔

آپ کی سخاوت و فیاضی کا اندازہ اس بات سے بخوبی ہو سکتا ہے کہ خانقاہ کا سالانہ خرچ ایک لاکھ روپے سے بھی تجاوز کر جاتا۔ اتنے عظیم خرچ کو پہنچنے کے لیے فتوح و تحائف کے علاوہ شاہان گجرات کی طرف سے کئی گاؤں خانقاہ کے اخراجات کے لیے وقف تھے۔

مولانا محمد بن ابی القاسم جنھوں نے مسلسل تیس سال تک آپ کی صحبت میں رہ کر آپ کے شب و روز کا مطالعہ کیا لکھتے ہیں:

"شیخ کی عادت تھی کہ جب قحط سالی کا زمانہ ہوتا تو خود فاقہ کرتے اور اپنے آگے کی چیز فقرا کو دے دیتے جیسا کہ بارہا تجربہ ہوا اور فرمایا کرتے کہ فقیروں کی لذت یہی ہے۔ اور یہ بھی آپ کا دستور تھا کہ ہر ماہ یا دوسرے مہینے میں جب خانقاہ سرکھیج میں کچھ جمع ہو جاتا تو شہر کے فقرا، سادات، علما، نواب، جوگی، ہمسایہ، کولی بلکہ جس شخص نے بھی ہاتھ بڑھایا ہر ایک کو دیتے۔ متعدد قسم کے لوگوں کو خانقاہ میں جمع کرتے اور کسی کو چار گانی (اس دور میں تانبے کا سکہ) کسی کو پنج گانی، کسی کو کپڑا عنایت کرتے۔ غرض کوئی محروم واپس نہ جاتا، اس

پر بھی اگر بچ جاتا تو خدام اور نوکروں میں تقسیم کر دیتے اور ان لوگوں کو روزانہ ہر قسم کی نعمتیں دیتے۔ اور عورتیں ہر شب کو بعد عشا پہنچ جاتیں؛ کسی کو غلہ، کسی کو کپڑا اور کسی کو نقد دیتے اور کئی مہینے تو ملازمین کو نقد دے کر ہر محلہ میں بھجواتے کہ جو کوئی فقیر اور شکستہ حال معلوم ہو اس کو دو۔ اسی طرح سر کھیج کے حاکم کو ہر سال چاندی، سونا، کپڑے، زیور، قبائیں، دوشالے وغیرہ عنایت فرماتے اور حکم دیتے کہ بیوہ اور گوشہ نشین عورتوں کے نام لکھ کر لاؤ، وہ لکھ کر لاتے تو مال ان کے سپرد کر دیا جاتا"۔

(مرقاۃ الوصول، ص:۷۶-۷۵)

یہ صرف ایک اقتباس پیش کیا گیا ہے ورنہ "مرقاۃ الوصول" اور "تحفۃ المجالس" کی اگر سیر کی جائے تو ان میں آپ کے جود وسخا کا ایک بہتا ہوا آبشار نظر نواز ہو گا۔

وصال:

۱۴/ شوال المکرم ۸۴۹ھ بروز پنج شنبہ ۱۱۱ سال کی عمر میں آپ کا وصال ہوا اور اسی خانقاہ میں دفن کیے گئے۔

(مرقاۃ الوصول، ص:۲۶۱-۲۶۲؛ تحفۃ المجالس، مجلس:۵۷، ص:۱۲۸؛ ظفر الوالہ، دفتر اول:۱/۲)

حضرت مولانا محمد بن ابی القاسم نے آپ کی رحلت پر مندرجہ ذیل رباعی کہی:

افتاد در جہاں چہ بلائے عظیم وارد　　　قطب المشائخ احمد کھتو نقل کرد
روز خمیس چار دہم عید فطر بود　　　در ہیصدو چہل نہمیں سال فصل بود

(مرقاۃ الوصول، ص:۲۶۱-۲۶۲)

اور صاحب "معارج الولایۃ" نے آپ کا سن ولادت (۷۳۸ھ) "مخدوم اولیا" سے اور سال وفات (۸۴۹ھ) "مخدوم قطب اولیا" سے اور عمر مبارک (۱۱۱) "قطب" سے استخراج کی ہے۔

(خزینۃ الاصفیاء:۲/۳۱۹)

اور رسالۂ احمدیہ کے شارح شیخ ابو حامد اسماعیل بن ابراہیم نے آپ کی رحلت پر ایک مرثیہ قلمبند کیا

ہے جس میں آپ کی عمر اور تاریخ وصال کو کمال مہارت کے ساتھ جمع کیا ہے۔ یہاں اس کے چند اشعار ذکر کیے جاتے ہیں۔

إن حـزنا لنا ألـم ببالي نحن كالطين وهو مثل جبال

فـات منا ولا يـفـارقـنا هـمه بـالـغـدو الآصـال

أقـسـم الله لا عدو لـه إن فـرضتم العـدو فهو المال

طاء ميم علىٰ ثـمان مـائة كـان دال وياء من الشـوال

عمـره دل أنه قـطـب مات يوم الخميس قبل زوال

ترجمہ:

(۱) بے شک میرے دل پر ایک بڑا غم طاری ہوا، ہم مثل گل کے ہیں اور وہ کوہسار کی مانند ہیں۔

(۲) وہ ہمیں داغ مفارقت دے گئے مگر ان کا خیال صبح وشام ہم سے جدا نہیں ہوتا ہے۔

(۳) بخدا ان کا کوئی دشمن نہیں ہے، بالفرض اگر دشمن ہے تو وہ دولت ہے۔

(۴) طا اور میم کے عدد آٹھ سو میں ملاؤ، دال اور یا کا عدد شوال میں جوڑو۔

(۵) ان کی عمر نے نشاندہی کی کہ وہ قطب تھے اور جمعرات کے دن زوال سے قبل ان کا وصال ہوا۔

(شرح رسالۂ مغربیہ۔ قلمی، ص: ۳۵۱-۳۵۲)

ابجد کے حساب سے ط کے عدد (۹) اور م کے عدد (۴۰) ہیں جنہیں ۸۰۰ میں ملانے سے ۸۴۹ ہوتے ہیں۔ اس سے آپ کے سن رحلت کی طرف اشارہ ہوا۔ اور دال کا عدد (۴) اور یا کا عدد (۱۰) ہے جن کا ٹوٹل ۱۴ ہوا اور اس سے آپ کی تاریخ وصال ۱۴، شوال کی طرف اشارہ ہوا۔ اور آپ کی عمر ۱۱۱ سال کی ہوئی اور لفظِ قطب کا مجموعی عدد بھی ۱۱۱ ہے، گویا آپ کی عمر ہی نے آپ کا قطب ہونا بتا دیا۔ ان میں سے پہلا شعر اور آخر کے یہ دو اشعار حاجی دبیر نے بھی ظفر الوالہ میں نقل کیے ہیں۔

حضرت شیخ احمد کھٹو کے وصال پر ملال کے بعد شیخ صلاح الدین آپ کے جانشین ہوئے اور آستانہ

مبارک کی خدمت اور خانقاہ شریف کے جملہ امور ان کی تحویل میں آئے اور وہ پوری زندگی خانقاہ کا انتظام نہایت ہی حسن وخوبی سے چلاتے رہے۔

گنبد کی تعمیر:

محمد شاہ نے ۱۴۴۶ء میں آپ کے روضہ اور گنبد کی تعمیر شروع کی مگر موت نے مہلت نہ دی اور اس کا انتقال ہو گیا پھر اس کے لڑکے قطب الدین احمد شاہ (عہدِ حکومت:۸۵۵ھ تا ۸۶۳ھ) نے اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔(مرآۃ احمدی، ص:۸۵-۸۶)

اور اس مقبر پر بادشاہ نور الدین جہاں گیر (عہد حکومت:۱۰۴۰ھ تا ۱۰۳۷ھ/۱۶۰۵ء تا ۱۶۲۷ء) کے مہندس کے تخمینہ کے مطابق پانچ لاکھ روپے خرچ ہوئے۔(توزک جہاں گیری، ص:۲۵۲)

اور "اخبار الاخیار" میں ہے:

"روضۂ منورہ او مقاییست بغایت لطیف و منزہ و مصفاو مروح کہ نظائر او بر روئے زمین کم باشد"۔

یعنی آپ کا مزار پر انوار نہایت ہی پاکیزہ، صاف ستھرا اور ہوادار ہے کہ اس کی مثال دینا میں شاید ہی کہیں ہو"۔(اخبار الاخیار، ص:۱۵۶)

شجرۂ طریقت:

حضرت شیخ احمد کو حضرت بابا اسحاق مغربی سے سلسلۂ مغربیہ میں بیعت و خلافت حاصل تھی۔ یہ سلسلہ شیخ المغرب حضرت سیدنا ابو مدین مغربی قُدِّسَ سِرُّہ کی طرف منسوب ہے اور حضرت بابا اسحاق مغربی حضرت شیخ شمس الدین محمد کیمی مغربی سے بیعت و خلافت رکھتے تھے جو دو واسطوں سے حضرت شیخ ابو مدین کے مرید اور خلیفہ ہیں۔ اس طرح حضرت شیخ احمد کا شجرۂ طریقت چار واسطوں سے حضرت شیخ ابو مدین قُدِّسَ سِرُّہ سے جاملتا ہے۔ اور حضرت ابو مدین مغربی فرماتے تھے:"طريقتنا هذه أخذناها عن أبي يعَزَّى بسنده إلى الجنيد، بسنده للحسن البصري عن علي عن النبيﷺ"یعنی ہم نے یہ طریقہ حضرت ابو یعزی سے

حاصل کیا اس سند سے جو حضرت سیدنا جنید بغدادی تک اور ان سے حضرت سیدنا امام حسن بصری تک اور ان سے بذریعۂ حضرت سیدنا علی مرتضی، حضور ﷺ تک منتہی ہوتی ہے۔(نیل الابتہاج، ص:۱۹۵؛ تعریف الخلف، جلد-۱، حصہ-۲، ص:۱۱۴؛ البستان، ص:۱۱۰)

اب ذیل میں حضرت شیخ احمد کا شجرۂ مبارکہ درج کیا جارہا ہے جو شجرۂ حضرت مخدوم شیخ احمد نامی قلمی کتاب سے ماخوذ ہے۔

(۱) حضرت شیخ احمد گنج بخش مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۲) حضرت شیخ بابا اسحاق مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۳) حضرت شیخ شمس الدین محمد کیمی مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۴) حضرت شیخ ابو العباس احمد بن قریش تلمسانی مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۵) حضرت شیخ ابو محمد صالح دکاکی مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۶) حضرت شیخ ابو مدین بن شعیب مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۷) حضرت شیخ ابو یعزا مسعود اندلسی مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۸) حضرت شیخ ابو البرکات یمانی قُدِّسَ سِرُّہ

(۹) حضرت شیخ ابو الفضل بغدادی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۰) حضرت شیخ احمد غزالی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۱) حضرت شیخ ابو بکر بن عبد اللہ نسّاج طوسی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۲) حضرت شیخ ابو القاسم گرگانی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۳) حضرت شیخ ابو عثمان مغربی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۴) حضرت شیخ ابو علی بن کاتب قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۵)حضرت شیخ ابو علی روذباری قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۶)حضرت شیخ جنید بغدادی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۷)حضرت شیخ ابوالحسن سری سقطی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۸)حضرت شیخ معروف کرخی قُدِّسَ سِرُّہ

(۱۹)حضرت شیخ داؤد بن نصر الدین طائی قُدِّسَ سِرُّہ

(۲۰)حضرت شیخ حبیب عجمی قُدِّسَ سِرُّہ

(۲۱)حضرت شیخ حسن بصری قُدِّسَ سِرُّہ

(۲۲)حضرت امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

(۲۳)حضور نبیٔ کریم محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

شجرۂ مذکورہ سے واضح ہے کہ حضرت شیخ احمد کھٹو رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ ۲۱، واسطوں سے حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تک منتہی ہوتا ہے۔

راقم الحروف کو اسی قلمی کتاب میں حضرت علامہ عبد العزیز خالدی علیہ الرحمۃ کا ایک مجموعہ دستیاب ہوا جس میں انہوں نے مختلف شجرہائے طریقت کو منظور عربی میں ذکر کیا ہے، اسی میں حضرت شیخ احمد مغربی علیہ الرحمۃ کا شجرۂ مغربیہ بھی ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اسی پر اپنے مضمون کا اختتام کروں۔

فرماتے ہیں:

إمام المغربي هو شيخ أحمد　　رئيسا كان في الأوادينا

وشيخه أبو إسحاق زاهد　　وشمس الدين محمد حاجينا

أبو العباس شيخ من تلمسان　　محمد صالح الدكاك فينا

وشيـــخ عـــارف كامـــل مـــكمل	أبـــو مـــدين إمـــام المـغربيـــنا
أبـــو يـــعَزَّى أبـــو البركـــات كامـــل	أبـــو فضـــل مـــن البغـداديـــنا
وشيـــخه إمـــام أحـــمد غـــزالي	شيـــخه بـــو بـــكر نســـاج فينـــا
وشـــيخ بـــو عـــلي معـــروف كاتـــب	وكـــل كـــان هـــادي الطالبينـــا
وشـــيخ بـــو عـــلي الروذبـــاري	جنيـــد كـــان رأس الكاملينـــا
وشـــيخ مغلـــس سقـــطي ســـريّ	مـــن المـــعروف خـــير الكرخيينـــا
وداود بـــن نصـــر كـــان طـــائي	حبيـــب كـــان شـــيخ الأعجمينـــا
حـــسن بصـري شـيخ في الـمعارف	رئيـــس الكـــل رأس الســـالكينا
وشيـــخ الكـــل سيـــدنا عـــلي	إمـــام في المعـــارف واليـــقينا
وســـيدنا محـــمد منتـــهى الكـــل	رســـول الله هـــادي العـــالمينا
سئـلـــنا ربـــنا بهـــم اقتـــداء	فأعـــط يـــا مجيـــب السائليـــنا
تـفـضـــل ربـــي الله الجـــواد	عـــلى عبـــد العزيـــز وعـــالمينا
وأدركـنـــا بلـطـــفك يـــا إلهـــى	وألحـقـــنا بزمـــرة صـــالحينا
وأرجـــو منـــك رحمـــة كـــل عـــالم	فـــارحم أنـــت خيـــر الراحـــمينا
أتـــى عبـــد العزيـــز إليـــك ســـائلا	فجـــد أنـــت الجـــواد الأجودينـــا

تمت بالخير

☆☆☆

فہرست

مناقبِ شیخ ابو مدین مغربی قدس سرہ

۳- سلطان یعقوب منصور موحدی

۱۱-﴿شیخ ابراہیم بن شیبان قدس سرہ﴾

۱۲-﴿شیخ منصور بن خلف مغربی قدس سرہ﴾

۱۳-﴿شیخ ابوالخیر اقطع قدس سرہ﴾

۱۴-﴿شیخ ابو عثمان سعید بن سلاّم مغربی قدس سرہ﴾

۱۵-﴿شیخ ابوالحسن مغربی قدس سرہ﴾

۱۶-﴿شیخ ابوالنجم مغربی قدس سرہ﴾

۱۷-﴿شیخ ابواسحاق مغربی قدس سرہ﴾

۱۸-﴿ست الملوک مغربیہ قدس سرہا﴾

۱۹-﴿ایک مغربی درویش﴾

۲۰-﴿شیخ احمد مغربی قدس سرہ کے حالات زندگی﴾

[اجمالی]

[تفصیلی]

☆☆☆

المصادر والمراجع

١. آب كوثر لمحمد إكرام

٢. اتحاف السادة المتقين بشرح إحياء علوم الدين للعلامة مرتضى الزبيدي

٣. الآحاد والمثاني لابن أبي عاصم

٤. أحكام الدلالة على تحرير الرسالة القشيرية لشيخ الإسلام زكريا الأنصاري

٥. إحياء علوم الدين للإمام الغزالي

٦. أخبار الأخيار للشيخ عبد الحق الدهلوي

٧. الآداب للإمام البيهقي

٨. الأدب المفرد للإمام البخاري

٩. أساس البلاغة لجار الله الزمخشري

١٠. الأسرار المرفوعة في الأخبار الموضوعة للعلامة علي القاري

١١. الأسماء والصفات للإمام البيهقي

١٢. الإصابة في تمييز الصحابة للعلامة ابن حجر العسقلاني

١٣. الأعلام لخير الدين الزِرِكْلي

١٤. أنس الفقير وعز الحقير لأبي العباس أحمد الشهير بابن قنفذ القسنطيني

١٥. الأنساب للسمعاني

١٦. آئين أكبري لأبي الفضل ابن مبارك ناكوري

١٧. بحر الدموع للإمام أبي الفرج ابن الجوزي

١٨. البحر الرائق للعلامة زين الدين ابن نجيم المصري

١٩. البداية والنهاية للحافظ ابن كثير الدمشقي

٢٠. بريقة محمودية في شرح طريقة محمدية لأبي سعيد الخادمي

٢١. بستان العارفين للإمام أبي زكريا النووي

٢٢. البستان في ذكر الأولياء والعلماء بتلمسان لابن مريم الشريف المليتي

٢٣. بغية الطلب في تاريخ حلب لكمال الدين ابن العديم العقيلي

٢٤. بهار شريعت لصدر الشريعة العلامة أمجد علي الأعظمي

٢٥. بهار عجم... المولوي هادي علي

٢٦. بهجة الأسرار ومعدن الأنوار للإمام نور الدين الشطنوفي

٢٧. تاج العروس من جواهر القاموس للعلامة مرتضى الزبيدي

٢٨. تاج اللغة وصحاح العربية لأبي نصر الجوهري

٢٩. تاريخ بغداد لأبي بكر الخطيب البغدادي

٣٠. تاريخ دمشق للحافظ ابن عساكر

٣١. تثقيف اللسان وتلقيح الجنان لابن مكي الصقلي

٣٢. تحصيل التعرف في معرفة الفقه والتصوف للشيخ عبد الحق الدهلوي

٣٣. تحفة المجالس لمحمود بن سويد الأيرجي

٣٤. تخريج أحاديث العادلين من الرواة للإمام شمس الدين السخاوي

٣٥. تذكرة الموضوعات للعلامة محمد بن طاهر الفتني

٣٦. الترغيب والترهيب لأبي القاسم الأصفهاني

٣٧. الترغيب والترهيب للمنذري

٣٨. التشوف إلى رجال التصوف ليوسف بن يحيى التادلي المعروف بابن الزَيَّات

٣٩. تصحيح التصحيف وتحرير التحريف لصلاح الدين الصفدي

٤٠. تعريف الخلف برجال السلف لأبي القاسم محمد الـحَفْناوي

٤١. التعريفات للإمام الشريف الجرجاني

٤٢. تفسير البيضاوي للإمام ناصر الدين البيضاوي

٤٣. تفسير الجلالين للإمام جلال الدين السيوطي والإمام جلال الدين المحلي

٤٤. تفسير الصاوي للعلامة أحمد الصاوي

٤٥. تفسير النسفي للعلامة حافظ الدين النسفي

٤٦. تفسير روح البيان للعلامة الشيخ إسماعيل الحقي

٤٧. تقريب الأصول لتسهيل الوصول للسيد أحمد بن السيد زيني دحلان

٤٨. تقريرات الرافعي على حاشية ابن عابدين للعلامة عبد القادر الرافعي

٤٩. تنزيه الشريعة المرفوعة للعلامة نور الدين الكناني

٥٠. تهذيب الأسماء واللغات للإمام أبي زكريا النووي

٥١. تهذيب الكمال في أسماء الرجال للإمام الـمِزِّي

٥٢. توزك جهانكيري لملك المغول نور الدين جهانكير

٥٣. جامع الأحاديث للإمام جلال الدين السيوطي

٥٤. جامع كرامات الأولياء للشيخ يوسف بن إسماعيل النبهاني

٥٥. الجواهر الغوالي في ذكر الأسانيد العوالي لأبي حامد البُدَيْري

٥٦. حاشية الشهاب على تفسير البيضاوي للإمام شهاب الدين الخفاجي

٥٧. حاشية الطحطاوي على الدر المختار للعلامة أحمد بن محمد الطحطاوي
٥٨. حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح للعلامة أحمد بن محمد الطحطاوي
٥٩. حسن المحاضرة في تاريخ مصر والقاهرة للإمام جلال الدين السيوطي
٦٠. حلية الأولياء للإمام أبي نعيم
٦١. خزينة الأصفياء لغلام سرور اللاهوري
٦٢. خلاصة المفاخر في مناقب الشيخ عبد القادر للإمام أبي عبد الله اليافعي
٦٣. الدعاء للإمام الطبراني
٦٤. الدعوات الكبير للإمام البيهقي
٦٥. الديباج المُذَّهَب في معرفة أعيان علماء المذهب لابن فرحون اليعمري
٦٦. ديوان أبي مدين
٦٧. ديوان عبد الغني النابُلُسي
٦٨. الذيل والتكملة لكتابي الموصول والصلة لابن عبد الملك الـمَرَّاكُشي
٦٩. رد المحتار لخاتم المحققين العلامة ابن عابدين الشامي
٧٠. الرسالة الأحمدية في مناقب المشائخ المغربية للشيخ أحمد الكهتوي المغربي
٧١. الرسالة القشيرية للإمام أبي القاسم عبد الكريم القشيري
٧٢. رسالة صفي الدين ابن أبي المنصور
٧٣. روض الرياحين في حكايات الصالحين للإمام أبي عبد الله اليافعي
٧٤. زبدة الأسرار للشيخ عبد الحق المحدث الدهلوي
٧٥. الزهد الكبير للإمام البيهقي

٧٦. زوارف اللطائف شرح عوارف المعارف لسيدي المخدوم علي المهائمي
٧٧. سراج العوارف في الوصايا والمعارف لتاج العارفين أبي الحسين أحمد النوري
٧٨. سلوة الأنفاس ومحادثة الأكياس لمحمد بن جعفر الكتّاني
٧٩. سلوة العارفين وأنس المشتاقين لأبي خلف الطبري
٨٠. السلوك في طبقات العلماء والملوك لأبي عبد الله بهاء الدين الجُنْدي
٨١. سنن ابن ماجه
٨٢. سنن أبي داود
٨٣. سنن البيهقي
٨٤. سنن الترمذي
٨٥. سنن النسائي
٨٦. سير أعلام النبلاء للإمام شمس الدين الذهبي
٨٧. سير الأولياء للشيخ محمد بن المبارك الكرماني
٨٨. سيرت أحمدية لمولانا محمد بن أبي القاسم
٨٩. شجرة النور الزكية في طبقات المالكية لمحمد بن محمد مَخْلوف
٩٠. شجرۂ حضرت مخدوم شيخ أحمد للشيخ أحمد الكهتوي
٩١. شذرات الذهب في أخبار من ذهب لابن عماد الحنبلي
٩٢. شرح الألفية لابن عقيل
٩٣. شرح البخاري للعلامة ابن بطّال
٩٤. شرح الرسالة الأحمدية للشيخ أبي حامد إسماعيل بن إبراهيم

٩٥. شرح الرسالة القشيرية لشيخ الإسلام زكريا الأنصاري

٩٦. شرح الزرقاني للعلامة عبد الباقي الزرقاني

٩٧. شرح السنة للإمام البغوي

٩٨. شرح السير الكبير لشمس الأئمة السرخسي

٩٩. شرح الشرح للعلامة علي القاري

١٠٠. شرح العينية للعلامة حبيب أحمد بن زين الحبشي

١٠١. شرح النووي على صحيح مسلم

١٠٢. شرح تسهيل الفوائد لابن مالك

١٠٣. شرح ديوان الحماسة للمرزوقي

١٠٤. شعب الإيمان للإمام البيهقي

١٠٥. شفاء العليل وبل الغليل لخاتم المحققين العلامة ابن عابدين الشامي

١٠٦. الشكر لابن أبي الدنيا

١٠٧. صب الخمول لابن المِبْرَد الحنبلي الشهير بابن عبد الهادي

١٠٨. صحيح ابن حبان

١٠٩. صحيح البخاري

١١٠. صحيح مسلم

١١١. صد حكايات فارسي للسيد جعفر بدر عالم البخاري السهروردي

١١٢. الصراح من الصحاح لأبي الفضل جمال القرشي

١١٣. صفة الصفوة للإمام أبي الفرج ابن الجوزي

١١٤. طبقات الأولياء لابن الملقن

١١٥. طبقات السلمي

١١٦. طبقات الشافعية الكبرى للإمام تاج الدين السبكي

١١٧. طبقات الشعراني

١١٨. طبقات المناوي

١١٩. ظفر الواله بمظفر وآله لعبدالله بن عمر الآصفي

١٢٠. العاقبة في ذكر الموت لابن الخَرَّاط

١٢١. العِبَر في خبر من غَبَرَ للإمام شمس الدين الذهبي

١٢٢. عجائب المقدور في أخبار تيمور لشهاب الدين أحمد المعروف بابن عرب شاه

١٢٣. العطايا النبوية في الفتاوى الرضوية للإمام أحمد رضا البريلوي

١٢٤. العقد الثمين في تاريخ البلد الأمين لتقي الدين الفاسي المكي

١٢٥. عمدة القاري للإمام بدر الدين العيني

١٢٦. عمل اليوم والليلة للإمام النسائي

١٢٧. عنوان الدراية فيمن عرف من العلماء في المائة السابعة لأبي العباس الغِبريني

١٢٨. عوارف المعارف للشيخ شهاب الدين السهروردي

١٢٩. غياث اللغات للمولوي غياث الدين

١٣٠. الفتاوى الأمجدية لصدر الشريعة العلامة أمجد علي الأعظمي

١٣١. فتح الباري للعلامة ابن حجر العسقلاني

١٣٢. الفردوس للديلمي

١٣٣. الفصول المفيدة في الواو المزيدة لصلاح الدين العلائي
١٣٤. فضيلة الشكر للمحدث أبي بكر الخرائطي
١٣٥. فضيلة العادلين من الرواة لأبي نعيم الأصفهاني
١٣٦. فواتح الرحموت لملك العلماء بحر العلوم عبد العلي الأنصاري
١٣٧. الفوائد البهية في تراجم الحنفية لأبي الحسنات عبد الحي اللكهنوي
١٣٨. الفوائد الجليلة في مسلسلات ابن عقيلة لشمس الدين ابن عقيلة
١٣٩. الفوائد العجيبة في إعراب الكلمات الغريبة للعلامة ابن عابدين الشامي
١٤٠. فوائد الفؤاد للشيخ أمير حسين علي السجزي
١٤١. القاموس المحيط لمجد الدين الفيروزآبادي
١٤٢. القاموس من العربية إلى الإنجليزية
١٤٣. قرع الأسماع للشيخ عبد الحق المحدث الدهلوي
١٤٤. قلائد الجواهر في مناقب عبد القادر للعلامة محمد بن يحيى التاذفي
١٤٥. قواعد التصوف للشيخ أحمد الزَرُّوْق البُرنسي المالكي
١٤٦. الكاشف لحقائق السنن (شرح الطيبي على المشكاة)
١٤٧. الكامل في التاريخ للإمام ابن الأثير الجزري
١٤٨. كتاب الأماكن لزين الدين الهمداني
١٤٩. كتاب البلدان لأحمد بن إسحاق اليعقوبي
١٥٠. كتاب المدخل للإمام ابن الحاج المالكي
١٥١. كشاف اصطلاحات الفنون لمحمد بن علي الفاروقي

١٥٢. كشف الخفاء للعلامة العجلوني

١٥٣. كشف الظنون عن أسامي الكتب والفنون لحاجي خليفة القسطنطيني

١٥٤. كشف القناع عن أصول السماع لمولانا فخر الدين الزرّادي

١٥٥. كنز الدقائق للعلامة نجم الدين عمر النسفي

١٥٦. كنز العمال للشيخ علي المتقي الهندي

١٥٧. الكواكب السيارة في ترتيب الزيارة لمحمد بن محمد الشهير بابن الزيّات

١٥٨. گلزار أبرار لمولانا محمد الغوثي الشُطّاري

١٥٩. لب اللباب في تحرير الأنساب للإمام جلال الدين السيوطي

١٦٠. اللباب في تهذيب الأنساب للإمام ابن الأثير الجزري

١٦١. لسان العرب لابن منظور الرُوَيْفِعي

١٦٢. لسان الميزان للعلامة ابن حجر العسقلاني

١٦٣. لمعات التنقيح للشيخ عبد الحق المحدث الدهلوي

١٦٤. المحكم والمحيط الأعظم لابن سِيْدَه المُرْسي

١٦٥. مختار الصحاح لزين الدين الرازي

١٦٦. المختار من مناقب الأخيار للإمام ابن الأثير الجزري

١٦٧. مرآة الجنان وعبرة اليقظان للإمام أبي عبد الله اليافعي

١٦٨. مرآة الزمان في تواريخ الأعيان لشمس الدين أبي المظفر سبط ابن الجوزي

١٦٩. مرآت أحمدي لمحمد حسن بن محمد علي

١٧٠. مرآتِ سكندري لسكندر بن محمد المعروف بمنجهو

١٧١. مراصد الاطلاع على أسماء الأمكنة والبقاع لصفي الدين الحنبلي

١٧٢. مرقاة المفاتيح للعلامة علي القاري

١٧٣. مرقاة الوصول إلى الله والرسول لمولانا محمد ابن أبي القاسم

١٧٤. المسالك والممالك لأبي إسحاق الكرخي

١٧٥. المستدرك للحاكم أبي عبد الله النيشابوري

١٧٦. مسند البزار

١٧٧. مسند الشاميين للإمام الطبراني

١٧٨. مسند حنبل

١٧٩. مسند عبد بن حميد

١٨٠. المسند للحارث بن أسامة

١٨١. مشكل الآثار للإمام الطحاوي

١٨٢. المصنف لابن أبي شيبة

١٨٣. المعجم الأوسط لأبي القاسم الطبراني

١٨٤. معجم البلدان لياقوت الحموي

١٨٥. معجم الصحابة لابن قانع

١٨٦. المعجم الكبير لأبي القاسم الطبراني

١٨٧. المعزى في مناقب أبي يعَزَّى لأحمد التادلي الصومعي

١٨٨. المُغرِب في ترتيب المعرب للمُطَرِّزي

١٨٩. المغني في ضبط أسماء الرجال للعلامة الشيخ محمد طاهر الفتني

١٩٠. المفردات للإمام الراغب
١٩١. المقاصد الحسنة لشمس الدين السخاوي
١٩٢. مقاييس اللغة لأبي الحسين الرازي
١٩٣. المقفى الكبير لتقي الدين الـمَقْرِيزي
١٩٤. منتخب التواريخ للملا عبد القادر ابن ملوك شاه البدايوني
١٩٥. منتخب اللغات للسيد عبد الرشيد الحسينى التَتْوِى
١٩٦. المنتظم في تاريخ الملوك والأمم للإمام أبي الفرج ابن الجوزي
١٩٧. منتهى الأَرَب في لغة العرب لعبد الرحيم بن عبد الكريم الصفي پوري
١٩٨. المنهاج الواضح في كرامات أبي محمد صالح لأحمد بن إبراهيم الماجري
١٩٩. موارد الظمآن للإمام البيهقي
٢٠٠. المواهب اللدنية للعلامة أحمد القسطلاني
٢٠١. نتائج الأفكار القدسية للعلامة السيد المصطفى العروسي
٢٠٢. نزهة الخواطر وبهجة المسامع والنواظر لعبد الحي
٢٠٣. نفائس اللغات للمولوي أوحد الدين البلجرامي
٢٠٤. نفح الطيب من غصن أندلس الرطيب لأحمد بن محمد الـمَقَرِّي
٢٠٥. نفحات الأنس للعلامة نور الدين عبد الرحمن الجامي
٢٠٦. نقاء السلافة في أحكام البيعة والخلافة للإمام أحمد رضا القادري
٢٠٧. النهاية في غريب الحديث والأثر للإمام ابن الأثير الجزري
٢٠٨. نيل الابتهاج بتطريز الديباج لأحمد بابا التُـنْـبَـكْـتي

٢٠٩. الوافي بالوفيات لصلاح الدين الصَفَدي

٢١٠. وفيات الأعيان لابن خَلِّكان

٢١١. اليواقيت والجواهر في بيان عقائد الأكابر للإمام عبد الوهاب الشعراني.

Publisher
SADRUSH SHARIYA ACADEMY
Porbandar, Gujarat, India